(ISSN # 1814-9030)

تخلیقی ادب

Scanned by CamScanner

تخلیقی ادب

شمارہ ـ چار

(ISSN # 1814-9030)

مدیر اعلیٰ

بریگیڈیئر (ر) ڈاکٹر عزیز احمد خان

ریکٹر

مجلس ادارت

ڈاکٹر رشید امجد

عابد سیال

نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگوئجز، اسلام آباد

numl_urdu@yahoo.com

Scanned by CamScanner

[illegible]

[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]

[illegible]

[illegible]	[illegible] (ISSN # 1814-0030)
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	numl_urdu@yahoo.com

[illegible]

Scanned by CamScanner

ترتیب

اداریہ	بریگیڈیئر (ر) ڈاکٹر وحید احمد خان	11

*** تحقیق و تنقید ***

□

حالی کا اسلوبِ نثر — مقدمہ کے حوالے سے	ڈاکٹر حامدی کاشمیری	15
پریم چند کی ترقی پسندی اور "کفن"	ڈاکٹر عقیل احمد	28
مرزا یگانہ غزل کا جدید شاعر — ایک جائزہ	ڈاکٹر اسلم پرویز درانی	47
آج کی غزل میں انسانی رشتوں کی شکست	ڈاکٹر سید محمد عقیل	55
فراق اور مجروح کی عشقیہ شاعری کے اہم عناصر	ڈاکٹر پروین شاہین	68
کلامِ اقبال میں حضرت مرزا کی کارفرمائی	مولانا ابوالحسن ندوی	79
اردو ناول میں تصورِ وقت	تحسین زہرا	90
جدید ادب میں پاکستانیت کا شعور	ڈاکٹر پروین شبانہ	103
اردو شعر میں شخصیت کا تصور	ڈاکٹر اختر محمود چودھری	128
روایتی اور جدید افسانے کی تکنیک کا تقابلی جائزہ	ڈاکٹر فوزیہ اسلم	134
تمثیل نگاری — ایک خیال	مسرت علیم	148
اردو افسانے پر حقیقت نگاری کے اثرات	ذکیہ بیگ	155
مثنویاتِ میر — ایک تحقیق طلب مسئلہ	عبدالستار	167

□

انگریزی ادب اور پاکستانی طالب علم	بریگیڈیئر (ر) ڈاکٹر وحید احمد خان	181
پاکستان اور یورپ کے نو سامراج	ڈاکٹر قاسم کاشمیری	197
چارلس ڈکنز	ادیب سہیل	221
[illegible] — ایک مطالعہ	ڈاکٹر غلام شمس الرحمٰن	232
پاکستانی معاشرے کی پکار	احمد سہیل	241

خودی کی وجودیاتی جہات	ڈاکٹر [illegible] ملک	258
علامہ اقبال معتقد مولانا رومی	ڈاکٹر محمد سرفراز ظفر	266
علامہ اقبال کا غیر مطبوعہ خط	ہاشم شبیر خان	274
[illegible]	غلام ربانی [illegible]	284
[illegible] "مشکلات [illegible]"	[illegible]	297
بشیر حسن خان کا تحقیقی طریقہ کار	ڈاکٹر میاں مشتاق احمد	311
[illegible]	ڈاکٹر ضیاء الحسن	320
[illegible]	ڈاکٹر [illegible] عامر	333
رحمان مذنب کا اسلوب	ڈاکٹر ضیاء الحسن	360
"[illegible]" — ایک مطالعہ	ڈاکٹر [illegible]	367
صبا اکبرآبادی کے مرثیے "شباب" کا تجزیاتی مطالعہ	ناصر عباس [illegible]	383
شورش کاشمیری ـ انقلابی اور مزاحمتی شاعر	ڈاکٹر آصف [illegible]	391
[illegible] میں ڈاکٹر وزیر آغا کا حصہ	طارق حبیب	406
[illegible]	محمد عاصم	426
[illegible] کا تصور مشرق: تقابلی مطالعہ	شفیق انجم	441
[illegible]	[illegible]	451
[illegible]	[illegible]	467
[illegible] جہات	[illegible]	483
"[illegible]"	ڈاکٹر [illegible] اللہ	492
"[illegible]": [illegible]	ڈاکٹر [illegible] خان	497

انور سجاد کی کہانیاں	ڈاکٹر تسنیم کاشمیری	505
اردو زبان کے حوالے سے تین اہم کتابیں	ڈاکٹر عبدالکریم خالد	515
"نام میں کیا رکھا ہے"	جمیل آذر	526
سجاد شیخ کا ترجمہ	سجاد حیدر ملک	532
"ایک ماہر آثار کا خواب"	ڈاکٹر تسنیم کاشمیری	539
فیض کی شاعری اور ہمارا عصری ذہن	محمد حمید شاہد	541
سید ضمیر جعفری۔ سرحد میں اردو ادب کا محسن	تحریر: قاسم شاہد	548
ناول "مکتوب" کا تنقیدی جائزہ	حافظ قسیم اظہر	556

☐

حقوق العباد	ڈاکٹر ضیاء الحق	568
ریختہ گوئی۔ ایک تعارف	ڈاکٹر سید جاوید	585
قرآنی محاورات اور اردو زبان	اسامہ مقیم	599
اسلام کا تصور شاعری	محمد عرفان اللہ	607

*** تخلیقات ***

☐

وطن کی حرمت کا پاسبان ہواؤں کی ضرورت ہے	شاہد کوثری	623
دل نے یوں ہی ... سے ... پایا ہے	سید ظفر ...	624

☐

میری روشنی	وزیر آغا	625
کاغذ	وزیر آغا	626
زمین ...	ادیب سہیل	627
عکس روشنی (ساہیوال)	شمیم ...	628

Scanned by CamScanner

دعا	حامدی کاشمیری	630
تیرہ دن بازی	حامدی کاشمیری	631
طلوع	سعادت سعید	632
مارکیٹ اکانومی	جلیل عالی	635
تین	علی محمد فرشی	636
واقعہ ۸ اکتوبر ۲۰۰۵ء	ڈاکٹر نذیر تبسم	638
آنے والوں کے لیے ایک نظم	زاہد منیر عامر	639
تہی دامنی	احمد صغیر صدیقی	641
محبت	آفتاب ثاقب	642
قصہ آدمی	سرفراز اظہر	644
بے نشان	حمیدہ شاہین	646
مجھے اب تمہاری ضرورت پڑ گئی ہے	قاسم یعقوب	647
خود نوشت لکھ رہا ہوں	خلیق الرحمٰن	648
واسطے	تحسین زہرا	649
زوال عشق	ہلال نقوی	650
ذات کا سفر	نادیہ شاہ	651
زندگی رات سے معذرت	نسرین انجم	652
ورق	محمد ساجد نقاش	653
تمہاری یاد کے ہمراہ	ڈاکٹر گلناز بیگم	654
فرق	زاہد امداد	656
خموشی کی بولی	ستیہ پال آنند	657
اکیلا چاند	صفدر صدیق	658
نظم	ساجد بخاری	659
ادراک کامل	فیروز راشد شاہ	660

Scanned by CamScanner

[illegible] (Il castoro)	تبسم کاشمیری	661
[illegible]	تبسم کاشمیری	663
سیل	نصیر احمد ناصر	665
[illegible]	نصیر احمد ناصر	667
[illegible]	تحسین فراقی	668
[illegible]	بشریٰ اعجاز	670
[illegible]	منشا یاد	673
[illegible]	مسیح آہوجا	688
[illegible]	احمد جاوید	707
[illegible]	انور زاہدی	721
[illegible]	آغا گل	736
[illegible]	حمید قیصر	739
[illegible]	سلیم آغا قزلباش	745
[illegible]	بیگ احساس	756
[illegible]	شعیب خالق	766
[illegible]	طاہر نقوی	776
[illegible]	انور نسیم	780
[illegible]	خالد فتح محمد	784
[illegible]	[illegible]	791
لفظوں کا عذاب	نادیہ شاہد	795
گرداب	لیاقت علی	799
[illegible]	شفیق انجم	808

Scanned by CamScanner

قولِ فیصل — [illegible] — [illegible]
[illegible] — [illegible] — [illegible]
[illegible] — [illegible] — [illegible]

□

[illegible] — [illegible] — [illegible]
[illegible] — [illegible] — [illegible]
[illegible] — [illegible] — [illegible]
[illegible] — [illegible] — [illegible]
[illegible] — [illegible] — [illegible]
[illegible] — [illegible] — [illegible]

□

[illegible] — [illegible] — 856
[illegible] — [illegible] — 858
[illegible] — [illegible] — 859
[illegible] — [illegible] — 860
[illegible] — [illegible] — 861
[illegible] — آفتاب حسین — 862
[illegible] — آفتاب حسین — 863
[illegible] — ڈاکٹر محمد سرفراز ظفر — 864
[illegible] — ڈاکٹر [illegible] — 865
[illegible] — غالب عرفان — 866
[illegible] — صفدر سلیم سیال — 867
[illegible] — [illegible] — 868
[illegible] — [illegible] — 869
[illegible] — [illegible] — 870

[illegible]	[illegible]	871
[illegible]	[illegible]	872
[illegible]	[illegible]	873
[illegible]	[illegible]	874
[illegible]	[illegible]	875
[illegible]	[illegible]	876
[illegible]	[illegible]	877
[illegible]	[illegible]	878
[illegible]	[illegible]	879
[illegible]	[illegible]	880
[illegible]	[illegible]	881
[illegible]	[illegible]	882
[illegible]	[illegible]	883
[illegible]	[illegible]	884
[illegible]	[illegible]	885
[illegible]	[illegible]	886

□

[illegible]	[illegible]	887
[illegible]	[illegible]	891
[illegible]	[illegible]	912

□

[illegible]	[illegible]	914
[illegible]	[illegible]	916
[illegible]	[illegible]	917
[illegible]	[illegible]	918

Scanned by CamScanner

پھر سے وہی دھندلکوں نے اجالا سا کیا ہے	جلیل عالی	919
دیکھنا ہو تو نگاہوں سے ہیں بہت	نصیر احمد ناصر	920
نظر میں رنگ اتارا کہ خواب سا ل پہلے کل	احمد صغیر صدیقی	922
ذرا میں شیشے سے نازک ہوں نہ پتھر آدمی ہوں	ڈاکٹر نذیر تبسم	923
کیا ضروری ہے کوئی شعر سناؤں تازہ	مظفر نقوی	924
ہمیں آپ سے ہے محبت بہت	محبوب ظفر	925
ذرا دیکھو اور مشکل راستے دو کھول کر	ضیاء الحسن	926
حاصل انکشافات ہیں ہم لوگ	اخلاق عاطف	927
زندگی سے گزر جاتے جائیں گے	اسلم حجاب ہاشمی	928
وہ جو خواہش تھی کبھی دور بیٹھ کے لیے	قاضی حبیب الرحمٰن	929
کسی ستارے کی روشنی کے	جاوید کمال	930
جب سے وہ شخص میری یادوں کے باب میں ہے	سعید احمد	931
کاش اب کے بھی ملاقات میں وحشت پڑ جائے	رانا سعید دوشی	932
دیکھو یہ بھی کہیں ملاقات نہ ہو	اختر رضا سلیمی	933
شرط ہے کہ کوئی ہو جائے گا	علی یاسر	934
کسی پہ کھلتے ہیں دروازے	وجیہ الحسنین اقبال	935
کچھ دل سے صدا آتی ہے جب بھی تیری	محمد افضال بٹ	936
پہلے بھی آرزو سے جو مری نظر سے	خواجہ عمران الحق عمران	937
وحشت سے جل رہے کبھی کیا ہوا	سید عاطف کاظمی	938
لوگ کہتے ہیں ہمارے شہر میں ملانے کے	آصف نواز	939
جو کوئی روز محبت کو بیان کرتا ہے	جاوید حسین	940
جب اپنا دوست مگر ہوتا	ڈاکٹر اقبال دانش	941
بچھڑ کے اس سے عجب کیسے ہو گیا جائے	ادا ملک	942

اداریہ

بچہ ماں کے پیٹ سے مکمل بچے تک بچہ جس عمل سے گزرتا ہے اس کے بارے میں ایک ماہر ولادت خاص حد تک واقف ہوتا ہے لیکن وہ اس کرب کا اندازہ نہیں لگا سکتا جس سے اس عمل کے دوران بچہ گزرتا ہے۔ اسی طرح خیال لفظوں کا لباس پہننے کے لیے جس تخلیقی عمل سے دوچار ہوتا ہے اس کے بارے میں مختلف مراحل کا تذکرہ کیا جا سکتا ہے لیکن تخلیق کار کے کرب اور اس مسرت کو واضح نہیں بیان کیا جا سکتا جو ایک مرد تخلیق کے وجود میں آنے پر حاصل ہوتی ہے۔ یہی کیفیت ایک ماں کی بھی ہے۔ رحم مادر میں بچے کی نشوونما کے مختلف مراحل وہیں سائنس تو بے شک واضح کر سکتی ہے لیکن ایک ماں اس دوران جن خوابوں، تصوروں اور آدرشوں سے گزرتی ہوتی ہے اسے کوئی سائنس واضح نہیں کر سکتی۔

ادبی تخلیق بھی کسی خیال یا تصور کے جنم لینے سے عبارت ہے لیکن ادب کا تعلق چونکہ سماج اور اس کے خالق انسان سے ہے اس لیے لاشعور کے ساتھ ساتھ اس میں کچھ شعوری مراحل بھی شامل ہیں جن میں سب سے اہم نقطۂ نظر یا فلسفۂ حیات ہے۔ نظریہ سازی ہر بڑی تخلیق کے پس پشت موجود ہوتی ہے لیکن محض نظریہ سازی کی بنیاد پر بڑا ادب وجود میں نہیں آتا۔ اس کی ایک مثال سرسید کی اس تشبیہ سے دی جا سکتی ہے کہ خوشبو کے چند قطرے شخصیت کو نکھار دیتے ہیں لیکن اگر کوئی شخص پوری شیشی ہی اپنے پر الٹ دے تو یہی خوشبو ایک ناگوار بو کی صورت اختیار کر لیتی ہے۔ نظریۂ حیات، نقطۂ نظر اور دیگر فلسفہ ہائے زندگی بڑے ادب میں خوشبو کے چند قطروں کی طرح ہوتے ہیں۔ لینن نے گورکی کی 'ماں' کے حوالے سے اس سلسلے میں جو بات کی ہے اسے ہر نظریہ ساز کو غور سے سمجھنا چاہیے۔ اس نے کہا تھا کہ دنیا کا ہر بڑا ادب پروپیگنڈہ ہوتا ہے لیکن ہر پروپیگنڈہ ادب نہیں ہوتا۔ لیکن یہاں یہ بات بھی ملحوظ رہے کہ ہر دور کے کچھ تقاضے بھی ہوتے ہیں۔ نذیر احمد کے ناولوں کو آج کے فنی حوالوں سے جتنا بھی مقصدی کہا جائے وہ اپنے زمانے کی ضرورتوں کی پیداوار ہیں۔ اسی طرح

Scanned by CamScanner

Scanned by CamScanner

ادبی اصطلاح میں اور تنقیدی بحثیں اپنی جگہ لیکن تخلیقی عمل ایک الگ سلسلہ ہے جو اپنے عہد سے جڑا بھی ہوتا ہے اور اپنے ادب سے ماورا بھی۔ ہر بڑا ادیب اپنے زمانے میں جدید اور پھر کلاسیک کا حصہ بن جاتا ہے۔ یہی اس کا دوام اور اپنے عہد سے وابستگی ہے۔

☆

'تخلیقی ادب' کا چوتھا شمارہ پیشِ خدمت ہے۔ اس کا حسن لکھنے والوں کی کرم فرمائی کا مرہونِ منت ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ یہ جریدہ تخلیقی ادب کے ساتھ ساتھ تحقیقی و تنقیدی معیارات بھی قائم رکھے۔ زیرِ نظر شمارے میں بھی اس توازن کو برقرار رکھنے کی کوشش کی گئی ہے اور شمارے کا ایک بڑا حصہ تحقیقی و تنقیدی کاوشوں پر مشتمل ہے۔

بریگیڈیئر (ر) ڈاکٹر عزیز احمد خان

مدیرِ اعلیٰ

Scanned by CamScanner

ڈاکٹر حامدی کاشمیری

حالی کا اسلوبِ نثر
(مقدمے کے حوالے سے)

In a study of the development of Urdu Prose Hali's work carries a certain value and importance. His style is more pronounced in his *Muqaddama-e-Sher-o-Shairi*. It carries a strong indication to the prose writers of his followers who wanted to work in the field of criticism. While quite a lot of work has been done on biography and writing of sketches not much attention has been spared for the *Muqaddama* and its prose style. Here is an effort to compensate for the deficit.

اردو نثر کے تدریجی ارتقاء کے پس منظر میں حالی کی اسلوبِ نثر کی ادبی قدر و قیمت کی شناخت اور تعین کی جانب خاطر خواہ توجہ نہیں کی گئی ہے۔ مقدمہ شعر و شاعری اور ان کی دیگر نثری تصانیف کے ضمن میں سوانح عمریاں مشہور ہیں۔ یہاں تک متعدد مطالعے پیش کیے گئے ہیں۔ تاہم ان میں بحیثیت مجموعی ان کی تنقیدات یا سوانح نگاری کی حیثیت سے بحث کی گئی ہے۔ ان مطالعات کی اپنی اہمیت ہے تاہم حالی کی نثر نگاری کے تجزیاتی و تنقیدی مطالعے سے عدم توجہی ان کے ساتھ انصاف نہ کرنے کے مترادف ہے۔ کیونکہ یہ وہ ان کی انفرادیت کی قوت جو ان کی شخصیت کی قوت ہے اور جو حالی شناسی کے ضمن میں ایک بنیادی کام کرتی

Scanned by CamScanner

ہے کہ ان پر شبہ واثق ہے۔ زیادہ سے زیادہ یہ ہوا ہے کہ ان کی طرزِ نگارش کی خصوصیات کو بالعموم دو چار فقروں میں سمیٹا گیا ہے۔ سید عبداللہ نے البتہ حالی کے طرزِ تحریر کے بعض خواص کا ذکر کیا ہے۔ "سرسید اور ان کے رفقا" میں انھوں نے "حالی کی نثر کو سادہ عمدہ مختلف نثر کا بہترین نمونہ" قرار دیا ہے۔ سید عبداللہ کے علاوہ تقریباً ہر اس نقاد نے جس نے حالی پر قلم اٹھایا ہے، حالی کی نثر کی سادگی اور بے تکلفی کا ذکر کیا ہے یا سید عبداللہ ہی کی طرح حالی کی شخصیت اور اعتدال کو ان کی نثر نگاری کے اوصاف میں شمار کیا ہے۔ وارث علوی نے حالی پر پوری کتاب "مقدمہ حالی اور ہم" لکھ کر زیادہ سے زیادہ حالی کی نثر کے اسلوب کے حسن اور اس کی لطافت۔ اس کی نرمی اور ملائمت اور اس کی سادگی" کی بات کی ہے۔

ضرورت ہے حالی کی نثر نگاری کے بھرپور تجزیے اور اس کی تحسین قدر کا کام ابھی تک تشنہ ہے۔ اس مختصر سے مقالے میں میری یہ کوشش ہوگی کہ حالی کے نثری اسلوب کے خواص کا تجزیہ ایک نئے نظر سے کیا جائے کہ اس کی ادبی اور تاریخی اہمیت اجاگر ہو سکے۔ اس ضمن میں یہ دیکھنا مناسب ہوگا کہ خود حالی کے نزدیک نثری اسلوب کا کیا تصور تھا، اور پھر یہ بھی دیکھا جائے کہ انھوں نے اپنے تصور کو کس حد تک عملی شکل دی ہے۔ جس عہد میں حالی نے نثر نگاری کی جانب توجہ کی، وہ عہد سیاسی، سماجی اور تہذیبی اعتبار سے غیر معمولی تبدیلیوں سے عبارت تھا۔ حالی کی دیکھتی آنکھوں ۱۸۵۷ء کا ہنگامہ انقلاب برپا ہوا جس کے نتیجے میں صدیوں کی مغلیہ تہذیب اور اقتدار کا شیرازہ بکھر گیا اور ملک پر انگریز مسلط ہو گئے۔ انگریزوں نے اپنی بنیادوں کو مستحکم کرنے کے لیے اپنے ملک کی زبان، تعلیم اور ثقافت کو ملک کے طول و عرض میں متعارف کروانے کا بیڑا اٹھایا، یہاں تک کہ یہ دور مغربی تہذیب و فکر کے دور رس اثرات کے تحت لوگوں کے طرزِ فکر، رہن سہن، آدابِ زندگی اور ادبی نظریات میں گہری تبدیلیوں کا دور بن گیا۔ اس دور انقلاب میں سرسید جیسا بیدار

طرزِ معاشرت، خیال اور اعمال میں جو تغیر پیدا ہوا، اس نے قدیم ادب اور فن کی قدروں کو ماضی پرستی
کے روپ سے وسیع تر ہونے اور نئے سائنسی تقاضوں کو ایک نئی ترتیب و تنظیم دی۔
سرسید اور روایت پرست حلقوں کی مخالفتوں کے باوجود اپنے مقاصد میں سائنسی برکات
سے مستفیض ہونے کے لیے لوگوں کو ہم خیال بنانے میں کامیاب ہوئے۔ ان کی موثر اور
عہد آفریں شخصیت سے حالی بھی متاثر ہوئے۔ انہوں نے حالی کی ادبیات سے نئی روش ادب
میں روایتی اور افکار پر نظریات کی ہے "مقدمہ شعر و شاعری" لکھا۔ انہوں نے محسوس کیا کہ
اردو زبان اور شعر و ادب کو اپنی بقا اور ترقی کے لیے زمانے کے تقاضوں سے ہم آہنگ
ہونا ضروری ہے۔ اسی نقطہ نظر سے انہوں نے مقدمہ لکھا اور ادبی نثر سے معنوی اور لسانی
امکانات اور حد بندیوں کی توضیح کی۔ اسی نقطہ نظر کا اثر ہے کہ انہوں نے اپنے خیالات
و نظریات کے موثر اظہار کے لیے نثر میں ایک ایسا طرز نگارش اختیار کیا جو ادبی وقعت
سے آشنا کرانے اور اردو نثر میں اسے ایک مستقل حیثیت دلانے کا وسیلہ بن گیا اور یہ
وہ کام ہے جو حالی ہی سے ممکن ہو سکا اور اس کے بعد سے ترقی ملی۔ اس سے پہلے اردو نثری
اسالیب کی روایت نہ ہونے کے برابر تھی۔ دکن میں وجہی کی سب رس کے بعد شمالی
ہندوستان میں "کربل کتھا"، "نو طرز مرصع" اور "فسانۂ عجائب" جیسی داستانوں کی نثر مقفیٰ
و مسجع و منقش تھی۔ یہ تحریر و تنقید کی وضاحت اور تفہیم سے عاری ہے اور اسی نقص کے ساتھ
ہی ماضی کا حصہ بن گئی۔ تاہم فورٹ ولیم کالج کے زیر اہتمام نثر نگاری کی جو روایت میر
امن نے "باغ و بہار" میں اور پھر مرزا غالب نے خطوط کی صورت میں "عود ہندی"
اور "اردوئے معلی" میں قائم کی وہ اردو زبان کی فطری اظہار کے امکانات کی نشاندہی
کرتی ہے۔ "باغ و بہار" کے اسلوب میں روزمرہ اور محاورہ کی چاشنی ہے اور یہ بول چال
کی عام زبان سے بہت قریب ہے۔ غالب نے مراسلہ نگاری کو لفاظی، تکلف اور
تصنع سے پاک کر کے اپنے طرز تحریر کو بات چیت کی بے ساختگی عطا کی اور اس میں

Scanned by CamScanner

Scanned by CamScanner

شخصیت سے قطعی طور پر تعلق رکھتا ہے۔ اصل میں کوئی ادیب اپنی داخلی

باطنی شخصیت سے الگ نہیں کر سکتا ہے۔ ایسے میں وہ اپنی شخصیت کا اظہار اور

قلب کی کیفیت کرتا ہے۔ جو شخص ادبی امور اور اشکال کے بیان میں لگا ہوا ہے حالی کی

میں ان کی شخصیت کو غالب نہیں بلکہ شخصیت کے ان پہلوؤں پر اپنی نظر کو مرکوز

پر نظر ڈالتے ہوئے کہیں جو پایا ہے اس کو پیش کیا ہے۔ وہ خود شاعر اور ادب و تنقید سے

عوام سے گریز کرتے ہیں اور اس کے مقاصد اور اصول بیان کیا ہے۔ وہ اس میں دخل اور

اعتدال کا خاص خیال رکھتا ہے اور اس کے معیار کی پابندی کرتا ہے۔ تاہم ان کا

بیان محض شخصی یا محض جذباتی نہیں۔ وہ اپنے دلائل اور قواعد و ضوابط کو مختصر

اور وضاحت کے ساتھ پیش کرتے ہوئے اصول کی پابندی اور ان سے

متعلق رہتے ہیں۔ یہ ضرور ہے کہ وہ ذاتی خیالات اور تجربات کے اظہار میں

کی گہرائی کو نہیں چھوڑتے اور اس کے علاوہ وہ قواعد اور منطق کا لحاظ رکھتے ہیں

مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ ان کی تحریریں جذبات سے عاری ہیں۔ ان کے بیان میں

کی دلچسپی اور وضاحت کے ساتھ ساتھ جوش، تخیل اور اعتدال ہے جو ان کی شخصیت

کے مختلف پہلوؤں کو ظاہر کرتے ہیں۔ مثلاً

"ہمارے ملک میں فی زمانہ شاعری کے لیے صرف ایک شرط لازمی

موزوں طبع ہونا رہ گیا ہے۔ جو شخص چند بحروں کی ساری اصطلاحات جان

میں کلام موزوں کر سکتا ہے گویا اس کے شاعر بننے کے لیے کوئی

حالت منتظر نہیں رہتی۔ معمولی مضامین، معمولی تشبیہوں اور استعاروں

کو کسی قدر ردو بدل کے ساتھ اس کے لیے موجود ہی ہے۔ جن کو قدیم زمانوں

سے لوگ برابر باندھتے چلے آتے ہیں اور اتفاق سے وہ موزوں طبع بھی

ہیں۔ اب اس کے لیے اور کیا چاہیے۔"

شعر کو فنی اور خاص کر دینا چاہا کہ شعرائے عجم نے اس کو نہایت
عمدہ قیدوں سے جکڑ بند کر دیا ہے اور جو اس پر ایک اضافہ باقی
رہ گیا تھا وہ اس نے قوافی ادا کرنے سے پابند کیا ہے۔"
"بڑی خرابی یہ ہے کہ شعر کو زیادہ خوشنما بنانے کے لیے اس میں ایک اور
بڑی خرابی یہ ہے کہ شعر کی اصلیت باقی نہ رہے۔ وجہ اس کی یہ ہے
کہ شعر کو زیادہ خوشنما بنانے کے لیے اس کی اصلیت بھی جاتی
رہی ہے تو اس کی جگہ تخیل بھی آ جاتا ہے اور یہ دونوں فوت
ہو جاتی ہیں۔"
"سمندر میں رہتی ہے، جنگلے میں حاصل کی جاتی ہے، رقص کرتی ہے،
گرتے اڑتی ہے، سر اٹھاتی ہے، خون بہاتی ہے، جو رنگ کو دیتی ہے،
اس کی ماں، تیزی بھی اور حقیقت بھی۔ اب وہ کسی جال لگا کر
چڑیاں پکڑتا ہے، کبھی اس کو تیر مار کر گراتا ہے، کبھی ان کو زندہ
حلقے میں بند کرتا ہے، کبھی ان کے پر نوچتا ہے، کبھی ان کو ذبح
کرتے زمین پر تڑپاتا ہے   سارے چڑیاں مار اس کے آگے کمان
کھڑے ہیں۔"
"آج کل دنیا کا حال صاف اس درخت کا سا نظر آتا ہے جس میں
دو دن کا وقت، بہت سی تیں اور پھول پتیاں بکھری چلی جاتی ہیں۔"
حالی کے یہاں نثر کا اپنا مخصوص آہنگ ہے، جو آہستگی، شائستگی اور تشکیل کا انداز
رکھتا ہے۔ نثر نے اس آہنگ میں آ کر وہ ہمواری کی شکل لی ہے، جو خاموشی میں اپنے وجود کا
احساس دلاتی ہے۔ اس کی آہستگی حسب ضرورت تیزی میں بھی بدل جاتی ہے اور موضوع کا
ساتھ دیتی ہے۔ مجموعی طور پر حالی کا طرز تحریر جذبے کی حرارت سے زیادہ ذہن کی روشنی کا

سوال کرتا ہے اور حقیقی شعر کو وجود و قائم رکھتا ہے۔

حالی کا مقدمہ اردو ادب اور تنقید میں ایک خصوصیت اور اہتمام عطا کرتا ہے یہی وجہ ہے کہ وہ پہلی بار قدیم ادب اور معاصر شعری رویوں کا محاکمہ کرتے ہوئے تعصب، جانب داری یا جذبات کے شکار نہیں ہوتے بلکہ غیر جانب داری، معروضیت اور صداقت داری سے کام لیتے ہوئے قدیم نظریات کو مسترد کرتے ہیں اور نئے نئے نکتے پیدا کر کے لاتے ہیں۔

اردو تنقید پر ان کا سب سے بڑا احسان یہ ہے کہ انھوں نے تنقید کو شعریت، جذباتیت، رومانیت اور داخلیت کی بھول بھلیوں میں بھٹکنے سے روکا۔ یہ الگ بات ہے کہ ان کے بعد ان کی قائم کردہ روایت کے باوجود کئی نقادوں نے پھر سے شعریت کی جانب رجوع کیا اور کئی اہل قلم اور تنقید نویسوں نے کسی طرح تخلیقی تنقید کے نام پر تنقید کو فروغ دیا جو حالی سے مطلوب نہ تھا۔

حالی خیال آرائی کے قائل ہیں وہ ہر مطالعہ کی بنیاد ان خیالات پر رکھتے ہیں خیالات کو قبول کرتا ہے یا مسترد کرتا ہے۔ ان کا قول یہ ہے کہ انھوں نے اپنے خیالات کی وسعت اور سنجیدگی کے مطابق اپنے بیان کو وسعت دی۔ مقدمہ کے کسی حصے کا مطالعہ کیجیے تو حالی کے وسعت پذیر خیالات کا impact محسوس ہوتا ہے۔ انھوں نے خیالات کی وسعت کے مطابق جملوں کی ساخت کو روا رکھا ہے۔ جہاں خیالات پھیلے ہوئے ہیں وہاں جملے بھی طویل اور مرکب ہیں اور جہاں یہ صورت نہیں وہاں اختصار ہے اور جملہ دو یا تین الفاظ پر قائم رہتا ہے۔

حالی نے اردو زبان کی اہمیت کو بڑھانے کے لیے جدید لسانی نظریہ سے کام لیا جس کی رو سے زبان ایک متحرک اور ارتقاء پذیر قوت ہے جو مؤثر ترسیل کے لیے نئے الفاظ گھڑنے یا دیگر زبانوں کے الفاظ قبول کرنے میں عار محسوس نہیں کرتی۔ انھیں عربی اور فارسی میں خاص دستگاہ تھی اور جہاں تک اردو زبان کا تعلق ہے وہ اس کی ماہیت

Scanned by CamScanner

بڑی عمدہ اور پر معنی نظر رکھتے تھے، وہ اپنے عصر میں انگریزی زبان کے عمل دخل سے بھی
واقف تھے۔ انھوں نے خود وضاحت کی ہے کہ ان کے لیے ایک ایسی مرکب زبان کو بنانا جو ہندی
اور ہندو کے الفاظ اور نحوی ساخت کے ساتھ ساتھ فارسی اور عربی کے الفاظ، نیز انگریزی
کے الفاظ سے تشکیل پاتی ہے۔ اس طرح سے وہ زبان کے ارتقا میں کسی تہذیب، تعصب
یا تنگ نظری سے الگ رہے۔ ان کے نزدیک اردو زبان کی بنیاد جیسا کہ معلوم ہے ہندی
اور ہندوستانی پر رکھی گئی ہے۔ اسکے تمام افعال اور تمام حروف اور غالب حصہ اسماء کا ہندی سے
ماخوذ ہے اور اردو شاعری کی بنا فارسی شاعری پر جو عربی شاعری سے مستفاد ہے، قائم ہوئی
ہے نیز اردو زبان کا بہت بڑا حصہ اسماء کے عربی اور فارسی سے ماخوذ ہے۔"

زبان کے اس پہلو تصور کی عملی صورت مقدمہ کے علاوہ ان کی سوانح عمریوں میں بھی
ملتی ہے جس میں انھوں نے فارسی، عربی اور ہندی کے الفاظ مثلاً تخم، جوہر، رنگ، دستار، منگنی، بیگانہ
جیسے الفاظ کے ساتھ ساتھ انگریزی کے کئی رائج الوقت الفاظ جیسے
ٹریجڈی، سین، ہسٹری، کلاس، کیٹیگری، سلیپ، سٹیپ، فلم، پمفلٹ، ڈکشنری،
[illegible] بے تکلفی سے استعمال کیے ہیں۔

حالی نے مقدمہ میں کئی جگہوں پر زبان کی تشکیل میں روزمرہ، محاورہ، تشبیہ و
استعارہ کے ساتھ ساتھ صنائع و بدائع کے بارے میں اپنا خیال کیا ہے اور گہرے لسانی
شعور کا مظاہرہ کیا ہے۔ محاورہ اور روزمرہ کے برمحل استعمال اور ان کی لطافت خیزی کو وہ
شاعری کی [illegible] سے تعبیر کرتے ہیں، اور ان کے بیجا استعمال کا اعتراف کرتے
ہیں۔ [illegible] جیسے کوئی خوب صورت عضو [illegible] انسان میں اور روزمرہ
[illegible] جیسے تناسب اعضاء [illegible] انسان ہیں۔ چونکہ محاورہ اور روزمرہ کو عربی
[illegible] سب سے [illegible] اس لیے [illegible] صنائع و بدائع اور قافیہ
[illegible] کرنے میں [illegible] کے [illegible] قرار دیا ہے۔ [illegible]

Scanned by CamScanner

ہیں۔ صنائع و بدائع پر کلام کی بنیاد رکھنے سے اسلوب میں ... تصنع پیدا ہو جاتا ہے اور کلام میں اصلی اثر باقی نہیں رہتا۔

حالی نے اپنے تصور اسلوب کی کہیں باقاعدہ وضاحت نہیں کی ہے۔ تاہم وہ مختلف جگہوں پر انھوں نے اسلوب کی خصوصیت کے بارے میں کچھ نکات بیان کیے ہیں۔

۱۔ "جس مصنف کا مضمون جتنا زیادہ ... اسی قدر اس کی ذاتی خصوصیت زیادہ ہوتی ہے۔"

(ادبیات چہارم)

۲۔ "ہر مصنف پر اس کی طبیعت کے میلان کے مطابق ... کوئی خاص طرز بیان کا رنگ چڑھ جاتا ہے۔" (ادبیات چہارم)

۳۔ "جو لوگ تصنیف کے اسرار سے آگاہ ہیں وہ یہ جانتے ہیں کہ کلام میں لذت اور مقبولیت پیدا نہیں ہو سکتی جب تک کہ اس کے ایک ایک لفظ میں خون جگر کی چاشنی نہ ہو۔" (ادبیات سعدی)

اسلوب کو مصنف تصرف حاصل کرتا ہے ... اس پر (مصنف پر) کسی خاص طرز بیان کا رنگ چڑھ جاتا ہے اور (اسلوب) ایک ایک لفظ میں مصنف کے خون جگر کی چاشنی سے وجود میں آتا ہے کہ حالی طرز بیان کو مصنف کی شخصیت کا آئینہ سمجھتے ہیں۔ یہ ضرور ہے کہ مصنف کو اپنے اسلوب کو شخصیت کا آئینہ بنانے کے لیے مستقل طور پر مشق و مزاولت سے کام لینے کی ضرورت ہے۔ اس کی وضاحت حالی نے مقدمہ میں جگہ جگہ کی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ڈاکٹر سید عبداللہ نے حالی کے اسلوب کے "داخلی رنگ" کے بجائے اس کا "خارجی عنصر" قرار دیا ہے۔ سید عبداللہ نے یہ نتیجہ حالی کے بعض بیانات جن میں انھوں نے شاعری کو معمار کے عمل سے مشابہ کیا ہے اور سعدی کے اسلوب کی سلاست کو مسلسل مشق و محنت کا نتیجہ قرار دیا ہے سے اخذ کیا ہے اور ساتھ ہی حالی کے اسلوب کے بارے میں مندرجہ بالا بیانات کو بھی اپنی دلیل کو مستحکم بنانے کے لیے رد کیا ہے۔ جو درست

لیکن اسلوب کا مصنف پر تصرف حاصل کرنا، یا مصنف پر کسی خاص طرزِ بیان کا رنگ چڑھ جانا اور تصرف کے ایک ایک لفظ میں "مصنف کے ذہن کار کی چاشنی جیسے خیالات و اسلوب سے الگ "کتاب معنی" سے منسوب نہیں کیا جا سکتا۔ یہ اسلوب کی داخلی شناخت ہے جو اس وضاحت کرتا ہے جس پر حالی کے کل نظریہ اسلوب کی بنیاد قائم ہے اور شاید انہوں نے مرتبہ سے "اسلوب کی سادگی اور بے تکلفی کے ساتھ مطلب نگاری" کی بنیاد "نیچرل شاعری" سے موسوم کیا ہے اور اسے تحریر کی ذاتی قابلیت کے مترادف قرار دیا ہے جو "صحیح مقصد و ارادے کے قلم کو اس راہ پر ڈال دیتا ہے جس پر اس کو چلنا چاہیے۔" گویا حالی کے اسلوب کا "داخلی رنگ" اور "فطری پہلو" خود ان کی تحریر کا خاصہ ہے۔ اس بحث سے یہ نتیجہ مقصود نہیں کہ حالی اسلوب کی تشکیل میں "مشق و مزاولت" جو اس کا خارجی پہلو ہے کے منکر ہیں۔ وہ بار بار لفظوں میں صفائی اور گھلاوٹ کے لیے "مزاولت اور کاوش بہت" پر زور دیتے رہے۔

انہوں نے اسلوب کی خوبیوں کا بھی ذکر کیا ہے۔ ان کے نزدیک اسلوب بیان کی بنیادی خوبی سادگی ہے جو بقول ان کے "طبع سلیم کے اقتضا" سے مطابقت رکھتی ہے۔ وہ سعدی کے اسلوب تحریر میں سادگی کو ہی بڑا وصف قرار دیتے ہیں اور اسے "نئی اردو نثر کے کمال انشا پردازی کی ایک بہت بڑی دلیل" قرار دیتے ہیں۔ مقدمہ میں انہوں نے سادگی کی وضاحت کرتے ہوئے لکھا ہے۔ "ہمارے نزدیک کلام کی سادگی کا معیار یہ ہونا چاہیے کہ خیال کیسا ہی بلند اور دقیق ہو مگر پیچیدہ اور ناہموار نہ ہو اور الفاظ جہاں تک ممکن ہو محاورہ اور روزمرہ کی بول چال کے قریب ہوں۔"

حالی نے تصورِ اسلوب کے ضمن میں بعض اہم ادبی مباحث مثلاً "لفظ و معنی" کا ربط، روایت اور جدت اور سادگی و تصنع کا احاطہ کیا ہے اور اپنے عہد کے ادبی لسانی شعور کے مطابق نتائج کا استخراج کیا ہے۔ اور مقدمہ میں جو اسلوب ملتا ہے وہ ان کے

Scanned by CamScanner

تصورات کا جیتا جاگتا نمونہ ہے۔

ان کے اسلوب کی بنیادی خصوصیت سادگی ہے۔ یہ ضرور ہے کہ بعض مقامات پر وہ قدیم روایتی نثر کے زیر اثر فارسی دانی کا مظاہرہ کرتے ہیں اور مشکل الفاظ استعمال کرتے ہیں مگر وہ بہت جلد بقول ان کے طبع سلیم کے اقتضا کے تحت سادہ نگاری کی جانب رجوع کرتے ہیں۔ مقدمہ کا آغاز اس کی مثال ہے۔

"حکیم مطلق نے اس ویرانہ آباد نما یعنی کارخانہ دنیا کی رونق اور انتظام کے لیے انسان کے مختلف گروہوں میں مختلف خواہشیں پیدا کی ہیں" کے فوراً بعد آنے والے فقروں کی سادگی ملاحظہ کیجیے۔

"انسان اپنی کوشش سے عالم کی پرورش کرتا ہے اور معمار کی کوشش سے لوگ سردی گرمی مینہ اور آندھی کی گزند سے بچتے ہیں۔"

ان کی سادگی سرسید کے اسلوب کی مانند "روکھی پھیکی اور خشک" نہیں، بلکہ شگفتگی، روانی اور قوت کی وجہ سے ادبی لطافت سے مملو ہے۔ یہ ادائے مطلب جسے وہ "مطلب نگاری" سے موسوم کرتے ہیں، کا حق ادا کرتی ہے۔ حالی "مطلب نگاری" میں مشکل الفاظ اور جملوں کی ترتیب و تہذیب میں خاص لچک اور آزادی سے کام لیتے ہیں اور زبان کا محکوم ہونے کے بجائے اس کے حاکم ہو جاتے ہیں۔ نتیجے میں ان کا نثری اسلوب جامعیت، وقار اور تاثیر حاصل کرتا ہے۔ یہاں تک کہ کلیم الدین احمد بھی جو حالی کی بحیثیت نقاد زیادہ قائل نہیں، ان کی "بلند پایہ نثر" پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھتے ہیں:

"حالی کا بڑا کارنامہ ہے کہ انھوں نے نثر کو اپنایا، اس میں کوشش کی کہ جو کچھ لکھا ہو، وہ صرف مضمون کی ادا میں ہو، جو اپنے دل میں ہو وہی دوسروں کے دل میں جائے جو کہ دل سے نکلے اور دل میں بیٹھے۔"

ڈاکٹر صغیر افراہیم

پریم چند کی نئی قرأت اور کفن

A fresh reading of great literature never fails to provide new pleasure and a new interpretation. Such is the great short story *Kafan* by Prem Chand, one of the early exponents of the Urdu short story. It can be placed among the masterpieces of world literature without any apprehension as it uncovers a number ruthless social attitudes and offers to fight them under trying circumstances. *Kafan* is thus examined with a fresh look at it.

پریم چند کو اردو کے افسانوی ادب میں ایک منفرد مقام ہے۔ ان کے بیشتر افسانوں کا محور دیہات ہے۔ وہ شاید پہلے ہندوستانی ادیب ہیں جنھوں نے شعوری طور پر کسانوں کے ادنیٰ دیہی زندگی کے مسائل لکھے اور سمجھانے کی کوشش کی اور اس لحاظ سے آزادی بھی کہ جن دیہی انسانوں میں رہ کر انھوں نے اپنے افسانوں کو جنم دیا پھر کسی دوسرے ادیب نے اس جانب اتنی بھرپور توجہ نہیں دی۔ یہ تسلیم کہ ہر زمانے کے اپنے مسائل ہوتے ہیں۔ پریم چند کے عہد کے دیہاتوں میں اور آج کے دیہاتوں میں نمایاں فرق آچکا ہے۔ مسائل اس وقت بھی تھے اور آج بھی ہیں مگر آج کی نوعیت اور تقاضے بدلے ہوئے ہیں۔ اس کے باوجود موجودہ حالات میں پریم چند کی تخلیقات کی اہمیت برقرار

Scanned by CamScanner

ہے۔ جدید اردو افسانہ نگاری سب سے پہلے کی وجہ سے پریم چند کی بات کرتے ہیں تو پریم چند ہی اول اور آخر افسانہ نگار ہیں جنہوں نے ایک افسانہ نگار کی حیثیت سے ایک مکمل اور مثالی ادیب کے فرائض انجام دیے ہیں۔

پریم چند اردو کے پہلے بڑے افسانہ نگار ہیں۔ حقیقت نگاری اور دیہی زندگی کے مسائل کی عکاسی اردو افسانے میں انہی کے ہاتھوں ہوئی ہے۔ انہوں نے اردو ہندی میں تقریباً ۳۰۰ افسانے لکھے جو پریم پچیسی، پریم بتیسی وغیرہ کے نام سے شائع ہوئے ۱۹۰۸ ان کا پہلا افسانہ "دنیا کا سب سے انمول رتن" ہے اور آخری عمر کے افسانوں میں سب سے کامیاب تخلیق "کفن" ہے جو ان کا شاہکار افسانہ ہے۔ ڈاکٹر ... کی اس رائے سے اتفاق کے ساتھ

"پریم چند نے اردو میں مختصر افسانے کی روایت کو آگے بڑھاتے ہوئے اس کے تخلیقی اور فنی مزاج کو متعین کیا اور یہاں تک کہ "کفن" ایسے شاہکار کی حیثیت اختیار کی۔ انہوں نے اپنے افسانوں میں ہندوستان کے دیہی معاشرے کے دیہاتی زندگی، اس کے گوناگوں مسائل اور ان سے وابستہ تجربوں کو پیش منظر بنا کر جو طرح ڈالی وہ اب ایک باقاعدہ روایت کی صورت اختیار کر چکی ہے۔"(۱)

"عشق دنیا و حب وطن" سے لے کر "کفن" تک ان کی ۲۸ سالہ ادبی مسافت میں افسانہ نگاری کی روایت کی مکمل تاریخ پوشیدہ ہے۔ اس حد تک مکمل کہ اردو افسانے کی تعمیر و تشکیل کی تمام اہم کڑیاں ہمیں پریم کے افسانے میں مل جاتی ہیں۔

ماہرین پریم چند پروفیسر قمر رئیس، پروفیسر جعفر رضا، پروفیسر محمد حسن وغیرہ "کفن" کو فکری اور فنی اعتبار سے اردو کی لازوال کہانی تسلیم کرتے ہیں۔ بلاشبہ "کفن" پریم چند کی شاہکار تخلیق ہے اور پروفیسر گوپی چند نارنگ کا یہ مشورہ نہایت درست ہے

کفن کے فنی کمال اور اس کی معنویت کو کھل کر ابھارنے کے لیے

Scanned by CamScanner

اسے تمثیلی طور پر نہیں بلکہ Irony کی سطح پر پڑھنے کی ضرورت ہے"
کیونکہ "پوری کہانی کی جان حالات کی وہ Irony (ستم ظریفی) ہے
جس نے انسان کو انسان نہیں رہنے دیا اور اسے Debase اور
Dehumanise کر دیا ہے۔"(۲)

پروفیسر آل احمد سرور کے الفاظ میں

"میں اسے اردو کی بہترین کہانیوں میں گنتا ہوں۔ اس میں ایک
لفظ بھی بے کار نہیں۔ ایک شخص بھی دھندلا نہیں۔ شروع سے آخر تک
چستی اور تلوار کی سی تیزی اور صفائی ہے۔"(۳)

شمس الرحمن فاروقی رقم طراز ہیں

"میں کفن کو بے تکلف دنیا کے افسانوں کے سامنے رکھ سکتا ہوں۔۔۔
یہ افسانہ اور بہت سے پہلوؤں کے علاوہ Black Humory کا
شاہکار نمونہ ہے اور اردو افسانے میں ایک نئے اسلوب کا آغاز کرتا
ہے۔"(۴)

پروفیسر ابوالکلام قاسمی اس بابت لکھتے ہیں:

"میرے نزدیک اس کہانی کا سب سے بڑا امتیاز یہ ہے کہ یہی کہانی
اردو کی وہ کہانی ہے جس نے پریم چند کی روایت کو آج تک زندہ
رکھا اور آگے بڑھایا ہے۔ "کفن" ہی وہ کہانی ہے جو ۱۹۳۵ء سے
آج تک کے پچاس سال کے عرصے پر پھیلی ہوئی افسانہ نگاری کو
وہ بنیاد فراہم کرتی ہے جس سے پریم چند کے بعد کے افسانہ نگاروں
نے حقیقت نگاری کا سلیقہ سیکھا اور یہی افسانہ ترقی پسند افسانہ نگاری
کے لیے ایک اساس بن کر سامنے آیا۔"(۵)

Scanned by CamScanner

پریم چند کی یہ کہانی اس لیے پسند کی جاتی رہی ہے کہ اس میں آدرش نہیں،
رومانیت نہیں، جذباتیت نہیں، دکھاوا نہیں، دلاسا نہیں اور اگر محبت کہیں ہوئی بھی ہے تو کچھ اس
طرح کہ کہانی کی بنیاد غیر حقیقی، غیر انسانی ہے۔ دراصل پریم چند بھی تو واضح کرنا چاہتے
تھے کہ دیکھو مہذب سماج میں ایسا بھی ہوتا ہے جو نہیں ہونا چاہیے اور اسی لیے "کفن" کی
کہانی بظاہر روز مرہ کے واقعات سے دور لیکن اس کے حقائق سے بے حد قریب ہے۔ اس
کا مرکزی خیال وہ استحصال ہے جو صدیوں پرانی ذات برادری اور تقسیم قدیم ہندوستانی زرعی سماج
اور انگریزی حکومت کے نوآبادیاتی نظام میں گرد بیٹھے کے ساتھ روا رکھا گیا اور جس کے
نتیجہ میں ایسے لوگ وجود میں آئے جن کے افعال و اعمال سے گھن محسوس ہوتی، جن کی
ظاہری شکل و صورت، عادات و اطوار قابل نفرت معلوم ہوتے۔ گھیسو اور مادھو کے توسط
سے ہی، ماضی بعید میں جھانک کر دیکھیے تو ان جیسے ہزاروں لاکھوں رینگتے ہوئے افراد نظر
آئیں گے جو بدترین حالات کے شکار تھے۔ یہ مجبور لوگ غلاموں کی سی زندگی بسر کرتے
اور اچھوت یا شودر کہلاتے جن کے سائے سے بھی لوگ پرہیز کرتے۔ وہ نہ تو مندروں
تک جا سکتے اور نہ مدرسوں میں جا سکتے۔ تعلیم کا سوال تو ان کے لیے پیدا ہی نہیں
ہوتا۔ پینے کا پانی بھی ایک مسئلہ ہوتا۔ ہر بستی کے باہر ایک کنواں ان کے لیے مخصوص تھا۔
مالی اور سماجی ترقی کے تمام راستے ان کے لیے مسدود تھے۔ وہ وقت کی روانی کے ساتھ
میں اس کو بسر کرتے۔ گھر کے سارے افراد کی محنت پر پیٹ بھرتا تو تن ڈھانکنے کے لیے
کپڑے نہ ہوتے۔ دولت والوں کا جھوٹا انہیں کھانے کو ملتا۔ سالہا سال جانوروں کی طرح انہیں رہتے
اور ایسا ہو گیا کہ ان میں سے بچنے کے لیے تو زندہ رہنے کی جدوجہد کا جذبہ ہی ختم ہو گیا
اور یہ احساس پیدا ہو گیا کہ محنت کا حاصل کچھ نہیں تو پھر وہ محنت کس کے لیے کریں۔ اب
بے حسی میں ہی گزر کرنے والا تھا۔ اس پس منظر میں وہ طبقہ نفسیاتی گتھیوں کا شکار ہو گیا
جس کے نتیجہ میں نسلاً بعد نسل قدروں میں ایسے افراد ابھر کر سامنے آئے جن کو پریم چند

Scanned by CamScanner

نے اپنے افسانوں "خون سفید"، "معصوم بچہ"، "صرف ایک آواز"، "بہت سے دوسری قیمت" اور

گیہوں، گلی دیوار میں مزدوری کرنے والوں کی جگہ دے کر ان سے محبت

بھیانک طور پر یہ تصویر کشی کی ہے۔

اردو افسانے کی تاریخ میں سنگ میل کی حیثیت رکھنے والا افسانہ "کفن" تین حصوں پر مشتمل ہے۔ اس کا موضوع ہندوستان کا ایک دیہاتی گھرانہ ہے۔ جہاں زندگی مزدوروں اور کسانوں کی ہے۔ افسانہ کے پہلے حصے میں رات کا وقت ہے۔ ایک جھونپڑے سے بدھیا کی دل خراش چیخیں سنائی دیتی ہیں۔ باہر دروازے پر گھیسو اور مادھو بجھے ہوئے الاؤ کے گرد بیٹھے ہیں۔ رات کے سناٹے میں ان لوگوں کی زندگی غربت اور افلاس سے پر ہے۔ گھیسو، مادھو کا باپ اور بدھیا، مادھو کی جوان بیوی ہے۔ باپ بیٹے انتہائی درجے کے کاہل ہیں۔ اپنا پیٹ بھرنے کے لیے آلو، مٹر یا گنے وغیرہ کھیتوں سے چرا کر یا کسی کی مزدوری سے تھوڑی محنت کر کے اپنا کام چلاتے۔ محنت مزدوری سے گھر میں بدھیا کے آنے کے بعد دونوں اور بھی آرام طلب ہو جاتے ہیں۔ بدھیا ان سے مختلف ہے۔ وہ محنتی اور مخلص ہے۔ محنت مزدوری کر کے ان کا پیٹ بھرتی ہے لیکن ایک سال بعد جب وہ درد زہ سے پچھاڑیں کھاتی ہے اور ان پر کوئی اثر نہیں ہوتا ہے۔ وہ اتنا بھی کہ اس کو دیکھ بھی گوارا نہیں کرتے ہیں۔ الاؤ کے نزدیک بیٹھے بیٹھے بھونے ہوئے گرم گرم آلو نکال نکال کر کھاتے، پانی پیتے اور وہیں پڑ کر سو جاتے ہیں۔ افسانہ کے دوسرے حصے میں رات بیت صبح میں داخل ہو کر زندگی، موت سے ہمکنار ہو کر سامنے آتی ہے۔ مادھو جا کر دیکھتا تو بدھیا کو مرا پاتا ہے۔ وہ بھاگ کر گھیسو کو خبر کرتا ہے۔ دونوں مل کر زور زور سے ہائے ہائے کرتے، چھاتی پیٹ کر روتے آتے اور "رسم قدیم کے مطابق" ان کی تشفی کرتے ہیں لیکن کفن اور لکڑی کی فکر انھیں زیادہ رونے دھونے سے باز رکھتی ہے۔ دونوں پہلے زمیندار کے پاس پہنچتے ہیں۔ زمیندار محنت کے سہارے دو ڈھائی روپے جمع کر پیش کرتے ہیں۔ صورت حال کی نزاکت دیکھ کر زمیندار دو

Scanned by CamScanner

وہ روپے اسے دیتا ہے۔ پھر دونوں دیہاتیوں کا حوالہ دے کر، دیگر آبادی سے بھی تھوڑا تھوڑا وصول کرتے ہیں۔ اس طرح "ایک گھنٹے میں" ان کے پاس "پانچ روپے کی معقول رقم جمع" ہو جاتی ہے۔ افسانہ کے تیسرے حصے میں دونوں کفن لینے بازار جاتے ہیں۔ گھومتے پھرتے شراب خانہ میں داخل ہو جاتے ہیں۔ وہاں وہ خوب پیتے ہیں اور لذیذ کھانوں سے اپنا پیٹ بھرتے ہیں۔ سارا روپیہ اڑا دیتے ہیں۔ بدمست ہو کر ناچنے گانے لگتے ہیں اور مدہوش ہو جاتے ہیں۔

پریم چند حقیقی دنیا سے قلمی دنیا میں قدم رکھنے والا فنکار وہاں کی تصویری اور تصوراتی دنیا سے تو جلد ہی بیزار ہو جاتا ہے مگر حقیقی جز معنی سے بخوبی واقف ہو جاتا ہے۔ کفن کہانی میں وہ سب سے پہلے قاری کو خبر دیتا ہے۔ پھر ایک تصویر ابھارتے ہوئے خبردار کرتا ہے۔ رات کے سناٹے سے شروع ہو کر شام کی سیاہی میں جذب ہو جانے والی یہ کہانی، ان کے جیتے جی کی بیا تحقیق کو واضح کرتی ہے۔ عام قاری پہلی قرأت میں تذبذب کا شکار ہو جاتا ہے۔ اسے یہ تو سمجھ میں آ جاتا ہے کہ دونوں بے مروّت و بے حس ہو کر عزیزہ کو دیکھنے نہیں جاتے ہیں مگر یہ سوال ذہن میں کھٹکنے لگتا ہے کہ وہ کیسا گاؤں تھا اور کیسے پڑوسی جو ایک نیک اور بے بس عورت کی دل خراش صدا کو نہیں سنتے جب کہ "جاڑوں کی رات تھی۔ فضا سناٹے میں غرق۔ سارا گاؤں تاریکی میں جذب ہو گیا تھا۔" ایسے خاموش ماحول میں کلیجہ تھام لینے والی آواز انھیں سنائی نہیں دیتی تھیں ان کے پرشور ماحول میں دونوں بے غیرتوں کی آواز قاری سن کر دنگ رہ جاتے ہیں اور "ہم دونوں کی تگ و دو کرنے لگتے ہیں۔" اسی طرح یہ منظر بھی عام قاری کے لیے کچھ عجیب ہوتا ہے کہ کفن اور لکڑی کی فکر میں دونوں لاش کو اکیلا چھوڑ دیتے ہیں۔ یہ کام تو کوئی ایک بھی کر سکتا تھا اور دوسرا لاش کے پاس بیٹھا ڈھونگ رچا سکتا تھا۔ افسانے میں اس کا ذکر بھی ہے۔ گھیسو مادھو کو ڈانٹتا ہے: "میری عورت جب مری تھی تو میں تین دن اس کے پاس سے ہلا بھی نہیں۔" عام قاری اسے درگزر کرتا ہوا آگے

Scanned by CamScanner

وجہ سے ہے تو پھر سے اس جملہ کو لگتا ہے۔ وہ دراصل [illegible] منتقل [illegible]

ہیں۔ انھیں غذا بھی مل جاتا ہے اور لوری بھی تو [illegible]

ساتھ جاتے ہیں؟ جب کہ [illegible]

دیکھتی [illegible] چل جاتی تھیں۔ [illegible]

واجب تھا۔

دراصل یہ سوال مہذب معاشرے کے لیے ہے۔ [illegible] تھی۔ یہ ختم ہو چکی ہیں تو [illegible] ہے۔ [illegible] پھر تو مخصوص طبقے کی علامت ہے [illegible] ہے اور [illegible] آدمی بنتا ہے۔

کفن میں مرکزی کرداروں کے مکالمے افسانہ نگار نے [illegible] بھرے ہوئے [illegible] عجیب و غریب افسانہ کے لیے [illegible] آہنگ دیتے ہیں [illegible] تمام تشکیلی حصے ان میں [illegible] ہو جاتے ہیں اور افسانہ ایک مکمل [illegible] اختیار کر لیتا ہے۔ وہ [illegible] پہنچ [illegible] انجام کو پہنچتا ہے یہی فضا افسانہ کے آہنگ سے تیز [illegible] ہو کر اس کی [illegible] ہو جاتی ہے۔ [illegible] نفسیاتی حقیقت اور [illegible] شخصیت [illegible] افسانہ میں مرکزی کرداروں کی گفتگو خاص معنویت رکھتی ہے۔ پریم چند نے ان مکالموں کے سہارے افسانہ کو مختلف [illegible] منازل سے گزار کر انجام تک پہنچایا ہے۔ تھوڑے تھوڑے وقفے سے ان کی [illegible] باتوں کے درمیان افسانہ نگار کی مہیا کردہ تفصیلات نے افسانہ کو [illegible] آہنگ کرداروں کا مکمل تعارف [illegible] اور حرکات [illegible] کہ جنھوں نے اس کے [illegible] میں حصہ لیا ہے [illegible] مکالموں کے درمیان اسی طرح [illegible] کہ ان کے قول و فعل [illegible] اور قاری [illegible] ایک [illegible]

Scanned by CamScanner

کئی واقعوں سے بھرپور جہاں میں سفر کرتا ہوا محسوس کرتا ہے۔

افسانے کے ابتدائی جملے کئی اعتبار سے خاصے اہم ہیں۔ پریم چند نے ان جملوں سے کئی کام لیے ہیں۔ اس کے مرکزی کرداروں سے متعلق جزئیات اور ان کے ظاہری حالات کے ضمن میں اہم کرداروں کا تعارف کرواتے ہیں۔ پڑھنے والے کی پوری توجہ آئندہ آنے والے واقعات پر مرکوز ہو جاتی ہے۔ وہ اسی سے افسانہ پڑھنے کے لیے خود کو تیار پاتا ہے اور انجام جاننے کے لیے بے تاب رہتا ہے۔ افسانے کے تمہیدی حصے میں باپ اور بیٹے کو ایک بجھے ہوئے الاؤ کے سامنے بیٹھے ہوئے دکھایا گیا ہے

"جھونپڑے کے دروازے پر باپ اور بیٹا دونوں ایک بجھے ہوئے
الاؤ کے سامنے خاموش بیٹھے ہوئے تھے۔"

"یہ جملہ "بجھے ہوئے الاؤ" اس کہانی کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ قاری کو مختلف زاویوں سے سوچنے پر مجبور کرتا ہے۔ افسانہ نگار آگے چل کر بتاتا ہے کہ جاڑوں کی رات ہے فضا سناٹے میں غرق ہے۔ سارا گاؤں تاریکی میں جذب ہو گیا ہے۔ یہ جملہ پیش آنے والے واقعات کی تمہید ہے اس کا جواز ہے اور جمود و بے حسی کا اشارہ ہے جس نے انسان کو انسان نہیں رہنے دیا اور حیوان بنا دیا۔ سناٹے میں یہ واقعات رونما ہوتے ہیں۔

تمہید کے بعد گھیسو اور مادھو کی ابتدائی گفتگو صورت حال کی تفصیل میں اضافہ کرتی اور قاری کے ذہن اور اعصاب کو متاثر کرتی ہے۔ اس جگہ کرداروں کا تفصیلی تعارف خاصا اہم ہے۔ افسانہ نگار اس تعارف کے بہانے افسانے کے پس منظر کو ابھارتا ہے اس کے ماحول کو اجاگر کرنے کی فضا سے استفادہ کرتا ہے۔ کہانی جوڑنے کے لیے راہیں ہموار کرتا ہے اور قاری کے ذہن کو پیش آنے والے واقعات کے لیے تیار کرتا ہے۔ اس کے باوجود ان کی الگ گفتگو اور عملی واردات سے واقف ہو کر قاری شدید ذہنی صدمے سے دوچار ہوتا ہے۔ ان کو ان کی حرکات و سکنات غیر فطری معلوم ہوتی ہیں۔ وہ خوف اور دہشت کے احساس کے

دب جاتا ہے۔ جو اصولاً آزادی سانس لے رہی ہوتی ہے، ان سے الجھنوں میں کوئی
فرق نہیں آتا ہے۔ بات بات میں ملی ہوئی ہے سے لاد جاتے اور پیدا ہونے میں
مصروف رہتے ہیں۔ قاری کو اس وقت اور بھی الجھن لاحق ہوتی ہے جب پیدا ہونے کے
بعد وہ دونوں وہیں اداکار کے سامنے اپنی مجبوریاں اور ان الجھنوں سے ہوتے ہیں اور
ہو ہمیشہ کسی تکلیف سے گزرتی اور دور لاحق ہوتی ہے۔ یہ صورت حال قاری سے اپنی
تو گویا تشکیل میں جتا کر دیتی ہے۔ اس کا قطعی اسلوب کی صورت پر تشکیل ہوتا ہے۔
یعنی شدت تک قاری کو اپنا ہموار ہونے کے بعد سے پوری طرح واقف ہے۔ وہ ہر وقت
ہاتھ میں کاغذ شروع کر رہا ہے اور بتاتا ہے کہ کس طرح استعمال سے نتیجے میں آتی ہیں
کے صورت بیان کرنے والوں کو وہ شکل میں آیا ہے

"جس دور میں بات اس کام کرنے والوں کی جماعت اس کی
جماعت سے بڑھ کر بہت اونچی نہ تھی اور کسانوں کے مقابلے میں وہ
لوگ جو کسانوں کی کمزوریوں سے فائدہ اٹھانا چاہتے تھے، کہیں زیادہ
فارغ البال تھے، وہاں اس قسم کی اذیت کا پیدا ہونا کوئی تعجب کی
بات نہ تھی۔ ہم تو کہیں کے کسانوں کے مقابلے میں زیادہ
دیکھتے تھے اور کسانوں کی بھی دماغی حیثیت میں شامل ہونے کے
ہونے شاعروں کی فکر پر اور جماعت میں شامل ہو گیا تھا۔ ہاں اس
میں یہ صلاحیت نہ تھی کہ شاعروں کے آگے ادب کی پابندی بھی
کرتا۔ اس لیے جہاں اس جماعت کے اور لوگ گاؤں کے مرتے اور
کھاتے ہوتے تھے اس پر سارا گاؤں انگشت نمائی کرتا تھا۔ پھر بھی
اسے یہ تسکین تو تھی ہی کہ اگر وہ خستہ حال ہے تو کم از کم اسے
کسانوں کی سی محنت تو نہیں کرنی پڑتی اور اس کی ساری اور

Scanned by CamScanner

بے زبانی سے دوسرے بے جا فائدہ تو نہیں اٹھاتے۔"

نعیمہ اور ماموں کا یہ احساس کہ کام کرنے سے بھی ان کے لیے بہتری کی کوئی صورت نکلنی ممکن نہیں تو پھر آخر وہ محنت و مشقت کیوں کریں جب کہ قارئین اعلیٰ ان کے لیے ہے جو کمزوروں کی کمزوریوں سے فائدہ اٹھانا جانتے ہیں۔ وہ یہ بھی جانتے ہیں کہ استحصالی طبقے کی چال جو انہیں کچل کر بے جان بنا چکی ہے آخر ان کے توڑنے سے ٹوٹ تو نہیں سکتی ہے تو پھر اس فولادی دیوار سے سر ٹکرانے کی کوشش کیوں کریں؟ پھر اس کاوش سے بہتر ہے کہ چوری کر کے وہ چار سانس سکھ چین کی لے لی جائیں۔ کم از کم اس میں خود مختاری کا احساس تو ہے۔ ان کے لیے اتنی ہی تسکین کافی ہے کہ اگر وہ خستہ حال ہیں تو محض "نسانوں کی ہی طرح تو زندگی تو نہیں گزارنی پڑتی۔ اور ان کی "سادگی اور بے زبانی سے دوسرے بے جا فائدہ تو نہیں اٹھاتے۔" ان کے اس طرز فکر، احساسات، لگاؤ، رویے، تمنا اور مجبوری نے ان کو اس حد تک پہنچا کر اس طرز عمل کے لیے مجبور کیا ہے۔ افسانہ نگار نے کمال یہ ان کے افعال و اعمال کے لیے جواز فراہم کیا ہے۔ وہ گھٹے ہوئے ماحول سے قاری کو نجات دلانے کے لیے نعیمہ کی روحانی یادداشت کی داستان سنا کر خوشبودار پھولوں کی ایک بستی آباد کرتا ہے اور قاری کو وہاں پہنچا کر اس کے لیے راحت کے چند لمحے مہیا کرتا ہے۔ لفظ "ٹکر" کی بہ جائے "ڈکر" نے کہانی کی آہستہ روی میں اور بھی اضافہ کر دیا ہے۔ ماضی کے طلسم سے قاری باہر نکلتا ہے تو دونوں پانی پی کر وہیں سو چکے ہوتے ہیں۔

"جیسے وہ بچے اور لڑکیاں ہمارے بچے ہوں۔"

دونوں کا "وہ بچے اداس" کی طرح بے فکری سے سو جانا ایک سوالیہ نشان بن کر سامنے آتا ہے اور محنت فعل رہ جاتا ہے۔ یہ دونوں افراد اس سماج کے پیدا کردہ ہیں۔ "جس سماج میں محنت اور کام کرنے والوں کی حالت ان کی حالت سے مختلف نہ ہو وہاں نہ

Scanned by CamScanner

تھیں [illegible] سے [illegible] میں چادروں کی طرح زندگی [illegible]

[illegible] سے [illegible] کے [illegible] طرح سے [illegible]

[illegible] کی طرح ہوتے [illegible] میں [illegible]

[illegible] سے [illegible] اخلاقی [illegible]

[illegible]

[illegible] میں [illegible] کی موت کی [illegible] ہے۔ [illegible] کے [illegible]

[illegible] موت [illegible] ہیں جب [illegible]

[illegible] کی [illegible] میں [illegible]

[illegible] کی موت [illegible] ہوتا ہے

[illegible] میں [illegible] ہے

> [illegible] کی [illegible] ہوگی
> [illegible] آنکھیں
> [illegible] میں [illegible]
> [illegible] میں [illegible] تھا۔

[illegible] ہے۔ اس کی موت کے بعد بھی [illegible] سے [illegible] تعلق [illegible] کی موت [illegible] اس کی زندگی میں صرف [illegible] ہو جاتے ہیں کہ ایک [illegible] ہیں۔

[illegible] میں [illegible] سے [illegible] کو [illegible] کے [illegible] کے لیے [illegible]

Scanned by CamScanner

جب وہ مرتی ہے۔ افسانے کے اس حصے کا مکمل انحصار باپ بیٹے کے مکالموں پر ہوتا ہے۔ ان مکالموں کے وسیلے سے افسانہ نگار قاری سے تمام مراحل طے کرواتا ہے اور قاری ان دونوں کرداروں کی تہہ دار شخصیت کو گرفت میں لے آتا ہے۔ پریم چند نے ان دونوں کرداروں کے ذریعے سماج کے طبقاتی تضادات اور رسم و رواج پر سے پردہ اٹھایا ہے اور بڑی خوبصورتی سے اس پورے معاشرے پر طنز کیا ہے جو ان کی اس حالت کا ذمہ دار ہے۔ گھیسو کے لفظوں میں

> "کیسا برا رواج ہے کہ جسے جیتے جی تن ڈھانکنے کو چیتھڑا بھی نہ ملے اسے مرنے پر نیا کفن چاہیے۔ یہی پانچ روپے پہلے ملتے تو کچھ دوا دارو کرتے۔ کفن لگانے سے کیا ملتا۔ آخر جل ہی تو جاتا۔ کچھ بہو کے ساتھ تو نہ جاتا۔"

دونوں کفن خریدنے کے بہانے رسم و رواج کو موضوعِ بحث بناتے ہیں اور اس پر طنز کرتے ہیں۔ کفن کی اہمیت کم کرنے کے جواز تلاش کرتے ہیں۔ ان کے ہاتھوں میں پیسے آ جاتے ہیں تو دونوں قدموں کو بازار کی طرف لے جا کر اپنی خواہشات کی تکمیل کی سوچتے ہیں۔ دونوں باپ بیٹے بازار میں ادھر ادھر گھومتے ہیں۔ یہاں تک کہ شام ہو جاتی ہے۔ اس مقام پر مصنف قاری کو یہ سوچنے کے لیے مجبور کرتا ہے کہ گاؤں کے بازار میں ایسی کون سی خاص بات تھی جہاں صبح سے شام تک دونوں ادھر ادھر گھومتے رہے یا وہ بازار اس قدر وسیع تھا کہ گھومتے پھرتے میں شام ہو گئی۔ تجسس افسانے کی اگلی سطر قاری کے ذہن کو فوراً ہی اپنی طرف متوجہ کر لیتی ہے۔ "دونوں اتفاق سے یا عمداً ایک شراب خانے کے سامنے" آ پہنچتے ہیں۔ خاموشی سے اندر داخل ہو جاتے ہیں۔ گھیسو ایک بوتل شراب اور کچھ گزک خریدتا ہے اور دونوں پینے بیٹھ جاتے ہیں۔ شراب ان کو سرور میں لے آتی تو گفتگو کا سلسلہ پھر شروع ہو جاتا ہے۔ آگے بوتل ختم ہو جاتی تو کھانے کا سامان منگا لیتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

"دونوں اس وقت اس شان سے بیٹھے ہوئے پوریاں کھا رہے تھے
جیسے جنگل میں کوئی شیر اپنے شکار کو اڑا رہا ہو۔ نہ جواب دہی کا خوف تھا
نہ بدنامی کی فکر۔ ضعف نے ان مراحل کو انہیں نے بہت پہلے طے
کر لیا تھا۔"

افسانہ نگار نے اس سے پہلے بھی ابتدا میں ان دونوں کے تعلق سے بہت کچھ بتایا ہے۔

"کاش دونوں سادھو ہوتے تو انہیں قناعت اور توکل کے لیے ضبط
نفس کی مطلق ضرورت نہ ہوتی۔ یہ ان کی خلقی صفت تھی۔ عجیب
زندگی تھی ان دونوں کی۔ گھر میں مٹی کے دو چار برتنوں کے سوا کوئی
جائیداد نہیں۔ پھٹے چیتھڑوں سے اپنی عریانی ڈھانکے ہوئے دنیا کی
فکروں سے آزاد۔ قرض سے لدے ہوئے۔ گالیاں بھی کھاتے تھے
مگر کوئی غم نہیں۔"

پریم چند نے اس افسانے میں مرکزی کرداروں کی جگہ دے کر وقت کے اہم ترین مسئلے کی جانب قاری کو متوجہ کیا ہے اور ایک طبیب کے فرائض انجام دیے ہیں۔ ان دونوں کی کردار سازی چند سالوں کا نتیجہ نہیں بلکہ صدہا صدیوں کی مرہون منت ہے۔ نسل بعد نسل ان کا وجود عمل میں آیا ہے۔ ان کی تشکیل اس سماج نے کی ہے جو اخلاقی ضابطوں سے پوری طرح بندھی ہوئی ہے اور اعلیٰ قدروں کی آڑ میں ہر طرح کا ظلم ان پر روا رکھتی ہے۔ پھر ان اصولوں اور قدروں کا ان پر اطلاق کہاں تک مناسب ہو سکتا ہے اور ان کی شخصیت کو پرکھنے کا معیار وہ ضابطے کیوں کر اور کیسے ہو سکتے ہیں؟ اس دنیا نے جو کچھ بھی انہیں دیا ہے اس کے نتیجے میں انہوں نے اپنی الگ دنیا بنا لی ہے۔ جہاں ان کے اپنے ضابطے اور اصول ہیں۔ جس پر وہ مستقل مزاجی سے عمل پیرا رہتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

Scanned by CamScanner

Scanned by CamScanner

شہر والوں کو تحفظ کرو وہ بیماری آرام کو خاصا تجربہ رکھتا ہے۔ اس کو بھی بڑھاپا کی تکلیف کا پورا احساس ہے۔ اس کی پریشانی کمی اذیت اس کی باتوں سے ظاہر ہو جاتی ہے

"معلوم ہوتا ہے بچپن کی تھی۔ سارا دن تو بیٹھ ہو گیا، چلو کچھ تو آ۔"

بڑھاپا کی تکلیف سے متاثر ہو کر وہ موسم کو داد دیتے ہوئے کہتا ہے

"تو بڑا ہے وہ ہے یہ سال بھر جس کے ساتھ جذباتی کا تعلق ہوتا
اسی کے ساتھ آتی ہے یہ جاتی"

تیسری دنیا کے دکھ درد سے جڑا ہوا وقت ہے۔ اس کو یہ واقفیت ذاتی تجربوں سے حاصل ہوتی ہے۔ اس کے گرد بچے ہوتے ہیں۔ وہ جو ترقی پا رہے جن مراحل سے دوچار ہوتا چاہے اس کی یادداشت میں محفوظ ہیں۔ اسی طرح ... سے والے بچے کی جانب سے فکر مند ہوتا ہے تو وہ اس کو سمجھتے ہوئے کہتا ہے

"سب ٹھیک ہو جائے گا۔ گھبراؤ نہیں بچو تو ... ابھی ایک بیج
تھی، سے رہے ہیں وہ جب بڑا کریں گے، میرے جو آگے
ہوئے۔ مگر میں نے بھی کچھ دیا تھا مگر اسی طرح ہمارا کام چل گیا۔"

وہ زمانہ کی سوچ کچھ دیکھے ہوئے ہے۔ انسانوں کی فطرت مہذب سماج کی ظاہرداری اور کھوکھلے پن کو جانتا ہے۔ اس کا ایسے سماج پر اعتقاد جو ان کی موجودہ حالت کا ذمہ دار ہے، قابل توجہ اور باعث غور و فکر ہے کیوں کہ یہی اعتقاد کسی حد تک ان کے طرز عمل کا ذمہ دار بھی ہے:

"تو کیسے جانتا ہے اسے کمیں نہ ملے گا۔ تو مجھے ایسا لگتا
ہے۔ میں سات سال دنیا میں کیا کیا اس محنت ہوں۔ اس کو کمیں
ملے گا اور اس سے بہت اچھا ملے گا جو ہم دیتے۔ وہی لوگ دیں
گے جنہوں نے سب کی دیا۔ ہاں وہ دو بچے والا سے ہاتھ آ گئی"

تو دیکھیے۔"

کلیم اور جادو کے کردار غیر فطری، غیر حقیقی یا غیر انسانی نہیں بلکہ یہ ہمارے عہد کی زندہ قوت، مضبوط و لاتعلق ہیں۔ دونوں کرداروں کا وجود مسلسل داخلی تضادات سے عبارت ہیں اور مختلف طبقوں کے نمایندہ ہیں۔ یہ دونوں پچھڑے ہوئے نیم ماندہ طبقے سے تعلق رکھتے ہیں جو اپنے حالات اور استحصالی نظام کے تئیں تخلیقی ردعمل کے طور پر وجود میں آتے ہیں۔

اس طرح ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ "کفن" پریم چند کی بڑی دانشورانہ تخلیق ہے۔ اس میں ان کا مشاہدہ، تجربہ، تکنیک، زبان و بیان اور فنی صلاحیتیں عروج پر نظر آتی ہیں۔ کفن مختصر ہے لیکن اس افسانے کا انداز بیان بالکل حقیقی محسوس ہوتا ہے۔ سارے واقعات اور مسائل بڑے ڈرامائی انداز میں بتدریج سامنے آتے ہیں۔ افسانے کے تمام عناصر اقتصادی و اخلاقی پہلو سے جڑے ہوئے ہیں۔ زندگی کی کشمکش اور مسائل اندر ہی سے سامنے آتے ہیں اور ان کا تذکرہ ... اس طرح آگے بڑھتا ہے کہ پڑھنے والے کی دلچسپی اور تجسس قائم رہتا ہے۔ خوف، وحشت، رقت اور اسرار کے تمام عناصر اپنے اندر سموئے ہوئے یہ افسانہ اختتام پر پہنچ کر ایک مکمل تاثر چھوڑ جاتا ہے۔ یہ تاثر دماغ میں دیر تک بسا رہتا ہے۔ قاری کو ایک تلخ حقیقت پر غور کرنے کے لیے مجبور کرتا ہے کہ کس طرح سماجی ڈھانچے میں ایک طبقے کو دبایا کچلا اور ستایا گیا کہ اس کی ساری شخصیت ہی ٹوٹ پھوٹ کر رہ گئی اور وہ سماج کے لیے ایک مسئلہ بن گئے۔ اس طویل اور وسیع داستان کو پریم چند نے بڑے فنکارانہ انداز سے چند سطروں میں قلم بند کیا ہے اور ہندوستانی دیہاتوں میں طبقاتی کشمکش کے استحصال کے نتیجے میں کچلے طبقوں کی کہانی بیان کر کے وقت کی آواز بن کر اس دھرتی سے جڑے ہوئے ہیں۔

حوالہ جات

۱۔ افسانہ حقیقت سے علامت تک، سلیم اختر، ص ۱۸۱

۲۔ افسانہ نگار پریم چند (اردو افسانہ روایت اور مسائل) [illegible]

۳۔ تنقیدی اشارے، پروفیسر آل احمد سرور، ص [illegible]

۴۔ پریم چند کے اسلوب کا ایک پہلو، شمس الرحمن فاروقی [illegible]

۵۔ کفن کے حوالے سے پریم چند کی پہچان [illegible]
ص [illegible]

Scanned by CamScanner

سرائیکی غزل کا پہلا شاعر ...... خواجہ غلام فرید

There is a considerable of body of poetic work in the saraiki - one of the oldest languages of the subcontinent. Here a research has been conducted on the great Kafi poet-mystic Khwaja Ghulam Farid with a question whether he was first ghazal poet in the saraiki language. A short portion is also dedicated to the Kafia of the great poet.

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

ضرب المثل ہیں۔

سرائیکی شاعری کی دو اصناف کافی اور ڈوہڑہ بھی قدیم ترین ہیں۔ سرائیکی ادب کے معروف محقق اور شاعر [illegible] کا کہنا ہے "یہ دونوں اصناف اس زبان کا سب سے بڑا اور گراں قیمت سرمایہ ہیں۔ اگر ان دونوں کو نکال دیا جائے تو اس زبان کے ادب میں کچھ بھی باقی نہیں رہتا۔"

کافی سرائیکی شاعری کی مقبول و منفرد صنف ہے۔ اس میں سوز ہے، گداز ہے، درد ہے، کیف ہے۔ فقیر اور درویش اسے گلی گلی کوچہ کوچہ اپنی مترنم اور درد بھری آواز میں گا گا کر صوفی شعرا کی کافیاں سنایا کرتے تھے۔ صوفیا کی محافل میں یہ ساز کے ساتھ جب گائی جاتی تو سامعین پر وجد طاری ہو جاتا۔ اسی لیے کچھ دانش وروں کا خیال ہے کہ کافی اصل میں ایک راگ اور راگنی کا نام ہے۔ اس کے برعکس کچھ دانش وروں کی رائے میں اگر کافی ایک راگ یا راگنی ہوتی تو اسے کسی اور راگ یا راگنی کی ضرورت نہ ہوتی، اسے تو کئی راگوں اور راگنیوں میں گایا جاتا ہے۔ اس کے لیے کوئی مخصوص بحر یا وزن نہیں۔

Scanned by CamScanner

سے یہ زبان قطعاً الگ ہے۔ مگر اس کی مٹھاس، نرمی اور حلاوت پڑھنے یا سننے والوں کو بہت جلد اس کے قریب تر کر دیتی ہے۔ خواجہ فرید کی کافیوں کو غیر فانی شاعری کی صف اول میں جگہ ملی ہے۔ خواجہ فرید کا کلام، وارث شاہ کی ہیر سے زیادہ ہر دل عزیز ہے۔ سوز و گداز اور لطف و نور سے مملو ان کافیوں کا انتخاب بہت دشوار ہے کیونکہ ہر کافی پڑھ کر کہنا پڑتا ہے کہ

؎ "کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا اینجاست"

سرائیکی میں کافی اور ڈوہڑا کے علاوہ شعرا اردو اور فارسی شاعری کی دیگر اصناف مثلاً مثنوی، قصیدہ، مرثیہ، قطعہ بند، مسدس، مخمس، سی حرفی، بارہ ماسہ، ہفت روزہ، ہشت پہر اور غزل میں بھی طبع آزمائی کرتے رہے۔

غزل بھی فارسی اور اردو سے سرائیکی میں پہنچی مگر اس کی عمر تھوڑی بتائی جاتی ہے۔ محققین کا عمومی خیال ہے کہ سرائیکی غزل پر شعرا نے بیسویں صدی میں توجہ دی۔ تشکیل پاکستان کے بعد سرائیکی شعرا نے غزل کو اظہار کا ذریعہ بنایا اور اسے بے حد مقبولیت حاصل ہوئی۔ چنانچہ یہ تھوڑے ہی عرصے میں اردو غزل کی ہم پلہ و ہم سر بن گئی۔

سرائیکی غزل کم عمر ہے مگر "پنجابی شاعراں دا تذکرہ" میں نواب بہاولپور کے ایک قریبی رشتہ دار نواب غلام حسن عرف گاموں خان کا تذکرہ ملتا ہے جنہوں نے ۱۸۹۱ء میں لاہور میں وفات پائی۔ صاحب کتاب نے لکھا ہے کہ گاموں خان نے اپنی زبان (سرائیکی) میں غزل کا پہلا تجربہ کیا اور ان کا یہ شعر پیش کیا ہے۔

؎ گلیں وچ پھیر کے یار نے مانگ کڈھی، کڈھ لمیا اسے اس بات وچوں
کوئی صاحب سکندر توں جا آکھے، کڈھی یار نے راہ ظلمات وچوں

گویا گاموں خان کو سرائیکی غزل کا پہلا شاعر قرار دیا گیا ہے۔ اس بات کی

Scanned by CamScanner

روشنی میں اگر ہم "دیوان فرید" پر نگاہ دوڑائیں تو ہمیں اس میں کافیوں کے ساتھ ساتھ غزلیں بھی نظر آئیں گی۔ ان غزلوں میں بھی وہی سوز و گداز، غم و اندوہ، عشق و محبت، ہجر و فراق کی تپش محسوس ہوگی جو خواجہ غلام فرید کی کافیوں کی پہچان ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ ان غزلوں کو بھی "کافی" کا نام دیا گیا ہے۔

ان اشعار میں غزلوں کی پوری ترتیب، تنظیم اور کیفیت و توانائی موجود ہے۔ قافیہ، ردیف، مطلع، مقطع اور تخلص کا خوب صورت استعمال یہ سب ان کافیوں پر "غزل" کی دلالت کرتے ہیں۔

ان کی غزلوں کے مطلعے اور مقطعے بڑے بھرپور اور زوردار ہیں۔ یہ مطلعے ملاحظہ کیجئے۔

ـ یار کوں کر مسجود   چھوڑ دے بیو معبود

ـ آ کڑیں کا رن جانی ہم   سوہیں سانگ سہانی ہم

ـ ڈیکھوں گھنڈ ساجن   خالی رہن جا گئیں

ـ ڈاڈی لونی کرن سخت گھاری   چھوڑ گیا ڈھولا یار آزاری

ـ ڈیکھیں میڈا سانول آ تئی گل   ہاتھوں دیتا تئیں سر مجل گل

ـ تک گیوں یار دے وچ گل   ہاں گل اندر دا سانول مل

اب یہ مقطعے ملاحظہ کیجئے۔

ـ یار فرید ہم دل بھاندا   میلے ویسی اجاڑاں

ـ ہجر فرید کیتی دل ڈھٹی   دوست نہ مرہم لیندا

ـ ہجر فرید یا جلی وا دل   جل گیم ہفت وچار

ـ عشق فرید ہوں دکھ دے غم   آ تئی گل سول سولیاں

ـ میں تے یار فرید ملاوں   دل دل شہر بھنبھور

ـ کر قربان فرید سر آ چاں   جیڑا دادا آیا

Scanned by CamScanner

[illegible]

[illegible] — [illegible]

[illegible] — [illegible]

[illegible] — [illegible]

[illegible] — [illegible]

[illegible] — [illegible]

[illegible] — [illegible]

[illegible] — [illegible]

[illegible] — فرق نہ کوئی

[illegible] اشعار وچ موجود ہے [illegible] ان کی غزلیں سہل ممتنع کی خوب صورت مثال ہیں [illegible] اشعار دیکھتے ہیں۔

رو رو گئیاں عمر بھاگی — یار دی خبر نہ کوئی

[illegible] — [illegible]

[illegible] — [illegible]

[illegible] — [illegible]

[illegible] عمر [illegible] ساری — [illegible]

[illegible] — [illegible] عشق [illegible]

[illegible] — [illegible] عمر [illegible]

Scanned by CamScanner

ٹکڑیاں راتیں پیا ڈاڈھاں [illegible] اجاڑے واٹ

ایک غزل کے ان اشعار کو دیکھیے

آکھ دا عاشق نہ تھیوم پیوا [illegible]

سو صفریاں دے وی [illegible] میں اپنے گاتھ نہ [illegible]

دل موہ فرید تھیسہ سے ساحلی [illegible]

تصوف، تغزل، سوز و گداز، حلاوت سے معمور یہ غزلیں خواجہ فرید سے شاعرانہ چاہت میں اضافہ کرتی ہیں۔ ان کی غزلوں میں موسیقی اور ماحول کی فضا ہے۔ انہوں نے اپنی غزلوں کو شگوفوں، [illegible] صحراؤں، ریگزاروں، دریاؤں، سمندروں کے [illegible] روشنی کی [illegible] سے یوں محسوس ہوتا ہے کہ زندگی کی [illegible] سے بچھڑی ہوئی محسوس ہوتی ہے۔ [illegible] کہ دل و دماغ روشن ہو جاتے ہیں۔

عشق تمہیں کی عجب غضب دی [illegible]

ان کی غزل کا یہ شعر شیفتہ کے اس شعر کی یاد دلاتا ہے۔

شاید اسی کا نام محبت ہے شیفتہ
اک آگ سی ہے سینے کے اندر لگی ہوئی

فرید کی اسی غزل کا ایک شعر ملاحظہ ہو

درد اندوہ تے سول ہزاراں [illegible]

کس قدر بے ساختگی اور [illegible] ہے۔

میرے اندازے کے مطابق دیوان فرید میں موجود [illegible] کافیاں اصل میں

در حقیقت غزلیں ہیں۔

خواجہ فرید ۱۸۴۵ء میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۰۱ء میں وفات پائی۔ ان کے شعری سرمایہ [illegible]

[illegible]

ذیل میں ان کی ایک خوب صورت غزل کے چند اشعار

میڈا عشق وی توں میڈا یار وی توں
میڈا دین وی توں ایمان وی توں

میڈا جسم وی توں میڈا روح وی توں
میڈا قلب وی توں جند جان وی توں

میڈا کعبہ قبلہ مسجد منبر
مصحف تے قرآن وی توں

میڈے فرض فریضے حج زکاتاں
صوم صلوٰت اذان وی توں

میڈا ذکر وی توں میڈا فکر وی توں
میڈا ذوق وی توں وجدان وی توں

میڈا دھرم وی توں میڈا بھرم وی توں
میڈی شرم وی توں میڈی شان وی توں

میڈا ڈکھ سکھ رووݨ کھلݨ وی توں
میڈا درد وی توں درمان وی توں

میڈا خوشیاں دا اسباب وی توں
میڈے سولاں دا سامان وی توں

میڈا حسن تے بھاگ سہاگ وی توں
میڈا بخت تے نام نشان وی توں

میڈے ٹھڈڑے ساہ تے مونجھ مونجھارا
ہنجوں دے طوفان وی توں

میڈی مہندی، کجل مساگ وی توں
میڈی سرخی بیڑا پان وی توں

میڈی وحشت جوش، جنون وی توں
میڈا گریہ آہ و فغان وی توں

میڈا اول آخر، اندر باہر
ظاہر تے پنہاں وی توں

میڈا بادل برکھا، کھمیاں گاجاں
بارش تے باران وی توں

جے یار فرید قبول کرے
سرکار وی توں سلطان وی توں

آج کی خواتین افسانہ نگاروں کی نگارشات

The article deals with the women short story writers of the 21st century. The writers have focused mainly on the problems faced by women in the beginning of this new century. There are challenges for the 21st century working women and the stress is paid on how they are resolving the problems and the challenges. They are also facing multiple other responsibilities and fulfilling their duties imposed upon them by their gender.

اکیسویں صدی کے ابتدائی پانچ سالوں میں خواتین افسانہ نگاروں کے تقریباً [illegible]

پروفیسر اسلوب احمد انصاری "زندگی کے رنگ" پر اپنی رائے کا اظہار ان الفاظ میں کرتے ہیں

"یہ افسانے زندگی کے بارے میں ان کے نقطۂ نظر کی وضاحت [illegible]
حاصل ہیں۔ ان کا موضوع [illegible] روزمرہ کی زندگی [illegible]
سب افسانے کسی اعتبار سے حقیقت نگاری سے [illegible]
ان میں تخیل اور واقعیت کو یکجا کیا گیا ہے۔ [illegible]
بیشتر صورتوں میں متوسط زندگی کی عکاسی [illegible]
واقعات اور رشتے پیوست اور گتھے ہوئے ہیں۔"

پروفیسر [illegible] کی مجموعہ "پہچان" کے بارے میں لکھتے ہیں

"ان افسانوں کو پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ افسانہ نگار نے زندگی کو
[illegible] اور اس کی تہہ تک پہنچنے کی کوشش کی ہے اور اس نے
یہ دیکھا کہ زندگی کوئی سیدھی سادی حقیقت نہیں۔ زندگی کی پیچیدگی اور
تہہ داری [illegible] اور افسانہ نگار میں اس
ہنر کے حصول کا حوصلہ بھی ہے اور تلاش کی [illegible]
تجسس کا جذبہ بھی۔"

پروفیسر سید [illegible] "تعاقب" کے توسط سے خورشید جہاں کی افسانہ نگاری کے بارے میں
لکھتے ہیں

"ان کے تمام [illegible] کی [illegible] زندگی سے عبارت ہیں۔ ان
کے ذہن میں زندگی اور [illegible] عنصر پایا جاتا ہے وہ ان کی کہانیوں سے
ظاہر ہے ان کی کہانیاں [illegible] کے گرد گھومتی ہیں۔ انہوں نے
یہاں کی زندگی کے مختلف پہلوؤں کو کہانی کا روپ دیا ہے۔ ان کے
پلاٹ اور کردار [illegible] کی روزمرہ کی زندگی سے لئے گئے ہیں

اور وہاں کی دلچسپ رسوم و رواجوں کی عکاسی کرتے ہیں۔"

ڈاکٹر محمد شاہد اللہ ندوی "پانی اور پہچان" کے تعلق سے رقم طراز ہیں:

"پروفیسر مجید محمود ایک منفرد ... ہیں ... جو اردو دانشوری اور تحقیق کی دنیا میں اپنی ایک منفرد پہچان رکھتے ہیں۔ یہ پہچان خود ان کی ذات کی دین ہے ... تحقیق و مرتب خوبی ہے۔ اسی خوبی سے تحقیق کے میدان میں زندگی کی ترجمان تخلیق ہے جس میں سیاست کا کوئی عمل دخل نہیں ہوتا۔ "پانی اور پہچان" میں شامل ان کی کہانیاں بھی خوبی سے دانشورانہ دعوت فکر قاری کو سوچنے کے لیے مجبور کرتی ہے۔"

ان معروضات کے ساتھ ساتھ عصر حاضر کے نامور افسانہ نگاروں مثلاً اقبال مجید، سلام بن رزاق، سید محمد اشرف، صدیقہ بیگم سیوہاروی، شموئل احمد، ترنم ریاض وغیرہ نے اپنے تنقیدی مضامین سے ان مجموعوں کی پذیرائی کی ہے۔

مقبولیت کی دوسری بڑی وجہ یہ ہے کہ اکیسویں صدی کے آغاز میں ہمیں جس طرح کے مسائل درپیش ہیں وہ مذکورہ مجموعوں میں مختلف زاویوں سے پیش کیے گئے ہیں۔ ان میں شامل زیادہ تر کہانیاں نہ تو روایتی حسن و محبت کی داستانیں ہیں اور نہ ہی رومانی، عریانی اور جنسی حکایتیں بلکہ عصر حاضر میں ہمیں کی کہانیوں میں زندگی کے مختلف رنگوں کو فطری انداز میں دکھایا گیا ہے۔ نیز تمام افسانوں سے بڑی حد تک یہ بات درست ہے کہ کہانیوں کی بنت میں ایک مرکزی خیال ہے اور یہ کردار اس خیال کی وضاحت کرتا نظر آتا ہے۔ مذکورہ مجموعوں میں چند ایسی کہانیاں بھی ہیں جو اپنے اختتام پر کوئی مجموعی تاثر نہیں چھوڑ پاتی ہیں پھر بھی واقعے کی پوری جانکاری ضرور دیتی ہیں۔

موضوعاتی سطح پر دیکھا جائے تو ان مجموعوں میں شامل ۲۸ افسانوں میں یوں تو

Scanned by CamScanner

قدروں کا زوال، رشتوں کی پامالی، جنسی گمراہی، معاشرہ کی بدحالی، جبلی زندگی کی الجھنیں اور
عورت اور دوسرے ایسے ہی موضوعات بھی نظر آتے ہیں لیکن جو موضوع زیادہ تر افسانوں پر حاوی
ہے وہ ہے معاشرے میں عورت کو چیلنج کرتا ہوا اور اپنے وجود کو ثابت کرتی عورت۔ ان
سولہ کہانیوں میں سے دس کہانیوں کا مرکزی کردار عورت ہے۔ مگر عورت کے تشخص کی یہ
جستجو اردو سے پہلے لکھنے والوں کی کاوشات سے کسی حد تک مختلف ہے۔ عورت کے اس نئے
تخلیق کار کی عورت کی کہانی میں نسائی حسیت کی اپنی انفرادیت و اہمیت ہوتی ہے۔ اپنے
ان تمام کہانیوں میں صرف عورت اور گھر نہیں ہے بلکہ بازار، دفتر، سیاست، فرقہ واریت
وغیرہ بھی کچھ ہے لیکن زور اس بات پر ہے کہ ان سب کا عورت کیسے مقابلہ کر رہی ہے۔
احتجاج کی آواز تو ہمیں رشید جہاں، عصمت چغتائی اور بعد کی افسانہ نگاروں کے یہاں بھی
سنائی دیتی ہے مگر یہ احتجاج جتنا پرشور "زندوں کی وراثت" میں ہے اتنا شاید ہی پہلے کبھی
ہو۔ ثروت خان نے اس مجموعے کی کہانی "میں مرد مار بھلی" کا یہ اقتباس ملاحظہ ہو

"وہی گھر وہی آنگن اور اس کا شوہر   دونوں نے قتل کرا کے فرار ہوتی عورت
بیاہ کر آئی تھی   آخر بچے کے بعد   کیرتی کو موقع کا انتظار رہتا۔ جیسے
ہی قصبے میں کوئی جوان مرد کا کام کرنے والا آتا، کیرتی جوڑ توڑ کر اس کو
قصہ اس پر بدنیا ہو جاتا   وہی باپ   وہی ماں   وہی لاڈلی
گھر نے   وہی تمنائیں تھیں   اور وہی وجود   گھر سہما سہما
یک فرار ہو رہا ہوتا   نفرت و حقارت کے جذبے سے پر۔ جب
تک وہ بچے بچے ڈھال نہ ہو جاتا کیرتی کا قصہ کم نہیں ہوتا
کرا لے اور نفرت کے اپنے جوہر دکھائی کہ سب دم دبا کے نظر
آ گئے۔"

اسی مجموعے کی دوسری کہانی "حسن کا معیار" کا یہ اقتباس دیکھئے

Scanned by CamScanner

"دونوں میں جھگڑا اتنا بڑھا کہ رام اوتار نے اپنا غصہ [illegible] سیتا
سیتا کو گھر سے نکل جانے کا کہہ دیا۔ سیتا کو اتنا غصہ آیا [illegible]
قلعے کی طرف اکیلا جارہا ہے۔ جہاں عورت سے [illegible]
لاتعداد کہانیوں کے جال اس کی ست [illegible] چلے [illegible]
دیواروں [illegible] تختیاں اور لاتعداد [illegible]
دعائیں [illegible] ایک ساتھ والی چادر [illegible]
عورت میں نے نہیں دیکھی۔ [illegible]
گئی" رام نے سیتا کا ہاتھ پکڑا اور [illegible]
[illegible] کی طرف لے جانے لگا۔ سیتا نے پوری طاقت سے
ہاتھ چھڑایا اور بولی میں خود جا رہی ہوں۔" [illegible]
کی ضرورت نہیں۔ مگر اتنا [illegible] سے تو میں تمہیں بھی
نہیں دوں گی۔" سیتا نے [illegible] آگے میں [illegible]
ایک لفظ چبا چبا کر کہا اور باہر نکل گئی۔ پولیس [illegible]
[illegible] کے خلاف [illegible] کا فائدہ اٹھاتے ہوئے [illegible]
کا جھوٹا الزام لگا کر اس جرم کے لیے اسے گرفتار کر کے سخت سے
سخت سزا دینے کی اپیل کی۔ انسپکٹر کے [illegible]
ساتھ ہو گئی۔ انسپکٹر نے شکایت درج کرتے ہوئے [illegible]
[illegible] کرنے کا [illegible] اس نے اخبار
میں خبر پڑھی کہ [illegible] رام اوتار [illegible]
الزام میں پولیس نے گرفتار کر لیا ہے۔ سیتا کی آنکھوں میں چمک
آ گئی [illegible] رام تم [illegible] سے ساتھ [illegible]

بیچارہ اب سوچ کے رہ جاتا ہو   میں نے کبھی ڈاکٹر کو قسم سے دیکھا ہے اس
"[illegible] کھلا دو میری [illegible]"
لیا۔ اب چاہے حالات پر چھوڑ دیا ہو یہ۔ [illegible]
وہ ایک ہی بیٹا تھی جس کو نہ مصور [illegible]

[illegible] عورتوں نے [illegible]
بیٹے نے تعمیر کیا تھا۔ اسلام کی آگ میں جلتی ہوئی ان عورتوں نے [illegible] ان کرداروں کو بہت قریب سے دیکھا ہے [illegible] پھوڑتی ہیں۔ [illegible] کردار قابل [illegible] ہیں۔ ان کہانیوں میں جو عورت ہے وہ گھر میں رہنے والی [illegible] گھٹنے والی عورت ہے۔ یہ عورت ایک خاص تہذیب کے ساتھ سامنے آتی ہے۔ یہ عورت [illegible] والے لوگوں کو برداشت تو کرتی ہے مگر وہ اسے [illegible] اور ایک دور احتجاج بیدار ہوتا نظر آتا ہے۔ احتجاج کی یہ آواز [illegible] گھروں کے پیچھے [illegible] سے دکھائی نہیں دیتی۔ عصمت [illegible] کی کہانیاں صرف نسائی حسیت کی ترجمان نہیں ہیں اور نہ ہی ان میں مرد کے خلاف شور یا احتجاج ملتا ہے۔ عصمت نے حالات کے شکنجے میں جکڑے ہوئے کرداروں کے اور ان کے احوال کی تصویر کشی پر اکتفا کیا ہے۔ ان کہانیوں میں عصری فکر و احساس کے اپنے دور کی عام زندگی کی عکاسی بڑی خوبی کے ساتھ کی گئی ہے۔ کہانی "[illegible]" بہت [illegible] عصمت کی کہانی "چوتھی کا جوڑا" سے مختلف ہوتی ہے۔ بیوہ ماں اپنی [illegible] شادی کی تیاری میں دن بہ دن گھلتی جا رہی ہیں۔ ایک ایک [illegible] جوڑا [illegible] گزر جاتے ہیں کہ ان کے گھر کوئی رشتہ نہیں کرتے۔ ایسے میں بڑی بیٹی آپا [illegible] ہے اپنی شادی کے لیے۔ رکھے گئے [illegible] دیتی ہے اور رشوت دے کر [illegible] حاصل کرتی ہے۔ حالانکہ ماں اس عمل سے خوش نہیں ہوتیں مگر گھر میں [illegible] آ جاتی ہے اور ایک دن وہ اپنی چھوٹی بہن کی شادی بھی کر دیتی ہے۔ آج کی عورت کی قوت ارادی [illegible] مثبت رہا ہے۔ بہر حال یہاں بھی عورت کا یہ احساس مرکزی نکتہ ہے کہ وہ اپنی [illegible]

حالات میں تبدیلی آ گئی ہے۔

''عورت سے بچو'' میں ظاہر دار مرد کے عام نظر آنے والے مسائل کو اپنے افسانوں کا موضوع بنانے کے بعد حمیدہ خان نے ان میں اپنے گرنے کا حال کیے ہیں جہاں ہم آہنگی کی تبلیغ نہیں ہوتی۔ عورت کی نفسیات پر افسانہ نگار کی گرفت اکثر افسانوں میں عورت مرد کے رشتوں کا تجزیہ پیش کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ حمیدہ خان نے نوکری پیشہ عورت کے مسئلوں کو اپنی کہانیوں کا خاص محور بنایا ہے اور پھر ان میں محبت اور جنس کے درمیان فرق کو بھی بہت خوبی سے ابھارا گیا ہے۔

ڈاکٹر عفت آرا کی کہانیاں مرد اور عورت دونوں کو مرکز بنا کر لکھی گئی ہیں۔ بعض کہانیوں کے عنوان شعروں کے مصرعوں سے لیے گئے ہیں۔ جیسے ''ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں''۔ ''بے صدا ہو جائے گا یہ ساز ہستی ایک دن'' ''انتظار غمخواری قبول ہے''۔ ''یہ داغ داغ اجالا'' وغیرہ۔ ان افسانوں کا موضوع زیادہ تر خاندانی زندگی ہے جہاں افراد کے تعلقات، رشتے دوسرے افراد کے ساتھ جڑے اور الجھے ہوئے ہیں۔ مرد اور عورت کی باہمی کشمکش اور تصادم سے زندگی بعض اوقات ناقابل برداشت اور اجیرن ہو جاتی ہے تو کبھی بچوں کی موجودگی اس زندگی کو بکھرنے سے بچا لیتی ہے۔ عفت آرا کی کہانیوں میں گھریلو ملازموں اور ان کی نفسیات کے حوالے بھی نظر آتے ہیں۔ افسانہ ''خوشی کے رنگ'' میں ایک جگہ لکھتی ہیں:

> ''ممی کے ذہن پر ابھرتے ہوئے نقوش میں واضح نقش OPHELIA کا تھا جب وہ اپنے محبوب ہیملٹ کے پاگل ہو جانے کے بعد اور اپنے عزیز باپ کے قتل سے متاثر ہو کر جینے کے لیے ایک ان ہو گئی۔''

تب انتظار کا یہ اقتباس ملاحظہ ہو

''اسے انگریزی ادیبوں کی وہ ملاقات یاد آ گئیں جن میں گاؤں میں رہنے والے غریب، بلیچ کو اگر ملاقات یاد جاتا ہے اور خاص طور پر جس پادری اور گیلبرٹ نے جس خوبصورتی اور باریک بینی سے ان کا ذکر کیا ہے اس میں ابھرنے والی ان کی تصاویر یہ چاہے اس قدر سے مختلف نہ تھیں۔''

''اور ہے ملاقات کا شعور'' میں لکھتی ہیں

''تخلیق وارڈزورتھ کے ان کی Spontaneous over flow of powerful feeling والا تھا۔'' اس طرح کے مقولات کہانی کے حسن میں کوئی خاص اضافہ تو نہیں کرتے ہیں مگر یہ ان کی وسعت آرا کی مضبوط گرفت کی گواہی ضرور دیتے ہیں۔''

نوال جمیلہ نے مرد اساس معاشرے میں متعصبانہ رویوں کی مختلف زاویوں سے نشاندہی کی ہے۔ ان کے لہجے میں ایک توازن اور ٹھہراؤ ہے۔ انہوں نے خواتین کی ذہنی الجھنوں کو محسوس کرتے ہوئے ان کو نئے زاویے سے دیکھا ہے۔ ''ایک گلی دھوپ کا'' میں شامل تقریباً تمام افسانے عورت کی پیچیدہ زندگی کے بارے میں ان کے گہرے مشاہدات کا حاصل ہے۔

ذکیہ ریاض کی کچھ کہانیوں میں مردانہ جبر کے خلاف ردعمل کی آہٹ ملتی ہے۔ عورت ان کی کہانیوں میں بھی موجود ہے لیکن ان کی بنیادی دلچسپی دنیا اور انسانی رویوں کے پیچھے چھپ کر دیکھنے میں ہے۔ شاید اس وجہ سے انتخاب کا عنصر ان کے یہاں بہت کم ملتا ہے۔

بلقیس محمود کے مجموعے ''پانی اور چٹان'' کی کہانیاں قدرے مختلف ہیں اور اپنی ایک الگ شناخت قائم کرتی ہیں۔ ان کہانیوں میں وجود بہت حاوی ہے۔ اپنی ہی ذات تک کی

Scanned by CamScanner

معاشی مسائل کے مجموعی تناظر میں اس کو مدغم کر دیا گیا ہے۔ ایسے میں نسوانیت کا تنگ
دائرہ وسیع ہو کر رہ گیا ہے۔ عورت کی جذباتی زندگی [illegible]
بھری ہے۔ جزئیات نگاری ان خواتین افسانہ نگاروں کا وصف خاص ہے۔ نفسیاتی الجھن
اور جذباتی تناؤ کا بیان کثرت سے ہوا ہے۔ ان کے [illegible]
بھی ہے اور علامتیت بھی۔ جیسے [illegible]
[illegible] کی حرارت" میں [illegible]
[illegible] میں [illegible]
[illegible]
[illegible]

جیسا کہ پہلے عرض کیا گیا ہے [illegible]
ان افسانوی مجموعوں میں [illegible]
[illegible] خواتین افسانہ نگاروں نے [illegible]
[illegible] افسانہ نگار کے اپنے طریقے ہیں [illegible]
کرداروں کا تحرک [illegible]
کی قدر، اختیار رکھا اور اس [illegible] کے آغاز سے [illegible]
[illegible] کی کہانی "[illegible]" [illegible]
[illegible] "[illegible]" [illegible]
کہانی "[illegible]" میں [illegible] ہے [illegible] کہانی کے [illegible]
[illegible] کی کہانی "[illegible]" میں [illegible] احساس [illegible] ہے۔

"[illegible]" کے مرکزی کردار [illegible] ہے [illegible]
[illegible] کی طرف جانے [illegible] تکلیف ہوتی ہے۔ [illegible]

محسوس کرتی ہے اور سوچتی ہے کہ یہ سب کیسے ٹھیک ہو گا؟ حال، ماضی اور ماضی، حال کیسے بن سکے گا۔ اس سوچ سے سارے پلاٹ کو ترتیب دے اور معنی خیز بنانے میں ترنم ریاض نے بڑی ہنرمندی دکھائی ہے۔ انہوں نے محمود کی اس کہانی کو تمام احساسات، خیال اور یاد آفرینیوں کے اسے بچے کی نظر سے پیش کر دیا ہے کہ کل اور آج کے کشمیر کا پورا منظر نامہ قاری کے سامنے آ جاتا ہے اور اسی طرح ماضی کو حال میں پیش کرتے وقت Reflection اور Narration کا خوب صورت امتزاج بن پڑا ہے اور یہ اثر دار بنتا ہے

"وہ تیزی سے دوڑتی ہے۔" محمود نے دوکان کے غائب ہونے کی جگہ
کو کہا تو فیروز کے ہونٹوں پر ہلکی سی مسکراہٹ پھیل گئی۔ کتنی یادیں
وابستہ تھیں اس جھیل کے ساتھ وہ اپنے ابا امی اور بہن بھائیوں
کے ساتھ ایک بڑی سی کشتی میں عمدہ پوشاک پہنے، سامان
خورد و نوش لے کر جھیل کی سیر کو گئی ہے۔"

اور پھر دوران سیر ماضی کے واقعات تفصیل سے بیان کیے جاتے ہیں۔ بیان میں وہ سحر انگیز قوت ہے کہ قاری اپنے آپ کو اسی ماحول میں محسوس کرنے لگتا ہے۔ بکھرے بکھرے بے ترتیب واقعات جنہیں قاری ترتیب دیتا ہے، ترنم ریاض الگ الگ ٹکڑوں میں پیش کرتی ہیں اور ایک اشارے میں ایک پورے واقعے کو پرو دیتی ہیں۔ کہیں جھیلوں کا ذکر ہے تو کہیں کشتی پر کی جانے والی کاشت کا۔ کبھی مغلوں کے زمانے کے قالیچے، دوشالے کے قالین وغیرہ کا ذکر ہوتا ہے۔ کبھی مہاراجہ رنبیر سنگھ کے وقت کے شہر کا نقشہ بیان کیا جاتا ہے تو کبھی بیسویں صدی کے وسط میں اوتی وزیر کے دوبارہ عظیم تر ہونے کا ذکر، جس کی بدولت عوام بہت بڑی مصیبت سے نجات پاتی ہے یا پھر اس میلے کا بیان جس کے اندر پہنچ کر ترنم ریاض وقت کی سرحد کو کئی سو سال پیچھے تک لے جا کر آج کی صورت حال سے ملا دیتی ہیں۔ محمود کی اس کہانی میں وقت کی حدوں کو توڑ دینا اور منظر کا بار بار بدلنا ہے خوبی یہ ہے

Scanned by CamScanner

کہ جس منظر سے کہانی کا آغاز ہوا تھا وہیں پر کہانی ختم کر دی گئی ہے۔ کہانی کا آغاز

اس منظر سے ہوتا ہے

''جھیل پر [illegible] کی [illegible] وہ اس دن کی رات ساری نیلی [illegible]

[illegible] ''کیا ہوا ہے'' وہ [illegible] کا سب اسی

دو [illegible] آپ [illegible] تھی

بولی ہے۔ [illegible] نے [illegible] اس کے آنسو پونچھے مگر اس کا ہاتھ

اس کے [illegible] ختم کیا اور وہ [illegible] کی طرح کے بہت کی

طرح اس [illegible] اس کی [illegible] کی صورت بھی قبول

کرنے کو تیار نہ تھی۔''

اور کہانی کا اختتام اس منظر سے ہوتا ہے

''وہ جو عمر [illegible] اپنی بجھی بجھی آنکھوں سے دیکھتا ہوا

جھیل کی طرف چلا آیا تھا۔ [illegible]''

اس طرح کہانی کا آغاز جس منظر اور ماحول سے ہوتا ہے اختتام بھی اسی [illegible] پر ہوتا ہے اور بیچ میں [illegible] دیا جاتا ہے۔ [illegible] اس انداز سے ہوئی ہے کہ قاری کی دلچسپی نہ صرف قائم رہتی ہے بلکہ [illegible] تجسس بھی [illegible] رہتا ہے اور پھر آہستہ آہستہ قصہ واقعات کو ترتیب دیتے ہوئے گتھیوں کو سلجھاتا چلا جاتا ہے کہ کشمیر میں لڑکی اور جو عمر تک [illegible] کیوں [illegible] ہو جاتی ہے؟ اس کی آنکھیں [illegible] کیوں [illegible] رہتی ہیں؟ اسے کس کا انتظار ہے؟ فضا میں [illegible] کیوں [illegible] ہوئی ہے؟ صاف شفاف جھیلوں کا پانی کیوں گدلا ہو گیا ہے؟ لوگ کہاں گم ہو گئے اور ان میں قطار در قطار [illegible] کیوں سب [illegible] گئے اور [illegible] کہاں [illegible] ہیں؟ اس طرح کے تمام سوالوں کے جواب قاری خود تلاش کرتا ہے۔ افسانے میں واقعات [illegible] کی تشکیل

Scanned by CamScanner

کرتے ہیں۔

اس طرح جن مجموعوں کا ابھی ذکر کیا گیا ان کی کہانیاں موضوع اور وقت کے اعتبار سے اپنی پیش رو کہانیوں سے ان معنوں میں مختلف نہیں ہیں کہ ماضی سے بالکل الگ کسی نئی ہیئت یا تکنیک کا سراغ دیتی ہیں۔ عورت اور اس کے متعلق مسائل بدلتے وقت کے ساتھ جو شکلیں اختیار کر رہے ہیں ان کا پرتو بھی ان کہانیوں میں ضرور نظر آتا ہے۔ تاریخ کے تناظر میں ایک اہم معاشرتی دستاویز کی حیثیت سے فکشن کا جو کردار ہوتا ہے اس کے اعتبار سے یہ کہانیاں بھی اپنے وقت اور سماج کی ترجمان ہیں۔

Scanned by CamScanner

ڈاکٹر روبینہ شاہین

فراق گورکھپوری کی عشقیہ شاعری کے اہم عناصر

Firaq Gorakhpuri enjoys great repute in the tradition of Urdu love poetry. For him love signifies many things in all its variety and meanings, and a vastness of perception. With all his worldliness he has not identified a single person as object of love. Therefore his poetry encompasses sex, praise for beauty adn the immortal values of nature. The article puts its emplasis on all the emphasis on all these aspects of Firaq's poetry.

فراق ایک ہوئے جاتے ہیں زمان و مکاں
تلاشِ دوست میں میں بھی کہاں نکل آیا

فراق گورکھپوری کی عشقیہ شاعری روایت سے منحرف ہو کر اپنی انفرادیت کا اظہار کرتی ہے۔ ان کے ذہن میں عشق کا تصور بھی نہایت وسیع اور لامحدود تھا۔ اردو کے کلاسیکی شعرا، اور انگریزی ادب و فلسفہ میں رومانی دور کے شعرا سے بے حد متاثر تھے۔ انھوں نے سنسکرت ادب کا گہرا مطالعہ کیا تھا۔ ہندی شاعری کی بدولت ہندوستانی تہذیب و تمدن سے فطری وابستگی اور دلچسپی تھی۔ اس طرح انگریزی، اردو اور ہندی شعری روایت نے ان کی ادبی بصیرت کو نہ صرف وسعت دی بلکہ ایک معیار بھی بخشا۔ وہ خود

Scanned by CamScanner

لکھتے ہیں۔

"میں محض اپنے دل و دماغ کے بوتے پر عشقیہ شاعری کرنا کافی نہیں سمجھتا تھا بلکہ کلاسیکی اور بعض جدید ہندی، بنگالی اور مغربی ادب، فارسی ادب اور اردو ادب کے بھی تحقیقی جائزے ہی معاصر کے سہارے عشقیہ شاعری کرتا چلا جاتا تھا۔ میرا عقیدہ رہا ہے کہ عشقیہ شاعری کرنے کے لیے محض دل و دماغ کی ضرورت نہیں بلکہ ایسے دل و دماغ کی ضرورت ہے جسے مجھ نے رچایا اور بسایا ہو۔"

ان تمام روایات سے فیض یاب ہونے کے بعد ان کے اندر عشق کا اصل تصور ملتا ہے جسے وہ اپنی شاعری کے قالب میں ڈھالا۔ ان کے عشق کو ارضی دیکھنے کے باوجود کسی خاص فرد واحد یا شخصیت سے متعلق نہیں کیا جا سکتا۔ ان کی شاعری میں محبوب کے حسن کا بیان مظاہر فطرت سے جڑ جاتا ہے۔ بقول حسن عسکری

"جب وہ محبوب کے حسن کے متعلق سوچتے ہیں تو ساتھ ساتھ کائنات کا حسن بھی اس کے ہم دوش ہوتا ہے۔ یہ معاملہ محض تشبیہ اور استعارے کا نہیں بلکہ اس سے ماورا بہت کچھ ہے۔" (۲)

نظم کو شعرا تو ایسا ساماں کر سکتے ہیں لیکن غزل میں مظاہر فطرت کی پاکیزگی، لطافت اور زیر و بم کو پیش کر کے غزل کو نئی معنویت عطا کی ہے۔

یہ مہکی چاندنی یہ نرم نرم تاروں کی
ترے شباب کا آئینہ رات کا جوبن
لچکتے بیٹھے دلوں کی آنچ اٹھا کے
دیے ہوئے فصل گل کی داستاں لیے ہوئے

Scanned by CamScanner

تو دن کی طرح حسیں رات کی طرح پر کیف
جہاں بھی جائے وہ انداز جیت جائے

جو تیرے گیسو نے پُر خم سے کھیل بھی دیکھیں
ان انگلیوں سے ستاروں کو چھیڑ سکتا ہوں

شام بھی تھی دھواں دھواں حسن بھی تھا اداس اداس
دل کو کئی کہانیاں یاد سی آ کے رہ گئیں

وہ رات کوئی نہ آواز تھے جب ہم دم ساز
تری نگاہ کہانی سی کہتی جائے

تصور میں تجھے دوش ہم آغوشی نے بھینچا تھا
بہاریں کٹ گئی ہیں آج تک پہلو مہکتا ہے

میں آسمان محبت پہ رخصتِ شب ہوں
ترا خیال کوئی ڈوبتا ستارہ ہے

فراق نے اپنے کلام کے دیباچوں اور مکاتیب میں اپنی عشقیہ شاعری کے محرکات پر بار بار روشنی ڈالی ہے۔ ان کی غزلوں، نظموں اور رباعیات میں مظاہر فطرت سے شدید انس و محبت کا اظہار ملتا ہے۔ اس جذباتی لگاؤ کا نتیجہ ہے کہ رات، پچھلا پہر، شفق، ستارے، دھنک، کلیاں، رس، موسم کا تذکرہ محض تذکرہ نہیں بلکہ بصیرت بھرا تجربہ و مشاہدہ بن جاتا ہے۔ وہ ورڈز ورتھ کی طرح فطرت کی رعنائیوں کو جذب کرتے اور پھر انھیں لفظ اظہار کی شکل دینے کی صلاحیت رکھتے تھے۔

درحقیقت وہ جمال اور جمالیاتی کیفیات کا ایسا ادراک رکھتے تھے جو نہایت اعلیٰ وارفع اور وسیع تھی۔ انھوں نے اپنے کئی شعری مجموعوں کے دیباچوں میں اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ وہ حسین چیزوں کو محض حسین سمجھ کر نہیں دیکھتے بلکہ ان سے متعلق

Scanned by CamScanner

جزئیات کو اپنے تخیل میں ابھار لیتے ہیں۔ ان کے ادیب عشقیہ شاعری سے کافی سمجھتے کہ کوئی انسان احساساتی سطح پر دوسروں سے زیادہ شدید اور لطیف ہو، وہ جنسی اور روحانی جذبات رکھتا ہو۔ وہ محض شاعری اور اعلیٰ شاعری سے عشقیہ شاعری کو ممتاز کرتے ہیں۔ صحیح معنوں میں عشقیہ شاعر ان صفات کا حامل ہونا چاہیے۔ ان کی تفصیل وہ یوں بیان کرتے ہیں۔

"عظمت عشقیہ شاعری کے لیے ضروری ہے کہ شاعر کی روح جمالیاتی، وجدانی اور اخلاقی اعتبار سے وسیع ہو۔ اس کی شخصیت ایک وسیع زندگی اور وسیع تجربے کی حامل ہو۔ اس کا دل دردمند ہو اور اس کے شعور کی گہرائیوں میں آفاقیت ہو۔ (۱)

فراق کی شاعری میں حسن کی شمولیت اور شعوری و لاشعوری سطح پر حواسِ خمسہ کے محرکات کو زیر نگاہ رکھنے کی ضرورت ہے۔ ہر فرد اپنے مخصوص حالات کا پروردہ ضرور ہوتا ہے، چاہے اس کی تخلیقی صلاحیتیں زمان و مکاں کی قید سے آزاد کیوں نہ ہوں۔ اس میں شک نہیں کہ ہر فرد کے کئی شعوری و لاشعوری افعال و اعمال کا دارومدار ان مخصوص حالات پر ہوتا ہے جن میں وہ تربیت و پرورش پاتا ہے۔ اس نفسیاتی نکتہ کی بنیاد پر فراق کی ذاتی زندگی کا تجزیہ کیا جائے تو بہت نتائج سامنے آتے ہیں۔ انھوں نے خود بھی بارہا اپنی ازدواجی زندگی کا تذکرہ کیا ہے۔ وہ فطرتاً ایک حسن پرست انسان تھے۔ بچپن ہی سے انھیں حسین لوگ پسند تھے اور احساسِ حسن ان کے رگ و پے میں دوڑ رہا تھا۔ بچپن ہی سے حسن پرستی کے اس عنصر کو بیان کرتے ہوئے وہ لکھتے ہیں:

"جب میں ایک سال کا ہوا تو میرا احساس، شعور عجیب رنگ سے بیدار ہوا۔ میرے گھر میں آنے جانے والوں کا سلسلہ لگا ہی رہتا تھا اور آنے والے حضرات میں اکثر مجھے گود میں لیا

ہوتے تھے ... ہیں کسی بدصورت کی گود میں

... (۲۰)

وہ بہت بچپن ہی سے ان کی شخصیت پہ حاوی تھی وقت اور عمر کے ساتھ ... ایک حادثے نے اس احساس کو اور بھی تیز کر دیا۔ فراق ... سے نفرت کرتے تھے اور اسے اپنے لیے اور اپنے خاندان کے ... سمجھتے تھے۔ ان کے خیال میں اس شادی کے بعد ان کے خاندان میں بیماریاں ... انھیں اپنی بیوی کی بدصورتی سے نفرت تھی اور یہ نفرت زندگی بھر ... اس شادی نے فراق کے اعصاب کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا اور وہ ... میں مبتلا ہو گئے۔ اس شادی کو وہ دھوکہ قرار دیتے تھے۔ اس ... یہ ہے کہ اس زمانے میں لڑکی کو شادی سے پہلے دیکھنے کا ... صاحب موقع پہ جا کر لڑکی دیکھ آئی تھیں۔ ... شادی کا ... ہوتا تھا۔ فراق کے گھر سے جو عورت گئی تھی اس نے ... کی بڑی تعریف کی۔ بعد میں پتہ چلا کہ لڑکی کی بجائے ... دکھائی گئی تھی وہ ان کی خالہ زاد بہن تھی اس لیے فراق اپنی شادی کو دھوکے سے تعبیر کرتے تھے (۱۱)

فراق بچپن ہی سے بڑے جذباتی اور حساس تھے اپنے اردگرد کی ہر شے سے انھیں تعلق اور ... تھا۔ ... جانوروں اور محلے والوں سے خاص لگاؤ تھا وہ اپنے ہم عمر بچوں سے زیادہ ذہین، تیز طرار اور ہوش مند تھے۔ ان کی شخصیت میں متضاد رجحانات تھے وہ ایک وقت سخت گیر تھے وہیں رحم دل بھی تھے۔ فراخ دل بھی اور ... طرح ان کی شخصیت بڑی دلچسپ اور حیرت انگیز تھی۔ وہ اپنی شاعری کو زندگی کا سب سے بڑی خوشی قرار دیتے تھے۔ لڑکپن میں انھیں اپنے والد صاحب کی ...

[illegible] تک اس کے زیر مطالعہ رہا۔ اس کی شعر و شاعری
[illegible] ایام میں شاعری کو چاہنے
[illegible]

> [illegible] زندگی تمام تر [illegible] شعور اور آگہی
> [illegible] اور میری حقیقی زندگی میں [illegible]
> [illegible] ہے جو کہ [illegible] رات میں بھی
> [illegible] حیثیت رکھتی ہے۔ اس کے زیر اثر
> [illegible] حقیقی شاعری کرائی جس میں [illegible]
> [illegible]"

[illegible] کو تسلیم نہیں ہوتا اس کے لیے
[illegible] اور حالات کو کیسے محسوس
[illegible] اور بے پناہ [illegible] کرتے
[illegible] حاصل بھی ہوتے ہیں لیکن جو ادب اسی وقت تخلیق
[illegible] کو سمجھنے کی کوشش کرتا ہے اور انسانی
[illegible] ہوتا ہے۔ اب صرف حقیقی شاعری کر لیجیے ایسا شخص
[illegible] کیا حقیقی شاعری روزنامچہ یا ڈائری
[illegible] ہے۔ اردو ادب میں محبوب کے جور و ستم ہجر و وصال
[illegible] ہیں لیکن گوشت پوست کا حقیقی محبوب بہت کم [illegible]
[illegible] محبوب [illegible]
[illegible]
[illegible] حقیقی محبوب اردو شاعری کو دیا [illegible]

Scanned by CamScanner

محسوس کیا جا سکتا ہے۔ فراق ایسے ہی تصور کے قائل تھے اس کے باوجود کہ ان کے ہاں محبوب کا ایسا واضح تصور نہیں ملتا لیکن اس میں شک نہیں کہ وہ مادی کی سطح پر محبوب کا پیش کرتے ہیں اور اس کے حسن، اداؤں، جوانی اور رعنائی کی مثالیں بھرپور طریقے سے کر پائے۔

گزر رہے ہیں زمانے یوں یاد آ رہے ہیں
منہ پھیر کر وہ جیسے کچھ مسکرا رہے ہیں
جو حسن سادہ اتنا سادہ بھی کب ہے اے دل
پاس محو سے جو ہوتی تو وہ پا رہے ہیں

ہم بہاروں کی اک بہار اے دوست
تیری رنگین طبیعت ہے

مستیوں کی جان ہے تیرا بدن
اک نگارستان ہے تیرا بدن
کسب نور کرتا ہے جس سے فراق
وہ نگارستان ہے تیرا بدن

مجھ کو فراق یاد ہے پیکر رنگ و بو کے دوست
پاؤں سے تا جبیں ناز، مہر فشاں وہ مہ چکاں
تیرا لیا سا الفت ہے وہ رو کر وہ پیکر ناز
دیکھا دیا ہے ہر ادا، عالم کا عالم ہے وہ بدن

فراق کی شاعری میں محبت کے گوناگوں تجربات، عشق کی بیباک مظاہر کائنات کے ساتھ ساتھ جنسی عنصر بھی ملتا ہے۔ لیکن ان کے ہاں جنسی تجربے کا تقدس اور طہارت کا احساس ہے۔ وہ جنسی جذبات کو تہذیب حیات انسانی کے بلند ترین

Scanned by CamScanner

مقاصد میں سے سمجھتے تھے۔ یہ معاملہ فراق کا بھی ہے شاعری میں عشقیہ جذبات کا اظہار محض محبوب کی خوبصورتی کے بیان، وصل کی آرزو اور ہجر کے دکھڑے سے ہی عبارت نہیں بلکہ عشق کے اظہار کو اتنا ہمہ جہت ہونا چاہیے کہ محبت سے دیگر جذبات کی نمائندگی کر سکے۔ حسن، انسانی عظمت، انسان دوستی وغیرہ دنیا کے کسی ادبی کلاسیک کا بنیادی موضوع روحانی محبت ہے۔ تغزلی یا آفاقی غزلیات ہوں یا کالیداس کی شکنتلا۔ ہر جگہ موضوع تو روحانی ہے مگر جنسی، روحانی، جسمی جذبات کے ساتھ آزادی، انقلاب، مساوات، تہذیب، اور حیات نو کی بشارت بھی شامل ہے۔ فراق تصور میں عشق اور جنسیت کے قائل تھے ان کا یہ کہنا قابل غور ہے

> "نری جنسیت یا نرا عشق کچھ معنوں میں نہ جنسیت ہوتی ہے نہ عشق ہوتا ہے۔ یہی بات شاعری کے لیے بھی کہی گئی ہے۔ نری شاعری اور نرا شاعر کچھ معنی میں نہ شاعری ہوتی ہے نہ شاعر ہوتا ہے۔۔۔۔ نرے عاشق سے عشق میں اگر وہ شاعر بھی ہے تو اس کی عشقیہ شاعری میں ایک کھوکھلا پن پیدا ہو جاتا ہے۔ آفاقی دلچسپیاں عشقیہ شاعری میں آفاقیت پیدا کرتی ہے۔۔۔ تہذیب کے کارنامے جنسیت ہی کے کرشمے ہیں مثلاً انسانی تہذیب کے کارناموں سے دلچسپیاں جنسیت کے ارتقاء میں مدد دیتی ہیں۔" (۱)

میں آج صرف محبت کے غم کروں گا یاد
یہ اور بات کہ تیری بھی یاد آ جائے

فریب عہد محبت کی سادگی کی قسم
وہ جھوٹ بول کہ سچ کو بھی پیار آ جائے

Scanned by CamScanner

اک ایک صفت فراق اس کی
دیکھا ہے تو ذات ہو گئی ہے

تم مخاطب بھی ہو قریب بھی ہو
تم کو دیکھیں کہ تم سے پیار کریں

تب یہ ایک سے دو ہو اٹھا سکا
دیکھا ہے یہی محبت کے سر کی ہوئی سی

اب تو عشق تیرے بھی جائیں مگر سچ
ہے کوئی سمندر کہ ساحل کہیں ہے

ترا وصال بڑی چیز ہے مگر اے دوست
وصال کو مری دنیائے آرزو نہ بنا

وہ قرب پھر تھا کہ وحشی بھی مہذب ہو گئے
مگر یہ کیا مگر، ہاں عشق، یا زندگی نہ تھا

وہ عشق کی رنجیدگی بھی پانی بھی نہیں ہوتی۔

ہزار بار زمانہ ادھر سے گزرا ہے
نئی نئی سی ہے کچھ تیری رہگزر پھر بھی

اب اگر مجموعی طور پر فراق کی عشقیہ شاعری کے اہم عناصر کی تقسیم کی جائے تو صورتحال کچھ یوں ہو گی

۱۔ فراق شعری تجربے کے عمر بھی نہیں تھکتے، وہ اس میں ایک سچا اور گہرا جمالیاتی احساس چاہتے تھے اس لیے ان کی عشقیہ شاعری میں وجدانی شعور و احساس ملتا ہے۔

۲۔ وہ مظاہر فطرت کو مظاہر انسانی کے ساتھ ملا کر پیش کرنے پر قادر تھے۔ فطرت سے گہری وابستگی، جمالیاتی احساس و ادراک نے ان کے شعری تجربے کو منفرد بنا دیا

Scanned by CamScanner

۳۔ ادب کا خیال تھا کہ بڑا ادب اپنی کھال میں مست رہنے سے تخلیق نہیں ہو سکتا اس میں آفاقیت اور معنویت کا عنصر ہوتا ہے۔ علیحدگی (separation) تو اصل تہذیبوں اور قوموں کے بے سمت کا باعث بن جاتی ہے۔

۴۔ انھوں نے اپنی عشقیہ شاعری کو سطحیت، رکاکت، ابتذال اور چھوٹے پن سے بچانے کی کوشش کی اور اس میں زندگی کی اعلیٰ قدریں شامل کر دیں۔ انھیں اس بات کا احساس تھا کہ جب مسرت و جذبات کی معصومیت اپنی انتہا کو پہنچ جاتی ہے تو معمولی الفاظ بھی گہرائی بن جاتے ہیں اور کسی شعوری کوشش کی ضرورت نہیں رہتی۔

۵۔ وہ عشقیہ تجربات زندگی کو اہم تجربہ قرار دیتے تھے لیکن اس انفرادیت میں اجتماعیت کے عناصر تھے بھی عشق کے وسیع تر معنوں کے قائل تھے۔ وہ اپنی عشقیہ شاعری میں حیات، کائنات اور تہذیب کو شامل کر دیتے ہیں۔

۶۔ ماضی کی شعوری روایت سے استفادے کو ان کے شعری تجربے میں خاص اہمیت حاصل ہے۔ وہ عشقیہ شاعری میں نیچرل زبان کے استعمال پر خاص توجہ دیتے تھے۔ وہ اس بات پر خاص توجہ دیتے تھے کہ احساسات زبان کے سانچے میں ڈھلتے ڈھلتے اپنے مرکز سے دور نہ ہو جائیں۔ وہ زبان کے قائل نہیں بلکہ احساسات و جذبات کی زبان ان کی عشقیہ شاعری میں اہمیت رکھتی ہے۔

حواشی و کتابیات

۱۔ فراق شاعری اور شخصیت، مرتبہ شمیم حنفی، بک ٹریڈرز لاہور ۱۹۸۳ء
۲۔ فراق اور جمالیات، سید جعفر ساقی، اکادمی دہلی ۱۹۹۶ء
۳۔ جہان فراق، مرتبہ تاج سعید، سنگ میل پبلیکیشنز لاہور ۱۹۹۱ء

Scanned by CamScanner

۴۔ غزل کا پیرا، طالب احمد انصاری، یونیورسل بک ہاؤس علی گڑھ، ۲۰۰۳ء

۵۔ فراق صاحب، مشتاق نقوی، نذر آگہی، ۱۹۸۲ء

۶۔ اردو ادب فراق نمبر، جنوری ۲۰۰۲

۷۔ فراق کی شاعری میں جمالیاتی و ہیجانی عناصر، ڈاکٹر زیب النساء، مضمون، مشمولہ اردو ادب فراق نمبر، ۲۰۰۲ء

۸۔ فراق گورکھپوری، طالب احمد انصاری، مضمون، مشمولہ گل نغمہ، مطبوعہ ادارہ انیس اردو الہ آباد، بھارت، ۱۹۵۹ء

۹۔ [illegible] فراق کی چند غزلیں، پروفیسر محمد عسکری، مضمون، مشمولہ گل نغمہ، مطبوعہ ادارہ انیس اردو الہ آباد، بھارت، ۱۹۵۹ء

عطاء الرحمن قاضی

کلامِ شکیب میں جبلتِ مرگ کی کارفرمائی

Shakaib Jalali was an unusual phenomenon. For him death was an extraordinary activity. It had an instinctive appeal for him. For him death was a fact of life arpund which philosophy and religion had woven a highly complicated pattern. The instinct of death has a special niche in his poetry. His fascination wfrom the idea of death was strunghened by his suicide. Here Shakaib's preoccupation with "deathwish" has bee explored.

موت ایک ایسی ویسی حقیقت ہے کہ جس سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ پوری انسانی زندگی اس تلخ حقیقت کی ناگزیریت کو تسلیم کرتی ہے اور اس کی ناگہانیت سے جنم لینے والی وحشت کے حصار سے نکلنے کے لیے شعوری یا لاشعوری تگ و دو کرتی رہتی ہے۔ قدیم قوموں کے نظریہ مرگ (Conception of Death) کا اگر جائزہ لیں تو پتہ چلتا ہے کہ ازمنہ قدیم کے لوگ اپنی محدود ذہنی صلاحیتوں کی بدولت موت کو ایک ایسی بلا یا دیو سمجھتے تھے یا غیر مرئی قوت کے طور پر محسوس کرتے تھے جو ان کے نزدیک باہر سے حملہ آور ہوتی ہے اور انسانوں کو زندگی میں سے لے کر بے حس بنا دیتی ہے۔ ان لوگوں کے نزدیک موت کے اسباب سراسر بیرونی (External) تھے۔ رفتہ رفتہ انسانی صلاحیتوں کے ارتقا پذیر ہونے سے جو

حقیقت منظر عام پہ آئی کہ:

"ہر جاندار اپنے ساتھ موت کے امکانات لے کر آتی ہے۔ یہ ذی روح ایک خاص عرصے تک زندہ رہنے کی تگ و دو کرتا ہے اور بالآخر پتھر کی طرح سرد اور بے حس ہو جاتا ہے۔"(۱)

گویا موت کی وجوہات بیرونی نہیں اندرونی ہوتی ہیں۔ موت کی یہ توضیح انسان کے مختلف طرزِ فکر کی غماز ہے۔ جدید انسان کائنات اور اس کے مظاہر کو اب سے نئی نظر سے دیکھ رہا ہے اور اس حقیقت کو منکشف کر رہا ہے کہ صرف حیاتی اشیاء (جیسے حیوانات، نباتات) ہی نہیں بلکہ غیر حیاتی اشیاء بھی ہر لمحہ فنا کے بے کیف عمل کی گرفت میں ہیں۔ آئن سٹائن کا کہنا ہے کہ یہ کائنات ہی مسلسل سرد اور تاریک ہو رہی ہے۔ اگرچہ یہ عمل بہت سست رو ہے لیکن کروڑوں سال پہ محیط اگر یہی عمل کائنات کو ایک دن سرد اور تاریک بنا دے گا۔ آئن سٹائن کا نظریہ اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ:

"تخریبی عمل کائنات کے اندر موجود ہے اور وہ اپنے تکمیل کی طرف جا رہا ہے۔ لہٰذا جو خاصیت کائنات میں مجموعی طور پر موجود ہے اس کا اظہار نباتات یا حیوانات کی محدود دنیا میں آ سکتا کوئی غیر فطری بات نہیں۔ اگر ہماری کائنات تباہ ہو سکتی ہے تو ہمارا انجام بھی اس سے مختلف نہیں ہو سکتا۔"(۲)

فرائیڈ بھی اس نظریے کا قائل ہے کہ موت کی وجوہات باطنی ہوتی ہیں۔ کوئی بیرونی قوت موت سے ہم کنار نہیں کرتی۔ اس نے انسانی ذہن کی گہرائیوں میں موجود انسانی فنا پذیری کے احساس کو نہایت مربوط اور سائنسی انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی۔ اس نے ۱۹۲۰ء میں اپنی کتاب "ماورائے اصول لذت" (Beyond Pleasure Principle) میں جبلت مرگ کے تصور کو پیش کیا۔ پہلی جنگ عظیم کے بعد ۱۹۲۰ء

خلفشار اور اقتصادی استحصال کا شکار تھا اس نے بیشتر لوگوں کے اندر قنوطیت پیدا کر دی تھی۔ فرائیڈ کا ایک قنوطیت کے حامل نظریے کو پیش کرنا اس عہد کے معروضی حالات کا منطقی نتیجہ معلوم ہوتا ہے۔

فرائیڈ کے نزدیک ہر شخص کے اندر لبیڈو (Libido) کی دو بنیادی جبلتیں

(۱) تحفظِ ذات

(۲) اشاعتِ ذات

موجود ہوتی ہیں جو شخص کو نشوونما فراہم کرنے کا فریضہ سرانجام دیتی ہیں۔ ان جبلتوں کو جو زندگی حیات میں مدد و معاون ثابت ہوتی ہیں۔ فرائیڈ ایک وحدت کے طور پر پیش کرتا ہے اور اسے جبلتِ حیات (Eros of Life Instinct) کا نام دیتا ہے۔ اس کے علاوہ جو دوسری جبلت شخص کے اندر موجود ہوتی ہے اسے فرائیڈ جبلتِ مرگ (Thanatos or Death Instinct) قرار دیتا ہے۔ اس جبلت کا مقصود شخص کو موت سے ہمکنار کرنا ہے۔ یہ جبلت عضویے کی حیاتیاتی قوت پر استیلا حاصل کر کے عضویے کو بے حس بنا دیتی ہے۔ فرائیڈ کے نزدیک جبلتیں لچک کی صلاحیت سے محروم اور رجعت پسند ہیں۔ اپنی قدیم حالت میں واپسی جبلت کا خاصہ ہے۔ حیاتیاتی اشیاء کی ترقی اور فروغ میں جبلتوں کا کردار نہ ہونے کے برابر ہے۔ یہ فریضہ بیرونی عناصر (ماحول، جغرافیائی حالات) ہی سرانجام دیتے ہیں۔ فرائیڈ کے نزدیک چونکہ حیات کی صفات، کسی نامعلوم قوت کے زیر اثر غیر حیاتیاتی مادے کے اندر پیدا ہوئی ہیں۔ اس لیے معرض وجود میں آنے والی جبلت زندہ شخص کو دوبارہ غیر حیاتیاتی مادے میں تبدیل کر دینا چاہتی ہے۔ فرائیڈ کا کہنا ہے کہ:

"The attributes of life were at same time evoked in inanimate matter by the action of the force of whose nature we can form no conception. It may

Scanned by CamScanner

perhaps have been a process similar, in type, to that which caused the development of counschiness in a particular stratum of living matter the tension which then arose in what had hither to been an inanimate substance endeavoured to cacel itself out. In this way the first instinct came into being: the instinct of return to the inonimate state."(۳)

فرائیڈ کے اس نظریے کا جائزہ لیتے ہوئے شہزاد احمد رقم طراز ہیں کہ

"ممکن ہے کہ فرائیڈ کو یہ خیال اس کے اپنے نظریہ مراجعت سے لایا ہو۔ تحلیل نفسی کہتی ہے کہ بچہ پیدائش کے بعد اپنی غیر پیدائشی حالت کی طرف لوٹ جانا چاہتا ہے۔ اس نظریے کو مراجعت (Regression) کہا جاتا ہے۔ مادے کے ساتھ اس نظریے کو متعلق کرنا خاصی دور از کار بات ہے۔ چنانچہ اس بنیادی خیال کو ثابت کرنے کے لیے فرائیڈ نے کسی ماہر حیاتیات کا حوالہ تک نہیں دیا۔ اس لیے یہ نظریہ مفروضے سے زیادہ حیثیت کا حامل قرار نہیں دیا جا سکتا۔"(۳)

بہر حال اپنی تمام خامیوں کے باوجود فرائیڈ کا یہ نظریہ موت کے مسئلے کو ایک نئے اور منفرد تناظر میں دیکھنے اور حل کرنے کی کوشش ضرور ہے جسے یک قلم مسترد نہیں کیا جا سکتا۔ فرائیڈ کے نزدیک جبلت مرگ اور جبلت حیات دونوں بیک وقت ایک ہی ذات کے اندر موجود ہوتی ہیں۔ اس نظریے کا اگر بنظر غائر جائزہ لیں تو اس کے اندر سے جو پہلو ابھر

(Dialectical Materialism) سے ملتے نظر آتے ہیں۔ دو متناقض جذبوں کی ایک ذہن میں یکجائی جدلیاتی مادیت کے قانون وحدت اضداد (unity of opposite) کے عین مطابق ہے۔ اس کے برعکس ارسطو کا خیال یہ ہے کہ

"دو متناقض جذبے ایک وقت یکجا نہیں ہو سکتے۔ ایک لمحے میں ایک ہو گا تو دوسرے لمحے میں دوسرا۔ ایک شے ایک ہی وقت میں سفید اور غیر سفید نہیں ہو سکتی۔ البتہ یہ ممکن ہے کہ ایک وقت میں ایک شے سفید ہو اور دوسرے وقت میں غیر سفید ہو جائے۔ اس قانون کو قانون مانع النقیضین (Law of Non contradiction) کہا جاتا ہے۔"(۵)

ارسطو کی منطق کے بموجب دو متضاد رویوں کا ایک جا ہونا ناممکن ہے لیکن ارسطو کی یہ منطق انسانوں کے ذہن میں پیدا ہونے والے ہر رویے کا تجزیہ کرنے سے قاصر ہے۔ انسان کے ذہن میں ایک وقت دو متناقض رویوں کا پیدا ہونا بعید از قیاس نہیں۔ ہر انسان کے اندر خوشی، غمی، نفرت، محبت جیسے جذبات ہر وقت موجود ہوتے ہیں۔ ارسطو کے "قانون مانع النقیضین" کے بموجب ایک ذہن میں جبلت مرگ اور جبلت حیات ایک وقت نہیں پنپ سکتیں۔ لیکن جدید علوم اور جدید نفسیات کے مطابق یہ دونوں جبلتیں ایک ہی وقت ایک ذہن میں اکٹھی ہو سکتی ہیں۔ جبلت مرگ اور جبلت حیات کی جدلیاتی کشمکش میں آخری فتح فرائیڈ کے نزدیک جبلت مرگ کو ہی حاصل ہوتی ہے۔ اپنی ماہیت کے اعتبار سے یہ نظریہ رجائیت کے برعکس قنوطیت کا حامل ہے اور کسی بھی معاشرے کے عمرانی، سماجی اور تہذیبی رویوں کی تشکیل نو میں اثباتی تناظر فراہم کرنے سے قاصر ہے۔

(۲)

ہمارے اکثر غزل گو شعراء کے ہاں اذیت پسندی (Sadism) اور سطحی کیفیات کی ترجمانی بڑے نمایاں انداز میں ہوتی ہے۔ بیشتر شعراء کے گرد و پیش کے تناظر نے ماہیت

Scanned by CamScanner

کا پتا چلتا ہے کہ ان کے ہاں پروان چڑھنے والی خواہش مرگ بھی بالآخر اثبات حیات
کی متحرک نامیاتیت (Dynamic organicism) ہی سے متعلق ہوتی محسوس ہوتی ہے۔ ہمیں
چند ایک شعراء کے ہاں خواہش مرگ، حیاتیاتی تقاضوں پر غالب دکھائی دیتی ہے۔ ان میں
شکیب جلالی بھی شامل ہیں۔

شکیب کے باطن میں پنپنے والے احساس نارسائی نے ان کے کلام میں بھی
حزنیہ لے کو فروغ دیا ہے وہ ان کے داخلی وجود کو ہمارے سامنے بے نقاب کر رہی ہے۔
اس احساس نارسائی کے پیچھے اس عہد کی سماجی قدروں اور سیاسی بے چینیوں کی جھلک
تلاش کرنا ہوا میں گرہ لگانے کے مترادف ہے۔ اگر ان کی اداس زندگی کے اسباب پر غور
کریں تو پتہ چلتا ہے کہ:

"یہ اسباب قطعاً سیاسی اور سماجی مسائل سے دست و گریباں ہونے
کے پیدا کردہ نہیں ہیں۔ ان میں زیادہ تر شکیب ذاتی محرومیوں اور حق
تلفیوں کے احساس کا ہو سکتا ہے۔ ان کے ہاں ذاتی جذبات اور دکھ
کا دباؤ شروع سے آخر تک محسوس ہوتا ہے۔ وہ اپنے آپ کو بکھرا ہوا
محسوس کرتے ہیں۔ ان کی کائنات میں پھیلنے اور نمو پانے کے امکانات
بہت ہی کم نظر آتے ہیں، سکڑنے اور سمٹنے کے زیادہ۔" (۶)

شکیب کے کچھ اشعار دیکھئے جن میں نارسائی اور ناکامی کا المیہ کامل قوت سے
کر روشن ہوا ہے۔" (۷)

جاتی ہے دھوپ اجلے پروں کو سمیٹ کر
زخموں کو اب گنوں گا میں بستر پہ لیٹ کر
فصیل جسم پہ تازہ لہو کے چھینٹے ہیں
حدود وقت سے آگے نکل گیا ہے کوئی

بس چلے تو اپنی عریانی کو اس سے ڈھانپ لوں
نیلی چادر سی تنی ہے جو کھلے میدان پر

ستارے سسکیاں بھرتے تھے اوس روتی تھی
فسانہ جگر لخت لخت ایسا تھا

بنی نہیں جو کہیں پہ کلی کی تربت تھی
سنا نہیں جو کسی نے ہوا کا نوحہ تھا

اجڑا ہوا مکاں ہے یہ دل جہاں پہ ہر شب
یہ چھائیاں لپٹ کر روتی ہیں بام و در سے

کسی کی آس تو ٹوٹی، کوئی تو ہار گیا
کہ نیم باز دریچوں میں روشنی ہے اداس

جس جس کے گلے ملے قضا سے
تکمیل حیات کر گئے ہم

بھولا نہیں ہوں قتل امید کا سماں
تحلیل ہو رہا تھا شفق میں سحر کا رنگ

کیا کچھ کیا نہ خود کو چھپانے کے واسطے
عریانیوں کو اوڑھ لیا شال کی طرح

کیا جانیے کہ اتنی اداس تھی رات کیوں
مہتاب اپنی قبر کا پتھر لگا مجھے

انسان کی بے بضاعتی اور فنا کی ناگزیریت مندرجہ بالا اشعار سے ٹپک رہی ہے۔ فصیل جسم پہ خون کے چھینٹے، ستاروں کا سسکیاں بھرنا، ہوا کا نوحہ گری کرنا، عریانی کو شال قرار دینا اور قتل امید جیسی تراکیب شاعر کے داخلی مزاج کو نمایاں کر رہی ہیں۔ مہتاب جو

Scanned by CamScanner

کہ حسن کی علامت ہے۔ شکیب کے ہاں قبر کے پتھر میں داخل ہوتا ہے۔ شکیب کے کلام میں کہیں کہیں امید آمیزی اور بہجت انگیزی کی جو جھلک ملتی ہے وہ ان کے بنیادی شعری موڈ کے سامنے کوئی اہمیت نہیں رکھتی۔ ان کا بنیادی شعری تجربہ ملتی کیفیات کے اظہار سے تشکیل پذیر ہوا ہے۔

شکیب کا آشوب آگہی، وجود اور طبقاتی تناظر سے محرومی کے باعث زندگی کو حقیقت کی صورت میں دیکھنے سے محروم ہے۔ زندگی کے جبر اور کا تخلیقی اظہار جو انھوں نے کیا ہے کے حوالے، ذہنی، جذباتی بیداری کی واردات شعری تجربے کا حصہ بنا ہے۔ اگر ہم شکیب کی غزل کا مجید امجد کی غزل سے موازنہ کریں تو پتہ چلتا ہے کہ مجید امجد کا آشوب آگہی شکیب سے کہیں زیادہ گہرائی اور گیرائی کا حامل ہے۔ شکیب فنا کو اپنے امکان کے طور پر دیکھتے ہیں جو زندگی کے خاتمے کا اعلامیہ ہے لیکن فنا کے احساس سے پھوٹنے والے اس کرب سے دوچار ہے جو مجید امجد کی ذات، روحانی تنہائی اور قلبی محرومی کا ترجمان ہے۔ دوسرے لفظوں میں مجید امجد کا غم شکیب کے غم سے کہیں زیادہ گمبھیر اور کرب ناک صورت حال کا غماز ہے۔

شکیب اپنی غزل میں جن فنی وسائل کو بروئے کار لاتے ہیں ان میں تشبیہ و تمثیل بہت نمایاں ہے۔ شکیب ماورائے حس احساسات اور مجرد خیالات کے محسوس پیکر تراشنے اور حال تشکیلوں میں ادا کرنے کی تخلیقی صلاحیت سے مالا مال ہیں۔ تجرید کو تجسیم میں داخل کر دینا اور مجرد مظاہر کا کائنات کے ساتھ استوار کرتے نظر آتے ہیں۔ اس مقصد کی تکمیل کے لیے انھوں نے کہیں تشخیص اور کہیں استعاراتی انداز بھی اختیار کیا ہے۔ حسن اور اس کے لوازمات شکیب کی غزل میں جمالیاتی تجربے میں داخل کرتے ہیں۔ محبوب کے حسن خدوخال اور مظاہر فطرت کو ملا کر ایک جمالیاتی اور نشاط آگیں تجربے میں داخل کر دیتی ہے احساس پر وہ رنگ دے رہا ہے۔ انسانی معاشرے کے برعکس فطرت کی کائنات کے ساتھ قریب کا تعلق بہت گہرا ہے۔ انھوں نے حسن محبوب اور حسن فطرت کو ایک اکائی میں ادغام

ہے۔ حسنِ فطرت اور حسنِ محبوب کے ادغام سے پھوٹنے والے تفکر کو جبلتِ حیات (Eros) کی کرشمہ سازی ہی قرار دیا جا سکتا ہے۔ چونکہ ان کے بیشتر تجربات زندگی کے ماحول اور مانوس مظاہر سے ماخوذ ہیں۔ اس لیے قاری کو غرابت کا احساس نہیں ہوتا اور وہ ان کے شعری تجربے کو اپنے باطن سے ہم آہنگ کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے۔ ان کے چند اشعار دیکھیے جن میں مختلف طرح سے جبلتِ حیات کا تخلیقی مظہر ان کے سامنے آتے ہیں۔

ان کے ہونٹوں پہ منقش تری آواز بھی ہے
خانۂ دل میں فقط تیرا سراپا ہی نہیں

یوں آئینہ بدست ملی ہے خزاں کی دھوپ
شیشے کی دھوپ لٹ گئی آفتاب میں

کھلی ہے دل میں کسی کے بدن کی دھوپ شکیب
ہر ایک پھول سنہرا دکھائی دیتا ہے

جب تک بھی ہے پہاڑیوں پہ شفق کا سونا پگھل رہا
ڈھلان تیرہ کے دونوں میں ہیں نور کے آبشار دیکھو

دھوپ کی رُت ہے تو سایۂ دیوار ہیں ہم
آج بھی ایک تعلق ہے ترے ساتھ ہمیں

پلکوں کے کٹہروں سے جو جھانک رہے ہیں
امید کہ تشنہ لبی ہیں تری پیاری

ساحل سے دور جب بھی کوئی خواب دیکھیے
جلتے ہوئے چراغ تہِ آب دیکھیے

شکیب کی تمثال کاری ان کے ذاتی مشاہدات کی بھی عکاس ہے۔ ان کے حسی

Scanned by CamScanner

تجربات نے نئے افکار کے روپ میں سامنے آتے ہیں۔ یہ افکار ان کے تخلیقی ذہن کی زرخیزی کا ثبوت فراہم کر رہے ہیں۔ انھوں نے جہاں اپنے داخلی احساس کو خارجی حقیقت سے ہم آہنگ کرنے کی کوشش کی ہے۔ مختلف انواع تمثالیں سطحِ شعور پر آئی ہیں۔ چونکہ شکیب کا بنیادی شعری تجربہ منفی کیفیات کا حامل ہے۔ اس لیے ان کے افکار و بیشتر افکار بھی دہشت مرگ (Thanatos) کے ہی ترجمان ہیں اور ناکامی، تنہائی اور انسانی زندگی کی بے بضاعتی کی عکاسی کر رہے ہیں۔ انھوں نے جدید انسان کے المیے کو واردات چابک دستی کے ساتھ فکر انگیز تصویروں کے روپ میں پیش کیا ہے۔ چند اشعار دیکھیے

چہرہ کوئی ردائے شب ابر میں نہ تھا

بیٹھا تھا میں اداس بیابانِ ذات میں

نہ اتنی تیز چلے سر پھری ہوا سے کہو

شجر پہ ایک ہی پتا دکھائی دیتا ہے

گھر سے خالی ہو گئے سایوں سے آنگن بھر گیا

ڈوبتے سورج کی کرنیں جب پڑیں دالان پر

یہ جہاں بیٹھا وہاں بھی کوئی کسی کی آمد کا منتظر تھا

کسی مکاں کے در و بام و در پہ بجھے دیوں کی قطار دیکھو

ایک جھپکی ہی لے گر نیند نہ آئی رات بھر

زوالِ شب پہ دکھ کے سر ہوا سے چراغ سو گئے

مرجھا کے کالی جھیل میں گرتے ہوئے بھی دیکھ

سورج ہوں میرا رنگ مگر دن ڈھلے بھی دیکھ

عالم میں جس کی دھوم تھی اس شاہکار پر

دیمک نے جو لکھے کبھی وہ تبصرے بھی دیکھ

Scanned by CamScanner

[illegible] ایک پہلو [illegible]

تصویر [illegible] چھوڑ گیا ہے [illegible]

[illegible] (Objective correlative) کے ذریعے شکیب [illegible] کے ساتھ گرفت میں لایا جا سکتا ہے۔ [illegible] ذات، حیات اور [illegible] اقدار [illegible] ضرور [illegible] ہے مگر وہ بھی زندگی [illegible] ہے۔ ایک نامعلوم تخلیقی الجھن جس نے شکیب [illegible] اس کی تخلیقی صلاحیتوں کو ختم کر گئی۔

حوالہ جات

1. [illegible] "[illegible] تہذیب [illegible]" [illegible] لاہور [illegible] ص ۵۹
2. ایضاً
3. [illegible] اقبال کا تصور [illegible] از ڈاکٹر نعیم احمد، اقبال اکادمی لاہور، طبع اول ۱۹۹۸ء، ص ۳۹
4. [illegible] "[illegible] تہذیب [illegible]" ص ۲۶،۲۵
5. نعیم احمد، ڈاکٹر، اقبال کا تصور [illegible] ص ۲۳،۲۲
6. [illegible] احمد انصاری، پروفیسر "غزل گو شکیب جلالی" کلیات شکیب جلالی، سنگ میل پبلی کیشنز، لاہور، اشاعت اول ۲۰۰۴ء، ص ۵۵
7. شمس الرحمن فاروقی "شکیب جلالی، مشعل جو اب بھی روشن ہے" کلیات شکیب جلالی، ص ۴۹

Scanned by CamScanner

اردو ناول میں تصور وقت

The novel by its very nature encompasses the whole of life: the consciousness of an age, the styles of the living and the variety of existence at many levels and in many eras of the past. Every thing is grist to the mill. Time therefore has a distinct and vital role to play in a genre which sometimes is defined as social reportage. In a work of fiction it works like a question mark. It has always been a challenge to the writer. The article here makes an attempt at how various writers have managed to apprehend it in their work.

ناول ایک ایسی تحریر کا نام ہے جو شعور زیست کے ساتھ ساتھ زندگی کے تلخ حقائق اور زندگی کے تجربے سامنے لاتی ہے۔ اسے لانگ فکشن بھی کہا جاتا ہے جس نے نثر کی دو نثری اصناف۔ قصے اور داستان کی جگہ لے لی ہے۔ ناول میں کردار نگاری کے ذریعے انسانی سماجی اور مختلف قوموں کے ذریعے زندگی کے بدلتے ہوئے حقائق پیش کیے جاتے ہیں۔ دوسری اصناف ادب کی طرح ناول بھی لا محدود انسانی تجربات کے اظہار کا وسیلہ ہے۔

ناول کے اسالیب میں تین بنیادی عناصر کو اہمیت حاصل ہے۔ ناول item

Scanned by CamScanner

[illegible] ... Charles I. Shannon ... [illegible]

[illegible] ... Myth ... [illegible]

[illegible]

[illegible] ... قرۃ العین حیدر ... [illegible]

[illegible]

[illegible] ... جیسے سائنس،

تاریخ، فلسفہ، علم [illegible] ... نفسیات، ... [illegible]

[illegible] ... Genetics ... [illegible]

Genomics ... [illegible] ... مختلف علوم و فنون سے استفادہ ... [illegible] ناول

[illegible] ... اردو کے پہلے ناول نگار، عبدالحلیم شرر،

رتن ناتھ سرشار، مرزا ہادی رسوا، پریم چند، ... کرشن چندر، ... قرۃ العین حیدر،

[illegible] ... عصمت چغتائی، ... [illegible] ... حیات اللہ

انصاری، ... [illegible] ... عبداللہ حسین، ... صدیقی اور [illegible]

Scanned by CamScanner

ناول کے ناولوں میں تاریخ اور وقت کا جبر، سیاسی، معاشرتی، تہذیبی، معاشی مسائل، وجودی
مسائل، ہجرت، دو تہذیبی زندگی میں جاری و ساری Landmarks اور نئی فکر، روحانی کرب،
ہمہ گیر مایوسی، لایعنیت، قنوطیت، موت کی خواہش اور موت کا خوف، ٹوٹتے بکھرتے رشتے،
غربت، جلاوطنی، استحصال، تنہائی، باطنی کرب، دہشت گردی، مذہبی شدت کا رجحان، ہمہ گیر
آسودگی اور بے ثمر دوسرے خارجی و داخلی مسائل کے ذہنی و فکری اور عالمی تناظر میں بھی اور
دوسرے بھی پڑھے گئے ہیں۔ پھر اس طرح کے ناول بھی کہ ناول پر غالب آ گیا
ہے جو انسان کو ... کرتا ہے اور منفی سوچوں کے ساتھ ساتھ ایسے اعمال کو جنم دے رہا
ہے جو آدمی کے بجائے صرف جانوروں سے وابستہ ہیں۔ ناول کے اس منظر نامے کو
سامنے رکھ کر ڈاکٹر جمیل جالبی نے آج سے چودہ سال پہلے یہ لکھا تھا کہ

> "ناول پر ایک ایسا وقت آیا تھا جب اس کی ترقی کی رفتار اتنی تیز
> تھی جیسے کہ زندگی کی تھی لیکن اب ٹھہرنے کا وقت آ رہا ہے۔ ناول
> نے Hurdel Race ختم کر دی ہے اور اب ناول کی بلندی چھونے
> کو ہے۔"(۱۲)

بہت ممکن ہے کہ ایسا ہی ہو لیکن اس سے قبل کی کارکردگی کا جائزہ لینا اس لیے ضروری ہے
کہ کام کا آغاز کہاں سے ہوا اور کہاں تک ہوا۔ اس حوالے سے کام کرنے والوں میں پہلا
اہم نام قرۃ العین حیدر کا ہے۔ بالخصوص "آگ کا دریا" کے حوالے قرۃ العین حیدر نہ صرف
منفرد بلکہ قد آور بھی رہی ہیں۔ ان کا ناول "آگ کا دریا" ایک دلچسپ تخلیقی تجربہ ہے۔
تقسیم سے Shifting Identities کی تصویر اس ناول میں بڑی خوبی کے ساتھ پیش کی گئی
ہے۔ اس میں وقت کی کارفرمائی، موت، ہجرت، انسانی مقدرات، جنگ، فتح اور شکست
اور مذہبی اثرات کے بارے میں ناولٹ جس طرح منتقل ہوتے ہیں۔ انھوں نے یہ
بہت محنتوں کی صورت اختیار کر لی ہے اور ان کے اثرات دوسرے فنکاروں کے ناولوں پر

Scanned by CamScanner

کرنے والے سے شعوری و لاشعوری انداز سے جڑے ہیں۔

قرۃ العین حیدر کے ناول "آگ کا دریا" میں ٹی۔ ایس۔ ایلیٹ کی نظم "فور کوارٹٹس" کی طرح وقت کو ایک اہم حوالہ ہے۔ "وقت" ہر دور میں موضوع بنتا رہا ہے۔ آگسٹن کا یہ مشہور قول، جو ان کی کتاب "اعترافات" میں ملتا ہے، قابل ذکر ہے کہ ہم محسوس تو کرتے رہتے ہیں کہ اس میں ظروف اور حوادث ہیں، لیکن اگر اس کی ماہیت بیان کرنا چاہیں تو اپنے آپ کو بالکل لاچار اور بے بس پاتے ہیں۔ وقت کو مسلسل تسلیم کرنے والے دو گروہوں میں منقسم نظر آتے ہیں اور تقسیم کرنے والے ڈاکٹر اقبال اسے مسلسل ماننے والوں میں سے ایک ہیں۔ اسلوب احمد انصاری لکھتے ہیں

> "وقت کو بیان ان معنوں میں نہیں کیا جا سکتا ہے کہ اس کے تین بنیادی اجزائے ترکیبی یعنی ماضی، حال، مستقبل میں سے کوئی ایک بھی انسانی ادراک کی گرفت میں پوری طرح سے آ جانے والا نہیں۔ ماضی کے لمحات جو گزر چکے ہیں، اب واپس نہیں لائے جا سکتے، مستقبل اپنے آپ کو بے نقاب کرنے کی صلاحیت تو ضرور رکھتا ہے کہ وہ وقت کے رحم پر ہے۔ لیکن بالآخر اس کی کیا صورت ہوگی، یہ کوئی نہیں جانتا اور نہ ہی اس سلسلے میں کوئی پیش بینی ممکن ہے۔ حال جس سے ہمارا سروکار ہوتا ہے، یا تو پلک جھپکنے میں ماضی میں ضم ہو جاتا ہے یا پھر مستقبل کی طرف ہر دم نظروں سے دیکھتا رہتا ہے۔" (۴)

یوں وقت (Time) انسان کے لیے ہمیشہ سے ایک معمہ رہا ہے اور تخلیق کاروں کے لیے ایک پراسرار قوت، یہاں تک کہ اکیسویں صدی سے پہلے آئن سٹائن نے تصورِ زمان و مکاں کے مروجہ سائنسی بنیادوں پر اعتراض اور ڈاکٹر اقبال نے

آئن سٹائن کے تصورِ وقت (Time and Space) کو اپنی شاعری کا موضوع بنایا۔
خاص طور پر "مسجد قرطبہ" کا نظارہ اس حوالے سے اہم ہے۔ اردو شاعری میں اقبال کے
بعد مجید امجد اور قرۃ العین حیدر نے وقت سے متعلق واضح مختلف کا اظہار کیا۔ مجید امجد اور
قرۃ العین حیدر کے نزدیک وقت سب سے بڑی تخلیقی قوت ہے۔ جسے تخیلات کرتے
ہوئے وقت سے تخلیقی وابستگی بھی کرتے ہیں

وقت کی [illegible] زمانوں کی [illegible] سے اٹھے

[illegible] (مجید امجد)

اس احساسِ وقت نے مجید امجد اور قرۃ العین حیدر کے ہاں احساسِ فنا کو ابھارا
ہے۔ زمان و مکان کے حوالے سے ان تمام ناول نگاروں کے ذہن میں کئی طرح کے
سوالات پیدا ہوتے جنم لیتے ہیں اور انسانی عمر کی بے بضاعتی کا انکشاف کرتے ہیں۔
مجید امجد اور قرۃ العین حیدر کے تصورِ وقت پر بات کرنے سے پہلے "وقت" کے اسرار کو سمجھنے
کی ضرورت ہے۔

کہا جاتا ہے کہ وقت قدیم ترین شے ہے۔ اسی لیے قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ
نے "زمانے کی قسم" کھائی ہے۔

"زمانے کو برا نہ کہو کیونکہ زمانہ میں خود ہوں"

وقت کو سائنسی اعتبار سے روکنا ممکن نہیں۔ وقت تھمتا نہیں، بس گزرتا چلا جاتا
ہے اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ خواہ انسان ہوں یا انسان کی تعمیر کردہ عمارات اور
ایجادات، انہیں مسلسل گزرتا ہوا وقت اس طرح نہیں رہنے دیتا جیسا کہ وہ ہوتی ہیں۔
مجید امجد اپنی نظم "[illegible]" میں لکھتے ہیں

کل زماں کے ایک تھپیڑے کی دیر تھی
قصے، کہاں قصر کے سب [illegible] گئے

زمان و مکان، کیونکہ یہ موضوع ہے جس پر فلسفیوں، شاعروں اور سائنس دانوں نے بہت
کچھ لکھا ہے۔ مرزا قرۃ العین حیدر اپنے شاہکار ناول "آگ کا دریا" کے آخر میں لکھتی
ہیں: "مقدس شہر بن جائیں گے، وقت کی موج کا گروہ باقی رہ جائے گا۔"

اس کا مطلب یہ ہے کہ مرزا قرۃ العین حیدر اس خیال سے متفق
ہیں کہ انسان بہت سی چیزوں سے محفوظ کرنے کا اختیار وقت ہی کو حاصل ہے۔

اب شمیم حیدر نے ... کا پہلوان کا آخری ... احمد حیدر اچھا تھا اور
تم یہ تو ... نے ... تو

"موت کی صحبت میں میرے ساتھ بیٹھ آ زوال کرتی تو
تم نے بہت ... ہے۔"

یونانی حکیم ... نے وقت کو سب سے بڑی طاقت قرار دیا تھا۔ گویا وقت ہی ایک
ایسی قوت ہے جو ہر شے کو شکست دے رہی ہے۔

ڈاکٹر ... صاحب لکھتے ہیں:

"یونان کے مشہور فلسفی ارسطو نے اپنی کتاب میں بتایا کہ ہومر
آئیوس کے ساحل پر ... ماہی گیروں کی ایک بستی میں پہنچا تو
اس نے ماہی گیروں سے ایک سوال کیا:

"اے آئیوس کے ماہی گیرو! تمہارے پاس کیا کچھ ہے؟"

اس کے جواب میں ایک ماہی گیر نے ایک پہیلی کہی کہ

"جو ہم نے پکڑا تو وہ پیچھے چھوٹ گیا اور جو ہم نے نہیں پکڑا
وہ ہمارے پاس ہے۔"

کہا جاتا ہے کہ ہومر اس پہیلی کو نہ بوجھ سکا اور چند دن غور و فکر کے
بعد اسی غم میں مر گیا۔"(۳)

Scanned by CamScanner

کا موضوع وقت کا دھارا ہے جو انسان کی ارضی زندگی کو چاروں طرف سے گھیرے ہوئے ہے۔ اس میں ڈوبنے اور ابھرنے کا احساس کہیں خوف اور جبر کو ہمیں جس ہم آہنگی اور تعلق کی ضرورت ہے وہ تنہا ہیں اور لمحوں نے اس طرح ٹکڑے ٹکڑے کر دیے ہیں۔ انسانی رشتوں میں محبت، نفرت، وفاداری اور بے وفائی، تنہائی اور بے دلی، عشق، دشمنی کی آویزش نے جو پیچیدگیاں پیدا کی ہیں، [illegible] کے عمل میں جو کرب اور تشنگی پیدا ہوتی ہے اور اس سے مجموعی طور پر شخصیت کی شکست و ریخت ہوتی ہے وہی سب مل کر اس ناول کا موضوع ہے۔

یہاں ماضی جو ہے وہ ہمیں گوتم، ہری اور چمپک وغیرہ کے زمانے سے متعارف کرواتا ہے۔ تہذیب کی اس تصویر سے ہم ہندوستان کے قدیم زمانے کے بارے میں آسانی سے پڑھ سکتے ہیں۔

ناول کے ابتدائی حصے میں ہم اساطیر پڑھتے ہیں۔ گوتم کی ابتدا سے دوچار ہوتے ہیں۔ حسن فطرت سے ہم آہنگی، انسان اور خدا کے درمیان رشتہ و تعلق کے بارے میں اولین استفسار، عمل میں سادگی، ریاضت اور خلوص، ایثار، عشق اور فرزانگی سے گوتم کی شخصیت کے نقوش واضح ہوتے ہیں۔ گوتم جو اس ناول کا مرکزی کردار معلوم ہوتا ہے۔ وہ ایک مفکر کا ذہن، ایک فنکار کا وجدان اور ایک مخلص اور بے ریا انسان کا دل رکھتا ہے۔ اس کے علاوہ وہ اپنے اندرون میں جھانکنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

ہری شنکر، گوتم کے مقابلے میں حقیقت پسندانہ صلاحیت رکھتا ہے۔ چمپک جو راجہ کی بیٹی اور گوتم کا عشق اول ہے۔ گوتم کی پرسکون کائنات میں تموج اور تلاطم پیدا کرنے کا وسیلہ بنتی ہے۔

یہاں قدیم ماضی سے نکل کر جب ہم ناول کی حدود میں داخل ہوتے ہیں تو گویا اسطوری عہد کو پیچھے چھوڑ کر تاریخ کے اجالے میں آجاتے ہیں۔ یہاں انتشار اول کے

Scanned by CamScanner

عزلت اور اسلاف سے عقیدتیں اور شفقت کیے جا سکتے ہیں، اس لیے کہ اب انسانوں پر بالادالی خاندانوں کا زوال ہو چکا ہے۔ اس معاشرے میں بڑی حد تک مرد کی بالادستی قائم اور مستحکم شدہ ہے اور عورت اس کی رضا جوئی پر مطمئن نظر آتی ہے۔ یہاں خارجی فطرت سے چاہت شاید حصہ پر نظر آتی ہے۔ یہاں انسان اپنے ماحول میں گم ہو کر نہیں بیٹھا ہے بلکہ فطرت سے معلوم نظر آتا ہے۔ پھر یہاں شرافت تھی اب اس کی جگہ بیداری نے لے لی ہے اور حسین شرقی کا عہد اور سے پیش نظر آ جاتا ہے۔ یوں ہم پوری طرح تاریخ کے احاطے میں آ جاتے ہیں۔ یہاں درباری تکلفات، درباری سازشیں اور نئے عہد و پیمان مرحلہ طے ہوتے ہیں۔

ابوالمنصور کمال الدین، جس کی رگوں میں اپنے اسلاف کا خون گردش کر رہا ہے اور قرون وسطیٰ کے مسلمانوں کے کمالات، و اکتساب، اس کی چشم بصیرت پر نمایاں ہیں۔ یہاں آ کر وہ تاریخ کا نمایندہ اور بلیغ اشارہ بن جاتا ہے۔ وہ حسین شرقی کے کتب خانے کا نگران ہے۔ اس کی شخصیت کے ارتقاء میں دو چیزیں معاون ہیں، ہندو اور اسلامی فلسفے کا تصادم اور تعامل، فارسی شاعری اور محبت کے تصور میں تبدیلی اور دوسرے انسانی بے بسی اور لاچاری کا وہ گہرا احساس جو پیہم جنگوں کے تجربے نے اس کے دل و دماغ پر قائم کیا ہے۔ لیکن ذہن اور دل کی کائنات کی ساری منزلیں طے کرنے کے بعد ابوالمنصور کمال الدین نے یہ اندازہ لگایا کہ زندگی میں اصل چیز سکون ہے، ایسا سکون جس میں پر خطر خواہشوں اور آدرشوں کی گنجائش نہ ہو۔ لیکن حسین شرقی تہذیب پر تصنع اور بے جا سجاوٹ اور چمک دمک کی چھاپ لگی ہوئی ہے اور یہاں کوئی ایسی اقدار، ضابطے اور نصب العین دستیاب نہیں ہیں جن کی پاسداری یا جن کے حصول کو حاصل زیست قرار دیا جا سکے۔ تاہم پڑھنے کے ساتھ ہی ہم اودھی تہذیب کی اصلی روح سے متعارف کرائے جاتے ہیں۔ یہاں ''طرح کے لوگوں سے ملاقات ہوتی ہے۔ پہلے وہ لوگ جو زوال آمادہ ملک زوال پذ

طبقہ ہے کی نمائندگی کرتے ہیں اور دوسرے وہ طبقہ ہے جو جدید دور اور اس کے اثرات اور تقاضوں کی نمائندگی کرتا ہے۔

اس طبقے کے لوگ اپنی اپنی دلچسپیوں اور زندگی کی گہما گہمی، ترجیحات اور ان کے درمیان تضادات میں گم اور سرگرداں نظر آتے ہیں۔ ناول میں مشرقی پاکستان (اب بنگلہ دیش) کے گاؤں اور عوام کی جو عکاسی کی گئی ہے وہ بہت دلکش ہے۔

اس ناول میں مرد کی ذات کا احتجاج بھی بہت سی جگہوں پر نظر آتا ہے۔ یہ ناول کی اس حد تک زیادہ سے زیادہ درمیانی طبقے کی عکاسی کرتا ہے لیکن اس میں عوامی زندگی کے عکس بھی واضح طور سے سامنے آتے ہیں۔

ناول میں کرداروں کی فکر اور تکنیک کے سلسلے میں ناول نگار کا لہجہ بے حد سنجیدہ ہی نہیں بلکہ زندگی کے تجربات کی گہرائی سے آراستہ بھی ہے۔ اس کے علاوہ اس ناول میں شاعرانہ شعور اور تخلیق کے آداب کو نہایت خوب صورتی سے سمویا گیا ہے۔ "آگ کا دریا" کے بعد وقت کے حوالے سے عبداللہ حسین کا ناول "اداس نسلیں" بھی زیر بحث آ جاتا ہے لیکن "اداس نسلیں" میں وہ گہرائی نہیں، جیسا کہ "آگ کا دریا" میں ملتی ہے۔ اس کے برعکس یہاں انسانی المیہ صاف طور سے نمایاں ہیں۔ اس سے ناول میں دلچسپی برقرار رہتی ہے۔ اس ناول میں ہمیں انسانیت کا وہ دکھ سنائی دیتا ہے جسے words worth نے "Still sad music of humanity" کہہ کر پیش کیا ہے اور جسے مشہور انگریز شاعر کیٹس نے "Agony of mankind" کا نام دیا ہے۔ اس ناول میں تاریخ کے مختلف طبقے اور عہد کی اقدار کے اپنے اپنے رنج و الم، سرمستی، محرومیاں، تعصبات اور فرو گزاشتیں اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے سامنے آ جاتے ہیں۔ یہ ناول پہلی جنگ عظیم سے کچھ پہلے شروع ہوتا ہے اور تقسیم ہند کی پر آشوب اور ہنگامہ خیز مدت تک پھیلا ہوا ہے۔ "آگ کا دریا" کی طرح اس میں بھی وقت گزرنے کا احساس جگہ جگہ دکھائی دیتا ہے اور یہ بھی کہ

Scanned by CamScanner

مثبت اور منفی قوتیں ایک دوسرے کے عمل ادغام سے چاروں طرف موجود ہیں۔ یہ ناول ڈی۔ ایچ لارنس کے ناول "The Rainbow" کی یاد دلاتا ہے۔ جس میں ہم دوراں کی مختلف حد بندیوں اور کئی نسلوں کے تصادموں سے دوچار ہوتے ہیں۔ ان میں تاریخ کا تسلسل اتنا اہم نہیں جتنا ان نسلوں کے ذہن و قلب کی مختلف کیفیتوں کی مصوری، جو تاریخ کے راکب بھی ہیں اور مرکب بھی۔ ناول کے پہلے حصے میں کہا گیا ہے کہ انفرادی موت قابل برداشت ہوتی ہے لیکن اجتماعی موت، جس میں انسان حشرات الارض کی طرح روندے جاتے ہیں، بہت عبرتناک ہے۔ ناول کا ایک اہم پہلو یادوں کی وہ کائنات ہے جو بعض کرداروں کے لیے ایک وسیع سرمائے کی حیثیت رکھتا ہے۔ وقت کے حوالے سے اس میں ماضی سے وابستگی اور اس کے لیے وہ کشش جسے ناسٹلجیا کا نام دیا گیا ہے، ملتی ہے جب کہ "آگ کا دریا" کی طرح "اداس نسلیں" بھی وقت کے ہاتھوں سے الگ محسوس ہوتا ہے۔ حال کا وجود ایک سراب کی مانند ہے جو لمحہ لمحہ انسان کی گرفت سے نکلتا رہتا ہے۔ ناول میں جو زبان استعمال کی گئی ہے وہ بھی ہر طرح کے تکلف، احتیاط اور پیچ پیچ سے بے نیاز ہے۔ لیکن ڈاکٹر مرزا حامد بیگ کا یہ کہنا ہے کہ "اداس نسلیں" کی نثر دراصل محمد سلیم الرحمن کے قلم لگانے کا نتیجہ ہے اور یہ بات اس لیے بھی درست معلوم ہوتی ہے کہ عبداللہ حسین کی اپنی بعد کی تحریروں میں اس طرح کی نثر دیکھنے کو نہیں ملتی۔ "اداس نسلیں" میں پنجاب کے دیہاتوں کی تصویریں بڑی ہنرمندی کے ساتھ پیش کی گئی ہیں، ساتھ قصبوں کی عجیب و غریب نفسیات کے نمونے۔ اس ناول میں نہ صرف کرداروں کی فوج کا متحرک وجود ملتا ہے بلکہ فطری مظاہر کا ایک سیلاب نظر آتا ہے۔ ناول میں مجموعی طور پر ایک متحرک اور ہیجانی زندگی کا تصور ابھرتا ہے اور جب ناول ختم ہو جاتا ہے تب بھی ایک کوئی وسیع فضاؤں میں گونجنے کی طرح بازگشت سنائی دیتی ہے جو شاید اب تک سو رہی تھی۔

اس تناظر میں اگر جمیلہ ہاشمی کے ناول "دشت سوس" کا مطالعہ کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ جمیلہ ہاشمی نے منصور بن حلاج کے کردار کی جو تخلیق کی ہے وہ تاریخی شخصیت سے اصل ہی ہے اور اس کا انداز بیان یا قرینہ گفتگو تمام تر ذات سے متعلق ہوتا ہے، شخصیت میں تڑپ پیدا ہوتی ہے۔ ناول کے پس منظر میں سلطنت عباسیہ ہے۔ اس میں جو ناول کا مرکزی کردار ہے ایک مضطرب اور بے تاب آدمی ہے جو اس سے بھی زیادہ ہو جاتا ہے اور وہ بھی صرف اپنی ذات کی روشنی میں۔ یہاں حسین بن منصور اس عہد میں ہوتے ہیں اور اس ذات حقیقت میں کردار نہیں بلکہ وہ فکر اور فکری روح ہیں۔ حسین کی ذات کا محور ذات مطلق سے عقیدت اور شدید محبت کی غیر معمولی تجسیم ہے اور عہد کی حالت کی شدید نفرت اور ذات سے شدید محبت کی ایک مکمل شکل ہے۔

جہاں "آگ کا دریا" اور "اداس نسلیں" تخلیق ہو چکے تھے وہاں سے ہم ہیں واقعہ جمیلہ ہاشمی کا یہ ناول مثالیہ ناول ہے۔ جس میں مرکزی کردار حسین بن منصور کا ہے جو ایک صوفی حلاج بن منصور کا عکس دکھائی دیتا ہے۔ دیکھا جائے تو اس ناول کی بنیاد عقائد پر قائم ہے۔ ایک طرف بغداد اور دوسرے شہروں کی وہ زندگی جہاں نسل در نسل ترقی کے حصول میں مصروف نظر آتا ہے اور دوسری طرف مختلف دینی مراکز ہیں جہاں لوگ اور جاہلوں کی تربیت کرتی ہے۔ ناول کے آغاز میں ہی حسین کی ولادت ایک صوفیانہ ماحول ماحول سے ہو جاتی ہے لیکن ان دونوں کے درمیان جو رشتہ عرفان و تجسیم کا ہے وہ دو طرح کی نسبتی آمیزشوں سے پاک تھا اور ایک طرح کی اخلاقی شان اور روایت تھی۔ حسین حامد بن عباس ماحول سے انکار کر لیتا ہے اور جب اسے یہ معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے بربریت حسین کی محبت کی خاطر میں گرفتار رہی تو اسے یوں محسوس ہوا جیسے اس کی اپنی زندگی ایک سی بستہ خواب میں محصور ہو کے رہ گئی ہے۔ اپنی کائنات کے ہاں یک لخت مسدود ہونے پر اسے چاروں طرف گرد و غبار کے طوفانوں کے علاوہ کچھ نظر نہیں آتا تھا۔ یوں حامد بن عباس

Scanned by CamScanner

حسین بن منصور کو ایک تجریدی صورت میں ناول ۲۰۲ ہے اور جہاں تک Q اور V کا تعلق ہے تو

حسین بن منصور کے نظریے کے مطابق V، Q کی گواہی فراہم کرتی ہے اور اس تصور

کا سرچشمہ رسول اللہ کی اس حدیث قدسی میں ملتا ہے۔ (وانا الکل انت مخفی) "مرنے سے

پہلے مر جاؤ"۔ یہی حسین بن منصور کو نیست کرنے کی غرض سے جو فرد جرم مرتب کی گئی

تھی اس کی بنیاد وہی قول تھی۔ ناول اس کا ہوا، جہاں مسلسل اور عظیم خود داخلی اور بیرونی

انسان کی تہذیبی بیداری کے ساتھ تربیت کی حقیقت کیری کو پوری طرح تسلیم کرتے

ہوئے ہوئے صادق ہے یقینی ناول اور مچھ پر واضح اور کیسے ہیں مطالعہ۔

غیب، قدرت اور تسلیم شدہ معیاروں کو استحقاق سے محفوظ رہا۔

۱۔ St Bonvantura نے 814 میں حسین بن منصور جائز طور پر جو کہ

ہے کہ مغربی دنیا میں ہے جس کا مرکز ہر طرف ہے اور جس کی حدود کا تعین کہیں بھی نہیں

یہی تعریف شاید درست کی گئی ہے۔

حوالہ جات

۱۔ سلیم اختر، ڈاکٹر "ناول میں منظر و پیش منظر مشمولہ" ناول اور داستان" سنگ میل

لاہور، ۱۹۹۱ء، ص ۱۱۳

۲۔ اسلوب احمد انصاری "اردو کے چودہ ناول" بک ہاؤس ۲۰۰۳ء،

۳۔ مرزا حامد بیگ، ڈاکٹر" کلاسیکی ادب" (لیکچرز) اور ینٹ پبلشرز لاہور

جنوری ۲۰۰۱ء، ص ۱۲

Scanned by CamScanner

ڈاکٹر انور سدید

جدید ادب میں پاکستانیت کا شعور

The emergence of Pakistan on the map of the Indian subcontinent was a turning point in the political and social life of the area. The literature produced in the area known as Pakistan carries a stamp of its own and possesses a peculiar temperament and intellectual innovation. So many factors various influences have played their role in giving it a certain shape. The mor importanta of these is the Pakistani consciousness and its relevant aspects. All the literary movement carried the elements of this basic mould and has bestowed a unique wholesomeness to all creative writing.

تقسیم ہند کے ساتھ جب نیا ماحول پیدا ہوا تو اردو ادب کے مزاج میں کئی
بنیادی تبدیلیاں رونما ہو گئیں۔ پاکستان کا قیام انتہائی پرآشوب حالات میں عمل میں آیا تھا۔
نئی مملکت ۱۹۴۷ء کے عرصے میں پیدا ہوئی، وہ پروان چڑھتی رہی اور جب وہ
تقسیم ہند ہو گئی تو اس کے ساتھ فسادات پھوٹ پڑے۔ یہ فسادات اپنے ساتھ
... پورے ہندوستان میں پھیل گئی۔ دونوں طرف
نقصان ہوا۔ ... قتل و غارت ... عصمت دری اور اغوا کے ایسے ہولناک واقعات

ہوئے جن کی کمی اور مثال نہیں ملتی۔

ان تمام عوامل کا اثر ادب پر پڑنا لازم تھا۔ فسادات کا یہ ادب زیادہ دیر تک برقرار نہ رہ سکا۔ جذبات کا دباؤ اترا تو اس کی کمزوریاں بھی واضح ہونے لگیں۔ ان میں فرقہ وارانہ تصادم کی کہانیاں تھیں۔ لیکن تقسیم ہند سے جو تہذیبی و انسانی زوال پاکستانی ادب کے رگ و پے میں اس طرح سرایت کر چکا ہے کہ آج بھی ہم اپنے ادب پر اس کے اثرات بخوبی دیکھ سکتے ہیں۔ تقسیم ہند سے متعلق فسادات کا ادب جس سیاسی ابتری اور جس تصادم کے حوالے بھی اس کا حصہ ہے۔ ہندوستان سے ہجرت کر کے آنے والے لوگوں کے وہ دکھ بھی اس پر حاوی تھے جو نقل مکانی کے باعث فطری طور پر ان کے اندر پیدا ہوا تھا۔

قیام پاکستان کے پیچھے برصغیر کے مسلمانوں کے وہ خواب پوشیدہ تھے جو ہندو اکثریت کی موجودگی میں تعبیر نہ پا سکتے تھے۔ توقع یہ تھی کہ پاکستان بننے کے بعد یہ خواب پورے ہوں گے مگر تقسیم ہند کے فوراً بعد کے سیاسی خلفشار نے ایسا ماحول پیدا کیا کہ سب خواب ریزہ ریزہ ہو کر چکنا چور ہو گئے۔ یہی وجہ ہے کہ تقسیم کے بعد فسادات کے ادب کے ساتھ ساتھ مایوسی کا ایک عنصر بھی ہمیں اپنے معاصر ادب میں نمایاں دکھائی دے جاتا ہے۔

قیام پاکستان کے وقت تک ترقی پسند تحریک اپنے عروج پر تھی۔ یہ تحریک بنیادی طور پر معاشی انصاف کی تحریک تھی اور ایک غیر طبقاتی سماج کا خواب دیکھتی تھی۔ لیکن تقسیم سے قبل اس نے انگریزی سامراج کے خلاف جدوجہد کا بیڑا بھی اٹھا رکھا تھا۔ اب جب پاکستان بن گیا تو نئے مسائل کو ایک نئے زاویہ فکر کی ضرورت تھی۔ انگریزی سامراج رخصت ہو چکا تھا۔ معاشی انصاف اب بھی ایک بنیادی ضرورت تھی لیکن پاکستان میں پیدا ہونے والے سیاسی خلفشار کے باعث ایک نیا سوال بھی پیدا ہو گیا تھا اور وہ سوال تھا پاکستان کے وجود کا تحفظ تھا۔ تقسیم سے قبل کانگریسی لیڈروں نے اکثر یہ دعویٰ کیا تھا کہ پاکستان اپنا وجود برقرار نہ رکھ سکے گا۔ بعض حلقوں میں اب بھی یہ تشویش سر اٹھانے لگی تھی

Scanned by CamScanner

سوال یہ تھا کہ پاکستان کا تحفظ کیسے ممکن ہو؟ کچھ لوگوں کے نزدیک اس تحفظ کی ضمانت نظریۂ پاکستان کے تحفظ میں پوشیدہ تھی۔ یہی وجہ ہے کہ ادیبوں کا ایک ایسا گروہ سامنے آیا جنھوں نے نظریۂ پاکستان اور اسلام کو پاکستانی ادب کا محور و مرکز بنانے کی ترغیب دی۔ پاکستانی اور اسلامی ادب کی تحریکیں اس کا ایک ثبوت ہیں۔ یہ تحریکیں تو زیادہ دیر برقرار نہ رہیں لیکن ہماری تنقید میں نظریۂ پاکستان کا ذکر بڑھ گیا۔ تخلیقی ادب پر تو اس کے اثرات زیادہ نہیں پڑے لیکن جو تبدیلی ادب میں آئی وہ بحیثیت مجموعی ترقی پسند تحریک سے دوری تھی۔ یہی وجہ ہے کہ وہ حقیقت پسندانہ ادب جو تقسیم ہند سے قبل اردو ادب میں موجود تھا معدوم ہونے لگا اور اس کی جگہ روحانیت کا رجحان اثر انداز ہونے لگا۔ ترقی پسند تحریک پر پابندی کے ساتھ تخلیقی ادب میں قدرے جمود کی کیفیت پیدا ہو گئی اور جب 1958ء میں مارشل لا نافذ ہوا تو حقیقت نگاری کو بہت نقصان اور ضعف پہنچا۔ ان حالات میں یاسیت اور حقیقت نگاری میں کئی طرح کے خطرات پوشیدہ تھے۔

اس طرح جب ہم اپنے ادب کا جائزہ لیتے ہیں تو یہ جاننے میں دشواری نہیں ہوتی کہ قیام پاکستان کے ساتھ ہی تخلیقی سطح پر ادب میں ایک خاص طرح کا زوال پیدا ہوا جو 1960ء تک اپنے عروج پر پہنچا۔ جدید تنقید میں ترقی پسندی کے نقطۂ نظر میں بھی 1947ء کے بعد کمی آ گئی اور بعض دوسرے مذہبی یا اخلاقی نظریات فروغ پانے لگے۔ یوں 1960ء کی دہائی تک یہ اندازہ ہو گیا کہ ادب کو کسی ایسی تبدیلی کی ضرورت ہے جو صورتحال کی عکاسی بھی کر سکے اور نئے طرح کے تخلیقی امکانات کو بھی سامنے لا سکے۔

یہ صورتحال ایک زمانے میں مغرب میں بھی پیدا ہوئی تھی لیکن وہاں ایک تحریک کے خاتمے کے بعد دوسری تحریک اور ایک فکر کے بعد دوسری فکر جگہ لیتی رہی۔ لیکن ہمارے ہاں پچاس کی دہائی تک تبدیلی کے آثار دکھائی نہیں دیتے جبکہ کسی ایسے انقلابی رویے کی ضرورت تھی جو کسی نئے راستے کی بنیاد ڈال سکے۔ قرۃ العین حیدر نے اسی صورتحال میں یہ

"جدید مغربی ادب سے کیا مراد لی جاتی ہے جو ہم نے قصوں کی وجہ
لیکن ہمارے ہاں رسم و رواج ختم ہو رہا ہے تو یہ رسم و رواج بھی ختم ہو رہا ہے۔
ہمارے ہاں رسم و رواج ختم ہو رہا ہے، ہمارے ہاں رسم و رواج
جاننا ادب کی تحریک نے ختم کر دیا۔ مخالف سے ...
ہے کہ پچھلے چودہ سال میں جو روایت تھی اس کے ختم ہونے کی بات
چھوٹی، ساحات، شہری اور طرز معاشرت سے جڑا ہوا ہے۔ ادبی
اس کم مائیگی کی وجہ تو ضرور ہوگی۔ ادب سلامت رہے یا نہیں کی بات
رہی ہے۔ ہمارے دور کی بات ہے کہ اس سے ختم کہانی کی ابتدا ہوئی۔
روایت سے باغی ہوا اور روایت کو ساتھ لے کر چلنا، اس دور
ممتازوں سے ادب ختم ہوتا ہے۔" (۱)

تو گویا جدیدیت کی بات عمل ہو گئی اور یہ بھی درست تھا کہ کسی بھی روایت کے آغاز کے لیے روایت سے باغی ہونا اور اسے ساتھ لے کر چلنا ہی اصل راستہ ہے مگر یہ جاننا بھی ضروری ہے کہ کوئی روایت یوں کیسے پیدا ہو گئی۔ ظاہر ہے کہ اگر صورتحال یہ کہ روایت پیدا ہو جائے تو ادب کے حالات کا سامنا ہو، لیکن پرانے ادب کا اگر جواب دینا ہے تو پھر اس کے لیے جمود طاری ہو جاتا ہے۔ محمد حسن عسکری نے 1950 میں اس ساری صورتحال کو مختلف انداز سے دیکھا تھا اور ادبی ایک رائے بھی قائم کی تھی:

"بعض اوقات ہمیں ادبی ماحول میں ایک تعطل کا احساس ہوتا ہے۔
یہ تعطل اس وجہ سے پیدا ہوا ہے کہ پچھلے چودہ سال میں اردو
ادب میں جو روایات اور جو فکری طرز رائج ہو گئے تھے اور جن
کے سہارے ادیب اپنا تخلیقی کام کرتے تھے ان میں سے بہت کا

چیزوں کو وہ اب پاکستان کے لکھنے والے اپنی قوم کے لیے اور خود اپنی تخلیقات کے لیے صحت مند مسائل ڈھونڈنے لگے ہیں۔ اس لیے اب وہ ان پرانی روایات کے مطابق نہیں لکھنا چاہتے۔ نئے ادبی رجحانات بتدریج ہی پیدا ہوتے ہیں اور ان کے پیدا ہونے سے پہلے کچھ دن تک چھوٹے موٹے کامیاب، نیم کامیاب اور ناکامیاب تجربے کرنے پڑتے ہیں۔ ہمارے ادیب اسی تلاش اور تجسس کے دور سے گزر رہے ہیں جو چیز ہمارے ادب کی ترقی کو روک رہی تھی وہ ہمارے ادیبوں کی ذاتی خود اطمینانی تھی۔ کم از کم یہ چیز تو اب دور ہو چکی ہے۔ ادیبوں کا اپنے آپ سے اور اپنی تخلیقات سے غیر مطمئن ہو جانا بھی نیک فال ہے۔"(2)

رومانیت کا یہ سلسلہ جو چند برس چلا وہ محدود نہ تھا۔ ترقی پسند تحریک کی سخت گیری اور فسادات کی انتہا کچھ ایسے مسائل تھے جنہوں نے ذہنوں کو رومانیت کی طرف مائل کر دیا۔ ڈاکٹر محمد حسن کا کہنا ہے

"جب جنگی اور سیاسی میدان کی ہماہمی نمایاں ہونے لگی تو ایسے افسانہ نگاروں کو زیادہ اہمیت حاصل ہوئی جنہوں نے رومانیت، آرائشی بیان اور ماورائیت کو اپنایا۔"(3)

پچاس کی دہائی میں افسانے کے میدان ہی میں تسلسل کا سوال زیادہ اٹھا تھا۔ ابھی جیسا کہ ہم نے افسانے کے بارے میں ابھی ڈاکٹر محمد حسن کی رائے کا تذکرہ کیا ہے۔ اب اسی صنف کے بارے میں شہزاد منظر کی رائے ملاحظہ کیجیے

"قیام پاکستان کے بعد لکھے جانے والے افسانوں کا موضوعات اور رجحانات کے اعتبار سے مطالعہ کیا جائے تو سب سے پہلے جو تبدیلی

نظر آتی ہے وہ سیاسی موضوعات کا افسانے سے اخراج ہے۔ آزادی سے قبل جو موضوعات تھے مثلاً برطانوی استعمار کے خلاف آزادی کی جدوجہد یا حب الوطنی یا معاشرتی اصلاح اور سماجی نا انصافی کے خلاف احتجاج وغیرہ۔ اب یہ موضوعات اپنی کشش اس لیے کھو چکے تھے کہ ملک آزاد ہو چکا تھا اور ترقی پسند تحریک کے زوال کے باعث ان افسانہ نگاروں کے سامنے کوئی نصب العین نہیں رہا تھا۔ جس کی وجہ سے سماجی بغاوت، معاشی مساوات، طبقاتی جدوجہد اور بھوک افلاس اور بے روزگاری جیسے موضوعات سے ادیبوں کی کوئی دلچسپی نہیں رہی۔ خصوصاً نئی نسل کے افسانہ نگاروں نے نئے موضوعات کی تلاش میں دو راستے اختیار کیے۔ ایک رومانویت کا راستہ اور دوسرا جنس نگاری۔" (4)

شہزاد منظر کی رائے سے کلی اتفاق تو ممکن نہیں اس لیے کہ سماجی معاشی اور طبقاتی تضاد کا عنصر افسانے سے غائب نہیں ہوا تھا۔ احمد ندیم قاسمی، خدیجہ مستور، ہاجرہ مسرور حتیٰ کہ بعض دوسرے لکھنے والے مثلاً ابراہیم جلیس، شوکت صدیقی وغیرہ کے موضوعات کا محور تو یہی ہوا کرتے تھے۔ البتہ برطانوی سامراج کے خلاف دیے گئے موضوعات کا ختم ہو جانا فطری امر تھا۔ آزادی حاصل ہو جانے کے بعد برطانوی سامراج سے مخاصمت کا ایک موقع ختم ہو گیا تھا۔ لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ منٹو اور ندیم بطور خاص پاکستانی عصر میں ابھرنے والے سیاسی عنصر سے بھی اپنے افسانے میں کام لینے لگے۔ ابتدائی نسل کے بیشتر افسانہ نگاروں کے بارے میں یہ بات درست ہے کہ ان کے ہاں موجود روایت کے خلاف ردعمل موجود تھا اور ان کی توجہ رومانویت اور جنس نگاری کی طرف زیادہ تھی اور ہم آسانی سے یہ کہہ سکتے ہیں کہ رومانویت کا یہ عنصر نئے حالات کی پیداوار تھا۔

Scanned by CamScanner

[illegible] سے جس تناظر میں بھی لکھے گئے قومی حالات تھے [illegible] ہیں جن کی سخت گیری اور فسادات کی المناکی [illegible]

[illegible] (Nostelgia) کی شکل میں بھی [illegible] اپنے علاقوں سے ہجرت کر کے آئے [illegible] کا جو سلسلہ روا رہا اس کا [illegible] جاتا ہے لیکن [illegible] ہوئے کو یاد کیا گیا ہے۔

[illegible] کے دنوں کو یاد رہا ہوں
جو قافلہ میرا ہمسفر تھا مثال گرد سفر گیا وہ

میں بچھڑ گیا [illegible] شہر شہر گھر گھر
کہاں کھو گیا وہ قافلہ، کہاں ہو گئے مرے ہمسفر

پرانی صحبتیں یاد آ رہی ہیں
چراغوں کا دھواں دیکھا نہ جائے

دھیان کے آتش دان میں ناصر
بجھے دنوں کا ڈھیر پڑا ہے

اب وہ دریا نہ وہ بستی نہ وہ لوگ
کیا خبر کون کہاں تھا پہلے

Scanned by CamScanner

انھیں ہم دیکھ کر جیتے تھے ناصر

وہ لوگ آنکھوں سے اوجھل ہو گئے ہیں

شاعری میں اگر ناصر کاظمی کا ذکر کیا جا سکتا ہے تو نثر میں قرۃ العین حیدر اور انتظار حسین اس کی دو بڑی مثالیں ہیں۔ جب ان صاحب نے اپنے افسانوی ادب میں ہجرت کا ذکر کرنا شروع کیا تو ان پر کوئی حقیقت بھی ہوئی کہ [illegible] ہے کہ ہجرت کو غلط ہونے سے ادب میں 1947ء کی ہجرت ہے اور اس ہجرت کے بعد ہم اپنے ادب میں کوئی طرز احساس کو محسوس نہیں کر سکتے۔

> جب ہم نئے طرز احساس کی بات کرتے ہیں تو اس سے ہماری مراد ہوتی ہے کہ جس مختلف ماحول پہ طور پر [illegible] جس سے ہم لوگ پیدا ہو رہی ہے اور سے اپنے اور [illegible] جس میں ہم نے فرو جان کر گئے ہیں اور ہم بھی بات میں [illegible] ہیں ہمیں اس طرح جو دیکھنا چاہئے کہ اس کے بارے میں خود اپنے بارے میں نئی آگاہی پیدا ہو اور اس طرح قبول کیا جائے کہ آگاہی سوچنے اور محسوس کرنے کے انداز میں گھل مل جائے۔ لیکن اس کے ساتھ بڑی دقت یہ ہے کہ نیا زمانہ تو شروع ہو جاتا ہے لیکن پرانا زمانہ ختم نہیں ہوتا وہ اسی طرح ہمارے [illegible] پیچھا کرتا رہتا ہے۔" (5)

ناصر کاظمی اور انتظار حسین نے ہجرت کو تہذیبی تسلسل کے معنی میں استعمال کرنے کی کوشش کی۔ اس طرح گویا یہ موقف اختیار کیا گیا کہ تقسیم کے بعد ہمارے لیے ضروری تھا کہ ہم اس تہذیب، اخلاقیات کو زندہ کرتے جو ہندوستان میں مسلمانوں کی مرکزی تہذیب تھی اور جس تہذیب کا رشتہ مذہب میں پیوست ہے۔ گویا ہجرت کو ہم صرف ماضی کو یاد کرنے ہی کا کام نہیں بلکہ اپنی تاریخ کو بھی یاد کرنے کا نام ہے۔

Scanned by CamScanner

جدید ادب کے آغاز کا زمانہ تو ساٹھ کی دہائی ہی ہے جیسا کہ اس سے قبل بیان کیا گیا لیکن ایک تناظر میں ہم نے دیکھا کہ 1947ء کے بعد تبدیلی کا ایک عمل شروع ہو گیا تھا۔ ادبی روایات جو متحدہ ہندوستان میں مشترکہ تہذیبی و ثقافتی پس منظر میں پروان چڑھی رہی تھیں ان کی جگہ نئی نسل نے نئے تخلیقی امکانات تلاش کرنے شروع کر دیے تھے۔ اگرچہ ابھی کوئی بڑی کامیابی حاصل نہ ہوئی البتہ یہ اندازہ ضرور ہو گیا کہ ایک نیا طرز احساس جنم لینے لگا ہے۔ پاکستانی اور اسلامی ادب کی تحریکیں اسی طرزِ احساس کی اپنے مخصوص نقطۂ نظر سے وضاحت کرتی دکھائی دیتی ہیں۔ یہ تحریکیں زیادہ دیر برقرار نہ رہیں۔ اس لیے کہ ان کے ردعمل کا ایک بڑا سبب ترقی پسند تحریک تھی۔ جس کے حامیوں نے ان تحریکوں کے ردعمل میں جوابی کردار ادا کیا، ان کے فکری حوالے اور اصولی تنقید میں اب تک موجود ہیں۔

ساٹھ کی دہائی میں جو جدید ادب پیدا ہوا اس کے اسباب و محرکات میں ترقی پسند تحریک کا خاتمہ، نئے تخلیقی امکانات کی ضرورت، حقیقت نگاری کی شدت گیری اور نیا سیاسی ماحول بھی کچھ شامل تھا۔ پچاس کی دہائی میں ادب پر روایت کی تہہ چڑھ چکی تھی لیکن 1958ء میں جب مارشل لاء نافذ ہوا تو ایسے حالات پیدا ہو گئے کہ نئی زبان اور نیا انداز وضع کرنے میں آسانی ہو گی۔

جب ترقی پسند تحریک پر پابندی عائد ہوئی تو تمام ترقی پسند ادیب حلقہ اربابِ ذوق کے پلیٹ فارم پر اکٹھا ہونے لگے۔ دوسری طرف حلقے کے ادیب آغاز ہی سے جدت پسند تھے۔ تاریخی حقائق کے بیان پر انہیں اعتراض تو نہیں تھا لیکن داخلیت سے بھی گریز نہیں کرتے تھے۔ علاوہ ازیں جدیدیت کے سبب سے نظریات کا عام حلقے کے ادیبوں کی ادبی فکر کو متعین کرتا تھا جبکہ ترقی پسند ادیبوں کو خارجی شعور سے غرض رہی تھی۔ اب اس پلیٹ فارم پر دونوں فکری دھاروں کا اشتراک ہوا۔ اس طرح ایک نئی صورت پیدا ہونے لگی۔ خارجی شعور کی جگہ تہذیبی و نفسیاتی شعور نے حاصل کر لی۔ زبان و بیان کی سطح پر

Scanned by CamScanner

حقیقت نگاری کے خلاف ردعمل شروع ہوا۔ ساتھ ہی دوسری کی شناخت یہ ہے کہ شعر و ادب کی زبان میں بنیادی تبدیلیاں پیدا ہونا شروع ہو گئیں۔ علامت، استعارہ اور رمز برتے جانے لگے۔ کہیں یہ تبدیلی شعوری انداز سے آئی اور کہیں اس کے سبب سے ابہام پیدا ہوا۔ اس تحریک کے لوگوں کا خیال یہ تھا کہ چونکہ زمانہ بدل رہا ہے، حقائق بھی بدل رہے ہیں۔ صنعتی ترقی نے اسلوبِ زیست کو بھی تبدیل کر دیا ہے۔ اب زندگی کے حقائق اور انسانی ذات کی شکست کی پیچیدگیوں کو مروجہ زبان کے ذریعے بیان نہیں کیا جا سکتا۔ اس لیے ان روایات کے ساتھ زندہ نہیں رہا جا سکتا جو ادب میں پہلے سے موجود ہیں۔

"ہماری آج کل کی زندگی جن تغیرات کو بطور اساس قبول کرتی ہے ان سے روگردانی ممکن نہیں۔ جو جانا پہچانا اور مانا منوایا ہوا تھا، ریت کے ذروں کی مانند بکھر گیا ہے۔ کئی لوگ ان منتشر ذروں سے فرسودہ معاشرے کو قائم کرنے کے لیے ہاتھ پاؤں مار رہے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ اگر رفتہ و گذشتہ اسلوبِ زیست کو کسی طور جیتے مرتے بحال کر دیا جائے تو زمانۂ حال اپنے آشوب سمیت منہا کیا جا سکتا ہے۔ اپنا زمانہ چھوڑ کر کسی موہوم زمانے کی تلاش میں سرگرداں ہونا کچھ ایسی بری بات نہیں رہی۔ یہ کثیر تعداد شرفاء کی اس تلاش سے شرافت کا سکہ چلاتی ہے۔ ادھر ادھر تیرتی پھرتی ہے ورنہ کون نہیں جانتا کہ وقت حاوی ہو کر ہی رہتا ہے۔ وہ اسلوبِ زیست جو ہمارے آپ کے گھروں میں آ بسا ہے، اجنبی ہے نہ غیر حقیقی۔ زندہ رہتا ہے۔ اس کی گہرائی اس واویلے سے بھی متعین ہوتی ہے جو اس کے خلاف کیا جاتا ہے۔ وہ زمانہ اپنے ضمیر سے اور ثقہ بزرگ پھوٹ

Scanned by CamScanner

تک آ گئی اور ان کے اثرات کا دائرہ بھی باہر کے ادیبوں پر ملتا ہے۔ خود ہماری شاعری نے علامت نگاری اور ــــــ کو قبول کیا۔ اس دور میں فکری اعتبار سے ہماری تہذیب بطالوی ایسی بحران کا دور ہے کہ ماضی سے انحراف چیلنج کی تھی اور ساتھ ہی اپنی تہذیب کی ادھر تعمیر کی طرف تھی۔ ہم نے اس عہد میں تلاش عوامل کے وہ اثرات جو سوشلزم میں موجود تھے قبول کیے اور جو جو مغربی اور سائنسی دونوں کی نئی تحقیقات کے اثرات بھی قبول کیے۔ 1930ء سے 1974ء تک ہمارے شعراء نے یورپ اور امریکا کی ادبی تحریکوں کا مطالعہ کیا اور مغرب کے بڑے ادباء و شعراء کے اثرات بھی اردو سے یہاں آئے۔ یعنی انگریزی، امریکی، روسی اور فرانسیسی اہم شعراء میں جو اس دور میں لکھ رہے تھے ہم نے ان کی فکر، اسلوب، ہیئت کو بھی اپنے معاشرے کے تغیرات کی ترجمانی کے لیے سامنے رکھا۔"(7)

یہ بات واضح ہو گئی کہ مغرب میں وقتاً فوقتاً رونما ہونے والی تبدیلیاں اردو ادب میں بھی داخل ہوئیں اور یہ سب تبدیلیاں تقلید برائے تقلید نہیں تھیں بلکہ ان کی مدد سے اپنے معاشرے کے تغیرات کو بیان کرنا بھی تھا۔ جب افتخار جالب وغیرہ نے روایت سے انحراف کیا تو ان کا موقف یہی تھا کہ چونکہ معاشرہ نئی تبدیلیوں میں مبتلا ہو رہا ہے چنانچہ اس کے اظہار کے لیے نئے وسائل اور ذرائع کی ضرورت ہے جو پرانے انداز فکر اور ذرائع اظہار کے ذریعے ممکن نہیں۔ ساٹھ کی دہائی میں مکمل تبدیلی نظم میں آئی۔ افتخار جالب، جیلانی کامران، محمد سلیم الرحمٰن، عباس اطہر، جون ایلیا اور بے شمار دوسرے شاعروں نے نئے محسوسات اور لسانی تشکیلات کو فروغ دیا اور ایک نئی طرز فکر کا منظر نامہ پیش کیا۔ جو جو

Scanned by CamScanner

کا جو تصور نظم میں آیا تھا وہ جدید افسانے میں بھی دکھائی دیتا ہے۔ یہ بھی ابتدائی عہد میں شعر و ادب کی تحریکیں گروہی نمائندگی کرتی تھیں اور نفسیاتی جبر کا اظہار بھی کرتی تھیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس زمانے کے ادب میں فردیت کا تصور بھی پیدا ہوا۔ اس کا مطلب انفرادی آزادی ہے۔ یہ تصور بھی مغرب سے آیا ہے۔ ترقی پسند تحریک اجتماعی زندگی کو موضوع بناتی تھی جبکہ جدیدیت کے ادیبوں نے فرد کی ذات کو سب سے اہم اور مقدم قرار دیا۔ یہی وجہ ہے کہ اردو شاعری میں نظم کی اولیت کا بہت اثر ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ جنسیت کو بھی زیر بحث لایا گیا ہے۔ ذات کی یہ آزادی مغرب کی لائی شعری روایت تھی جو کہ مختلف روایتوں کی پابند تھی۔

> "یہی وجہ ہے کہ ادب سائنس کی تیز رو ترقیوں سے معنوی طور پر کچھ نہیں کر سکے۔ نہ ہی آج شاعروں اور ادیبوں کے پاس اپنا کوئی مذہب رہا، نہ ہی ان کے اندر سے ایسے وجود کی طلب سے ہم کنار کر سکے۔ اس لیے اس کی شاعری اور پیام سے دلچسپی نہ رہی۔ اس نے فلسفہ سیاست، مذہب اور اخلاق کی گرفت سے آزاد ہونے کی کوشش کی اور اپنے پیشروؤں کی طرح خدا، کائنات اور حیات کی گتھیاں سلجھانے کے بجائے اپنی ذات کے عرفان کی کوششوں میں گم ہو گیا۔" (8)

ترقی پسند ادیبوں نے فردیت کو بورژوا فرد کا عمل قرار دیا ہے لیکن ایک نقطہ نظر یہ بھی ہے کہ فردیت کا تصور آزادی کا تصور ہے جو جمہوری معاشروں کی پیداوار ہے۔ گویا فردیت تخلیقی بیداری نہیں بلکہ آزادی کی خواہش اور ضرورت ہے۔ فردیت کا تصور جدید ادب میں اس لیے بھی آیا ہے کہ نئے ادیبوں نے فلسفہ وجودیت سے بھی گہرا اثر قبول کیا۔ یہ فلسفہ شعور و تنہائی، لایعنیت، لاحاصلیت اور لاادریت کو پیدا کرتا ہے جو فردیت کی بنیادیں ہیں۔

Scanned by CamScanner

''وجودیت کے اثر یا منطقی نتیجے کے طور پر داخلیت اور خود بینی اور
تنہائی کی شدت بھی شدید ہوئی اور وہ بھی نئی شاعری کے خواص کا
حصہ بن گئی۔ 'میں' کی اس شدت نے بڑے بڑے کو حقارت کی نظر سے
دیکھا صرف اپنی بصیرت کو رہبر مانا جس سے معاشرے سے بے تعلقی
کی ہے اور تجزیہ ہو گئی۔''(۱۶)

ساٹھ کی دہائی میں جب جدیدیت نے نظم کیا تو اس کے اسباب میں ترقی پسند
مغربی تحریکات، نظریات کا اثر اور زندگی کے بدلتے رویے اور تصور
تو تیکنیک کو … اس رویے نے اسلوب کی سطح پر بہت سی تبدیلیاں پیدا کیں۔ تحریر
تھے۔ جدیدیت کے اس رویے نے مستقبل بینی کا رویہ بھی پیدا ہوا۔ ادب کی جدید تشکیل اور
کبھی تبھی انتشار پیدا کیا لیکن … آسانی سے قبول نہیں کیا گیا۔ پہلی نسل کے لوگوں نے اس
والے اظہار کو ابہام میں … لیکن اس کے اسباب پر غور نہیں کیا۔ نئی نسل نے
قنوطیت، داخلیت اور قنوطیت قرار دیا لیکن … نئے انداز نظر اور نئے پیرایۂ اظہار کی ضرورت تھی۔ ہر
سیاسی دور نے موضوعات کو چھپایا ایک …
اس بات کو نظر انداز کرنا بھی مناسب نہیں ہوگا کہ ایک بڑا سانحہ 1958ء کا مارشل لا
تھا۔ اس مارشل لا نے آزادی اظہار پر قدغن لگائی تو بیانیہ اور حقیقت نگاری کا رویہ
غیر … ہو گیا۔ اس میں کئی طرح کے اندیشے تھے۔ اس نے بھی علامت اور تجرید
کے فن و … شعر و ادب میں جگہ بنانے کی سہولت فراہم کی۔ ڈاکٹر رشید امجد کہتے ہیں:

''مارشل لا کے اثرات آہستہ آہستہ سرایت کر کے معاشرے کی اندرونی
پرت تک پہنچ گئے۔ خوف اور بے یقینی کی فضا نے داخلیت اور
ما بعد الطبیعاتی فکر کو جنم دیا۔ دوسری شخصیت کی دریافت، باطنی شکست و
ریخت، ایک شخصیت میں کئی شخصیتوں کی تلاش اور ہجوم میں تنہائی کا
احساس نمایاں موضوع بن گئے۔ ستمبر 1965ء میں قومی …

Scanned by CamScanner

ایک نیا مرحلہ شروع ہوا۔ اس جنگ نے وطن پرستی اور زمین کی اہمیت کے جذبوں کو بیدار کیا۔ دولخت پاکستان کے حوالے سے ایک نیا موضوع سامنے آیا جس کا زیادہ تر اظہار شاعری میں ہوا۔ خصوصاً نظم میں 1968ء کی عوامی تحریک نے نظریاتی بحث کو دوبارہ تازہ کر دیا اور ترقی پسندی کی اصطلاح استعمال ہونے لگی۔ فرد کی بجائے اجتماع اور خارج کی باتیں ہونے لگیں۔ لیکن یہ پرانی حقیقت نگاری کی تجدید نہ تھی بلکہ علامتی حقیقت نگاری اور باطن و دروں بینی کا ایک نیا امتزاج تھا جسے ستر کی دہائی کی نسل نے آگے بڑھایا۔" (10)

رشید امجد نے 1958ء کے مارشل لا کے اثرات کے ساتھ جدید ادب کے آغاز کو جوڑا ہے۔ ان کا خیال ہے کہ خوف اور بے بسی نے داخلیت کو جنم دیا اور یہی داخلیت ساٹھ کی دہائی کے نئے ادب کی شناخت ہے۔ آگے چل کر 1965ء کی جنگ نے ایک نئی شکل دی۔ نئے ادب پر اس جنگ کے اثرات یہ ہیں کہ اس کی وجہ سے ہمارا ادیب زمین اور وطن کی اہمیت اور محبت سے سرشار ہوا۔ یہی وجہ ہے کہ اس جنگ کے زمانے کے بعد سے لسانی مباحث میں کمی واقع ہو گئی اور قومی موضوعات کی اہمیت بڑھ گئی۔ 1968ء میں جب ایوب خان کے مارشل لا کے خلاف تحریک شروع ہوئی تو تصور ادب میں سے فردیت کا تصور ختم کیا۔ اجتماعی زندگی کا تصور پیدا ہوا۔ جمہوریت اور آزادی اور ظلم، استحصال کے خلاف فکر نے کروٹ بدلی۔ اس لیے یہ بات اکثر کہی جاتی ہے کہ ستر کی دہائی کا ادیب اپنے گردوپیش اور اپنی زمین سے زیادہ قریب ہے۔ ستر کی دہائی میں جو نئی نسل سامنے آئی وہ اپنی نفسی وجودیات میں مبتلا نہیں تھی اور نہ ہی فلسفہ وجودیت کی طرف مائل تھی۔ بلکہ ستر کی دہائی میں ہمارا ادب اپنے گردوپیش اور خارجی حقائق کو اپنا موضوع بناتا ہے۔

دوران دیوان میں جو تہ داریاں ساٹھ کی دہائی کے جدید ادیبوں نے لانی شروع کی تھیں ان کو بھی ستر کی دہائی میں شدت نہیں پکڑ سکی بلکہ اس میں ایک حد تک اضافہ ہی ہوا ہے۔ تجربے اور ابہام کا تعلق بہرحال اجتماعی زندگی اور خارجی حقائق کے ساتھ تھا۔ یہ دہائی ہماری قومی زندگی میں اس لیے اہم ہے کہ اس میں ہر طرح کے سانحات اور واقعات پیش آئے۔ جو قوم اپنی تعمیر اور ترقی کی راہ کو بیان کرنے کے طریقہ کار میں [illegible] بھی تبدیلی کا آنا ضروری تھا۔ وہ عوامی تحریک جو 1968ء میں شروع ہوئی تھی وہ ایوب خان کی شکست کے نتیجے پر ختم نہیں ہوئی۔ سیاسی بے چینی اور عوامی جوش و جذبہ سب کو تسلیم کرنا پڑا۔ اس کے نتیجے میں ایک مارشل لاء ختم ہوا اور دوسرا نافذ ہوا۔ 1970ء میں انتخابات ہوئے مگر عوامی حکومتیں نہ بن سکیں اس لیے کہ مشرقی پاکستان میں آزادی کی تحریک نے جنگ میں دونوں بازوؤں میں سیاسی دوری اور تصادم کو جنم دیا۔ 1971ء میں سقوط ڈھاکہ کا واقعہ پیش آیا اور یوں ایک ایسا قومی المیہ پیدا ہوا جس نے قوم کے مزاج میں شکست اور ہزیمت کو سرایت کر دیا۔ نہ صرف یہ کہ اجتماعی زندگی خلفشار کا شکار ہوئی بلکہ شعر و ادب میں بھی ہیجان پیدا ہوا۔

اس رویے میں بھی توازن و اعتدال نہ تھا۔ شکست و ہزیمت نے ذہنوں کو پراگندہ کر دیا تھا۔ کئی طرح کے تشویشناک سوالات تھے جن کا کوئی جواب دستیاب نہ تھا۔ سید محمد کاظم نے ملکی ذہن میں اس دکھ کو محسوس کیا اور اپنی ذہنی کیفیت کو اس طرح بیان کیا

> ”اس جنگ کے نتیجے میں ہم تاریخ کے جس افسوسناک ترین المیے میں سے گزر کر آئے ہیں اس نے مزاج اور ذہن کو ایک اور طرح سے خارج المرکز کر رکھا ہے۔ دماغ میں ایک عجیب سی تپش ہوئی ہے جس میں طرح طرح کے سوال بھاپ بن کر اٹھتے ہیں اور کوئی جواب نہ پا کر ذہن کی دیواروں سے سر پٹک کر رہ جاتے ہیں۔ ایسی حالت میں

Scanned by CamScanner

کوئی کیا اظہار کرے گی زندہ رہنے کی مسرت کی داستان کیسے لکھ سکتا ہے

اور اگر وہ سننے والے ہیں تو آخر وہ بھی کیسے کون ہوگا جو اس

بے وقت واپسی پر اپنے آپ سے ... بھی جذبات دابیتے ہیں

اور سوچ و فکر کو تقدیر ... (11)

سقوط ڈھاکہ کے اثرات پاکستانی ادب پر بہت نمایاں ہیں۔ شاعری بھی اس سے متاثر ہوئی اور افسانے بھی۔ شاعری میں کیفیت اور جذبے کا عمل دخل زیادہ ہے جبکہ افسانے میں واقعات مجسم سے ہوتے ہیں۔ ڈھاکہ میں موجود افسانہ نگاروں مثلاً غلام محمد، شہزاد منظر، سید رفیق، احمد الیاس، ام عمارہ اور ... کے پاس وہ داستانیں بھی محفوظ ہوتی ہیں جو ان کے ... میں آ گئے تھے۔ مغربی پاکستان (موجودہ پاکستان) ... انتظار حسین، مسعود اشعر، رشید امجد اور بعض دوسرے افسانہ نگاروں کے ہاں بھی شکست کا شدید احساس موجود ہے۔ لیکن ... سقوط ڈھاکہ کا واقعہ پیش آیا اس وقت پاکستانی افسانے میں ... کا ... بنگلہ دیش کے قیام نے جو نیا جذباتی ہیجان پیدا کیا اس نے افسانے کے اسلوب میں نئی تبدیلیاں پیدا کرنے کا ایک نیا راستہ کھول دیا۔ سقوط ڈھاکہ نے جہاں احساس شکست کو جنم دیا تھا وہاں باقی ماندہ پاکستان کے بارے میں تشویش کو بھی ابھارا تھا۔ یہی خوف اور تشویش مختلف علامتوں کی شکل میں ظاہر ہوئی ہے۔ شکست ... جولائی 1977ء کے مارشل لا نے شکست و ریخت اور تشویش کے ... کو مسلسل قائم رکھا۔ اگرچہ رشید امجد نے اپنے ایک مضمون میں اس پھیلنے سے واقعے کا ... تجزیہ کیا ہے جو جمہوری آزادی کے ساتھ آیا اور پھر مارشل لا کی نذر ہو گیا

"سقوط ڈھاکہ نے مجموعی طور پر ... جمہوریت کے آغاز

اور پہلی بار ایک منتخب ... میں پاسے ...

Scanned by CamScanner

Scanned by CamScanner

[illegible]
[illegible]

(پروین شاکر)

[illegible]
[illegible]

([illegible])

[illegible]
[illegible]

([illegible])

[illegible]
[illegible]

([illegible])

[illegible]
[illegible]

(یوسف حسن)

[illegible]
[illegible]

([illegible])

[illegible]
[illegible]

(خالد احمد)

Scanned by CamScanner

اب اک بے یقینی کی فضا ہے
یہاں ہر دانہ ایک سا ہے

(صابر ظفر)

کہیں لہو کہیں دامن کہیں گریباں سے
تمام راستے کانٹوں نے گل کھلائے ہیں

(سلمان صدیقی)

1977ء کے بعد غزل کے موضوعات میں قومی پس منظر بڑی وضاحت سے سامنے آیا جب دکھاتا ہے۔ یوں دیکھیے تو اس عہد کی غزل مجموعی طور پر اپنی زمین اور اپنی سماجی کے ساتھ جڑی ہوئی ہے۔ پروفیسر یوسف حسن نے منظر کے بعد سامنے آنے والی نسل کا تجزیہ کرتے ہوئے لکھا ہے

"1972ء سے 1977ء تک کے جمہوری دور میں اس نسل میں مجموعی طور پر حقیقت پسندی ہی فروغ پاتی رہی اور جب حکمران طبقوں نے اپنے قومی اور عوامی وعدوں سے انحراف شروع کیا اس کے خلاف رد عمل اس نسل کی غزل میں بھی آیا۔ مگر 1977ء-88ء کے رجعت پرست مارشل لا نے ساری صورتحال بدل کر رکھ دی۔ اس طویل مارشل لا میں قتل جمہوریت کے ساتھ ساتھ مذہبی تنگ نظری کو بھی پھیلایا گیا۔ سابق منتخب وزیر اعظم کو تختہ دار پر چڑھایا گیا اور ہزاروں جمہوریت پسندوں اور عوام دوستوں کو قید، کوڑوں اور بیروزگاری کی سزائیں دی گئیں۔ اسی دور میں نئی نسل کے کچھ شعرا عسکری آمریت کے ہمراہ ہو گئے۔ کچھ انسانیت سے منقطع تصوف اور سریت کی طرف جھک گئے اور بعض نے قرونِ وسطیٰ کی مسلم خلافتوں کی ماورائی فضا سے

تحقیقی ذات تک کا دورہ اختیار کیا۔ جو ہم ایک بڑی تعداد اپنے لیے یا عمل
وہ دلی دونوں سے بھی بہت بلند قوتوں کے ساتھ رہی۔" (13)

یہ صورتحال شاعری کی ہے، وہی صورتحال افسانے کی بھی ہے۔ علاقائی ادب کے باب میں ہم نے چند مثالیں پیش کی تھیں۔ قومی زندگی اور زمین کے ساتھ افسانہ نگاروں کے کیسے جذبے وابستہ ہو گئے تھے اس کی چند مثالیں بھی دیکھی جا سکتی ہیں۔ انتظار حسین کے ایک افسانے کا اقتباس ملاحظہ کیجیے

"یہ تو سنتے دیکھے ہیں کہ لوگ اپنی زمین سے بچھڑ جاتے ہیں مگر کوئی زمین انہیں قبول نہیں کرتی۔ میں نے یہ دیکھا اور جانا کہ ہر زمین کی خوشبو ہے جو زمین اجڑ رہی ہے وہ بھی اور جو زمین آباد ہو رہی تھی ہے وہ بھی۔" (14) (قصہ کہانیاں)

دوسری طرف افسانے میں رشیدہ امجد کی انفرادیت یہ ہے کہ انہوں نے اپنے لیے ایک اسلوب وضع کیا ہے۔ اس اسلوب کی شناخت بے حسی کی اس کیفیت کے ساتھ ہوتی ہے جو عصری زندگی میں انہیں مسلسل لاحق رہا۔ یہ کیفیت ہمیں ان سیاسی واقعات سے بھی آشنا کرتی ہے جن میں اجتماعی قتل کے کئی پہلو تھے۔

"شہر زیادہ تر خاموش ہے وہ اس کے گرد کنڈلی مارے بیٹھا ہوا ہے۔ وہ بہت آہستہ دق کے مریض کی طرح تھم تھم کر کانپ کر قبر کے سرہانے کھانس رہا ہے۔ (7) یہ بڑی قبر ہے اداسی احاطے میں چاند چپ ہو رہا ہے۔" (15) (بہت نکلنے کی آرزو)

رشیدہ امجد کے یہاں مرد، عورت، ماضی، حال، مستقبل سب الگ الگ نظر آتے ہیں جو شناخت کی گمشدگی تھی، رشیدہ امجد نے اپنے افسانوں میں واضح اس گمشدگی کو ابھارا ہے۔

"میں تھی۔ وہ بیٹھا

مگر فوراً ہی خیال آتا ہے کہ میں کون ہوں"

نام بے نشان بے پہچان

لفظ بے معنی بے چہرہ" (16)

(بند ہوتی آنکھ میں اُترتے سورج کا عکس)

"قدموں کے نشان شہر کی جانب تک تو آتے دکھائی دیتے ہیں، آگے پتہ نہیں چلتا۔ بس ایک فراٹے لیتا دھواں ہے جو ... سے بھی بے انداز ... وقتے سے بھاگا جا رہا ہے۔ شہر کے بیچ ... کوئی گھبرا سا سوال لیے جا رہا ہے۔ ... سوال سن کر ہر ... دیکھتی ہیں اور ... غلط جملوں کے آگے اٹکی ہیں۔" (17) (ڈاکٹے سے بچھڑا مرغ)

اور یہی وہ شعور بھی ان افسانہ نگاروں میں ملتا ہے جنھوں نے تحریک پاکستان کی ... ہجرت سے گہرا اثر قبول کیا اور پاکستان کے لکھنے ... پس منظر میں اپنی شناخت کے بحران کو علامتوں کے ذریعے ظاہر کیا

"مجھے کوئی دکھ نہیں۔ میں سمندر دو نہیں دیکھ سکا۔ میرے آبا و اجداد ... وطن سے نہیں آئے۔ ... کرم بھی کوئی نہیں ... نہ کی۔ یہ میری تاریخ ... نہ کی۔ مجھے کوئی دکھ نہیں۔ میں وہ کیسے تم دیکھتے ہوئے پانچ سو برس اپنے گھر کے بارے میں سوچتے" (18) (گونگے کے خواب)

"ذہن اپنے اندر بھٹکتی جاتی ہے اور میں سوچتا ہوں کہ عظیم تہذیبوں کو زوال اس لیے آتا ہے کہ تاریخ میں وہ گم ہو جاتی ہیں اور خوبصورت اور کھنڈر شہر اس لیے ذہن میں رہ جاتے ہیں کہ آنے والوں کی نگاہوں کے

بے محفوظ ہو جائیں گے مگر میں جس کی گلیوں میں بھاگتا ہوں وہ کیوں
وحشت جا رہا ہے۔ یہاں تو کوئی زینہ نہیں، گنبد نہیں، مینار نہیں۔ گھروں
کے دروازوں پر بوسیدہ پھٹے ہوئے ٹاٹ کے پردے اور بے رنگ،
دھلی گوند کی کھڑکیاں اور جھکی ہوئی منڈیریں، کائی زدہ دیواروں کا
اکھڑا ہوا پلستر اور بھولی بھولی سیڑھیاں" (19)
(پیاسے)

ان چند مثالوں کے علاوہ اس عہد کے بیشتر افسانہ نگاروں کے ہاں اسی نوعیت کا رویہ، جذبہ اور کیفیات موجود ہیں جن سے صورتِ حال کا اندازہ بھی ہوتا ہے اور تخلیق کاروں کے شعور میں موجود قومیت کا شدید احساس بھی سامنے آتا ہے۔ شاعری اور افسانے کی طرح اس عہد کے ناولوں کا بھی یہی پس منظر ہے۔ پاکستان میں ناول نگاری کی صنف کی طرف بہت کم توجہ رہی ہے لیکن تقسیمِ ہند کے بعد سے جس قدر بھی ناول لکھے گئے ان میں سیاسی، سماجی پس منظر ہی بنیادی موضوع فراہم کرتا ہے۔

"آگ کا دریا" (قرۃ العین حیدر)، "اداس نسلیں" (عبداللہ حسین)، "آنگن" اور "زمین" (خدیجہ مستور)، "خدا کی بستی" (شوکت صدیقی) وغیرہ کا پس منظر پاکستان کا قومی منظر نامہ ہے۔ ساٹھ کی دہائی کے بعد علاقائی ادب کے آغاز پر بھی جو چند ناول لکھے گئے ان میں سے قابلِ ذکر ناولوں کے موضوعات میں کوئی تبدیلی واقع نہ ہوئی۔ "بستی" (انتظار حسین)، "خوشیوں کا باغ" (انور سجاد)، "راکھ" (مستنصر حسین تارڑ) اور "دیوار کے پیچھے" (انیس ناگی) پاکستانیت کے شعور کی نمائندگی کرتے ہیں۔

تقسیمِ ہند کے بعد پاکستانی ادب میں سماجی و سیاسی موضوعات کا غلبہ رہا ہے۔ ابتدائی برسوں میں تقسیم، ہجرت وغیرہ جیسے مسائل نمایاں تھے جبکہ 1958ء کے بعد مارشل لاؤں کے ردِعمل، سقوطِ ڈھاکہ کے اثرات، پاکستان کی قومی سماجی و اخلاقی اقدار، جمہوری آزادیوں کی خواہش وغیرہ جیسے موضوعات تمام تر ادب کا احاطہ کیے ہوئے ہیں۔ ستر کی دہائی

Scanned by CamScanner

سے اسی کی دہائی کے وسط تک جو موجود ہو، علامتوں کے کلام میں بھی پاکستانیت کا شعوری عمل کارفرما رہا ہے۔ یہاں یہ بات کہتے ہیں ہمیں سہولت حاصل ہے کہ پاکستانی ادب میں جدیدیت کی جو لہر آئی وہ محض مغربی ادب کی تقلید نہ تھی بلکہ اس کے ادیبوں نے جو علامتیں وضع کیں اور جو اسلوبیاتی تجربے کیے ان کے پس پشت ایسی ثقافتی اقدار، سماجی انصاف، جمہوری آزادیوں کی خواہش اور قومی سالمیت سے محبت جیسے عناصر موجود تھے۔ اس طرح اردو کا جدید ادب دراصل پاکستانیت کے شعور کی بھرپور نمائندگی کرتا ہے۔

حوالہ جات

1۔ قرۃ العین حیدر، کیا موجودہ ادب روبہ زوال ہے، نقوش، لاہور، ادارہ فروغ اردو، دسمبر 1958ء

2۔ محمد حسن عسکری، کچھ اپنی باتیں (اداریہ)، ماہ نو، کراچی، مئی 1950ء

3۔ محمد حسن، ڈاکٹر، اردو افسانہ 1948ء کے بعد، شعور، کراچی، مکتبہ شعور، شمارہ 5

4۔ شہزاد منظر، پاکستان میں اردو افسانے کے پچاس سال، ص 104

5۔ انتظار حسین، علامتوں کا زوال، سنگ میل پبلی کیشنز، لاہور، 1983ء، ص 46

6۔ ایضاً، جواب، محولہ، ص 29-30

7۔ عزیز حامد مدنی، جدید اردو شاعری (حصہ دوم)، انجمن ترقی اردو، پاکستان، طبع اول، 1994ء، ص 272، 273

8۔ منظر اعظمی، ڈاکٹر، اردو ادب کے ارتقاء میں ادبی تحریکوں اور رجحانوں کا حصہ، اتر پردیش اردو اکادمی، لکھنؤ، 1996ء، ص 536

9۔ ایضاً، ص 541

10۔ رشید امجد، ڈاکٹر، پاکستانی ادب کے تناظر، مقالات، مشمولہ مقالات، راولپنڈی، ص 23

Scanned by CamScanner

11۔ محمد کاظم، ایک سفر سے واپسی، مضمون، مشمولہ فنون، لاہور، دسمبر 1971ء، ص 8

12۔ رشید امجد، ڈاکٹر، شاعری کی سیاسی و فکری روایت، دستاویز مطبوعات، لاہور

13۔ یوسف حسن، پاکستانی نظم، دو دہائیوں سے آگے پچیس سال، مشمولہ عبارت، ص 75

14۔ انتظار حسین، علامتوں کا زوال، سنگ میل پبلی کیشنز، لاہور، ص 300

15۔ رشید امجد، ڈاکٹر، جدید نظم میں [illegible]، نیشنل بک فاؤنڈیشن، راولپنڈی، ص 35

16۔ ایضاً، ص 43

17۔ رشید امجد، ڈاکٹر، جدید نظم میں [illegible]، نیشنل بک فاؤنڈیشن، راولپنڈی، ص 54

18۔ احمد جاوید، [illegible]، پاکستان، 1197، لاہور، بار اول،
1993ء، ص 56،57

19۔ ایضاً، ص 61

Scanned by CamScanner

دورِ حاضر میں شخصیت کا تصور

Personality has been the theme of discussion for a long time. It is something that we possess and can be labeled as good, bad, fine or poor, mostly basis of physical appearance, or make-up. However this is a very limited view. On the other hand the psychological concept of personality goes farther and deeper than mere appearance. Thus the question of how to interpret or define personality has occupied the minds of psychologists for a long time and still continues to do so.

~~~~~~~~~~~

ہم اپنی روزمرہ زندگی میں شخصیت کی اصطلاح عام استعمال کرتے ہیں۔ شخصیت کا تصور عام ہونے اور اس کے بارے میں جاننے کے باوجود اس کی صحیح نوعیت اور حقیقت کے بارے میں نہ صرف عام لوگوں میں بہت سے پیمانے اور غلط تصورات پائے جاتے ہیں بلکہ اس سلسلے میں ماہرین میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے۔ شخصیت کو انگریزی زبان میں Personality کہتے ہیں جو لاطینی زبان کے لفظ Persona سے ماخوذ ہے جس کے معنی ماسک یا نقاب کے ہیں۔ اس دور میں اداکاروں کو ڈراموں میں ایک مخصوص قسم کا روپ دھارنے کے لیے نقاب پہنایا جاتا تھا تاکہ وہ نوعیت کے مطابق کردار میں حقیقی رنگ
~~~~~~~~~~~

میں بعد ازاں یہ لفظ شخصیت کے مترادف استعمال ہونے لگا۔

شخصیت کا لفظ عام لوگوں اور تعلیمی لوگوں میں مختلف تصورات رکھتا ہے۔ مختلف ماہرین نے اپنے اپنے دور میں شخصیت کے بارے میں مختلف نظریات پیش کیے۔ عوام اس سے مراد آدمیت و انسانیت لیتے ہیں جب کہ ماہرین نفسیات، عمرانیات اور حیاتیات نے اس کے مختلف نظریات پیش کیے ہیں۔ انیسویں صدی کے ایک اطالوی ماہر علم انسانیات لومبروسو نے چہرے کے خدوخال اور جسم کی ظاہری بناوٹ کی بنیاد پر شخصیت کی تشریح کرنے کی کوشش کی۔ اس نے سر کے سائز، آنکھوں کے درمیانی فاصلے، ٹھوڑی کی شکل، بالوں اور آنکھوں کے رنگ کو بعض شخصی خصوصیات سے منسلک کیا۔ اگرچہ اس نظریے کی کوئی سائنسی بنیاد نہیں تھی۔ پھر بھی لوگوں نے اس کی بنیاد پر غلط مفروضات قائم کر رکھے ہیں۔ اب بھی بہت سے لوگوں کا خیال ہے کہ جن افراد کی آنکھیں چھوٹی اور باہم قریب ہوں وہ جرائم کی طرف طبعی میلان رکھتے ہیں۔ بڑے سر کو عقلمندی کی نشانی سمجھا جاتا ہے۔ درحقیقت اس نوعیت کے تمام عقائد اور خیالات موجودہ سائنسی دور میں غلط اور بے بنیاد ثابت ہو چکے ہیں۔

کسی فرد کی شخصیت پر غور کرتے ہوئے سب سے پہلے متعلقہ فرد کا جسمانی حلیہ، قد، رنگ، لباس اور چال ڈھال وغیرہ توجہ کا مرکز بنتے ہیں۔ اگرچہ یہ خصوصیات ایک فرد کے تصورِ شخصیت کا اہم حصہ ہیں تاہم موجودہ دور میں ان کی حیثیت ثانوی ہے۔ ابتدائی چند ماہرین کے نظریات بھی اسی قسم کی عکاسی کرتے نظر آتے ہیں۔ ایک امریکی محقق ولیم ایچ شیلڈن (۱۸۹۸ء۔۱۹۷۷ء) کے نزدیک فرد کے جسم کی ساخت کا مشاہدہ کر کے پیشین گوئی کی جا سکتی ہے کہ وہ کس قسم کی شخصیت کا مالک ہے۔ شیلڈن نے جسم کو ساخت کے اعتبار سے تین اقسام میں تقسیم کیا۔ پہلی قسم "دبلی شکل" یہ لوگ نازک اندام اور لمبے قد کے مالک ہوتے ہیں۔ نفسیاتی طور پر ادراک، ضرورت سے زیادہ حساس اور فنکارانہ میلان رکھتے ہیں۔ دوسری قسم "متین شکل" لوگوں کی ہے۔ یہ متناسب جسم کے مالک ہوتے ہیں یہ لوگ

کے ذریعے توازن قائم کرتی ہے۔ یہ تہذیب و تمدن، معاشرتی اقدار، مذہب اور دیگر اخلاقی اقدار کی پابندی کرتی ہے۔ انا شخصیت کی منتظم ہے کیونکہ یہ فرد کے کردار کو کنٹرول کرتی ہے۔ فوق الانا شخصیت کے اخلاقی اور اصلاحی پہلو کا نام ہے۔ یہ حقیقت کی بجائے مثالیت پسند ہے۔ فرائیڈ کے نزدیک شخصیت کی نشوونما ابتدائی پانچ چھ سال میں مکمل ہو جاتی ہے جب کہ ماہر نفسیات یونگ کے نزدیک شخصیت کی نشوونما تمام عمر جاری رہتی ہے۔ یونگ کے نزدیک شخصیت دروں بینی اور بیروں بینی کے جملہ اوصاف کے مجموعے کا نام ہے۔ دروں بینی شخصیت کے مالک لوگ کم گو، تنہائی پسند اور غور و فکر میں مصروف نظر آتے ہیں۔ ان کی دلچسپی کا مرکز اپنی ذات ہوتی ہے جب کہ بیروں بینی شخصیت کے مالک لوگوں کی دلچسپی کا مرکز اپنی ذات کی بجائے ارد گرد کے لوگ ہوتے ہیں۔ تاہم کوئی فرد بھی مکمل طور پر دروں بینی یا بیروں بینی نہیں ہوتا بلکہ ہر فرد میں یہ دونوں خصوصیات موجود ہوتی ہیں۔ البتہ ایک خصوصیت غالب ہوتی ہے۔

ایڈلر نے اپنے نظریہ شخصیت میں معاشرتی عوامل کی طرف توجہ مبذول کرائی۔ ان کے نزدیک معاشرتی محرکات شخصیت کی تشکیل پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ ہر فرد میں ایک فطری خواہش پائی جاتی ہے کہ وہ دوسروں سے اپنی حیثیت تسلیم کرائے۔ اپنی اس خواہش کو پورا کرنے کے لیے معاشرتی، مذہبی، اخلاقی اور قانونی اقدار کے تقاضوں کے مطابق اپنے جذبات و ایثار کی قربانی دے کر اور معاشرتی فلاح و بہبود کو سامنے رکھ کر اپنی اعلیٰ شخصیت تسلیم کروانا چاہتا ہے۔

کرداریت پسند مکتبِ فکر کا خیال ہے کہ فرد کی شخصیت بنیادی طور پر آموزش کے نتیجے میں تشکیل پاتی ہے۔ ان کے خیال میں فرد کی شخصیت ان افعال اور عادات کے مجموعے کا نام ہے جو وہ عمر و زندگی کے تجربات اور تعلیم و تربیت کے ذریعے سیکھتا ہے اور جو آموزش نظریات کے عمل کے ذریعے واضح ہوتی ہے۔ شخصیت کم و بیش ان مستقل رد اعمال

Scanned by CamScanner

کے مجموعے کا نام ہے جس کا مطلب وہ رویہ ہے جو ماحول میں موجود محرکات کی جانب کرتا ہے۔ یہ

نظریہ کی رو سے شخصیت کو ایک میکانکی عمل سے تعبیر کیا جاتا ہے جو سیکھا جاتا ہے اور یہ خیال

کیا جاتا ہے کہ کردار و شخص کے مخصوص عادات مخصوص قسم کی شخصیت کی تشکیل کرتے ہیں۔

پیدائش کے وقت فرد کے اندر کوئی مخصوص قوت موجود نہیں ہوتی جو اس کی شخصیت کی تعمیر

کے عمل کو کنٹرول کرتی ہے بلکہ مختلف تجربات کے ردعمل میں سیکھے جانے والے اعمال کے

مجموعے کو ہی شخصیت کہا جاتا ہے۔

کارل راجرز نے انسانیت پسند نظریہ شخصیت پیش کیا ہے۔ راجرز کے نزدیک شخصیت

دو مختلف انداز میں سیکھے ہوئے اعمال کا مجموعہ ہے اور ان کی "شعوری اور جسمانی طرز عمل"

کا مرجع بھی۔ اس کے اندر ایک بنیادی قوت "تحقیقِ ذات" موجود ہے جو فرد کی نشوونما کے عمل

کی رہنمائی کرتی ہے۔ اس کی تمام صلاحیتوں کو فروغ دیتی ہے اور ایک طرح سے شخصیت کی

تشکیل کرتی ہے۔ فرد اپنی شخصیت کی تشکیل میں خود بھی فعال کردار ادا کرتا ہے۔ اس کے

سامنے کئی مواقع رہتے ہوتے ہیں۔ دوسرے لفظوں میں کہا جا سکتا ہے کہ فرد اپنی شخصیت خود

بناتا ہے۔

مادی نظریات جو دوسری تعریف شخصیت کے تجربہ فرد سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان

کے مطابق شخصیت فرد کے تصور ذات اور چند اوصاف کے مجموعہ کا نام ہے۔ ان کے

اوصاف سے مراد کم و بیش فرد کی مستقل خصوصیات ہیں جن کی پیمائش کی جا سکتی

ہے۔ یہ اوصاف فرد کے کردار میں مختلف اوقات میں ظاہر ہوتی رہتی ہیں۔ جو فرد جن

اوصاف کا مالک ہوگا اسی طرح کی اس کی شخصیت ہوگی مثلاً باصول، رحم دل، غصیلے

غصہ، گرم جوش، شرمیلا، نرم دل، بے صبر، خوشامد پسند وغیرہ۔

لہٰذا شخصیت کے مختلف نظریات اور مختلف ماہرین نفسیات کی آراء کو مدنظر رکھتے

ہوئے ہم کہہ سکتے ہیں کہ شخصیت صرف فرد کے لباس اور ظاہری خدوخال کا نام نہیں بلکہ

Scanned by CamScanner

Scanned by CamScanner

ڈاکٹر فوزیہ اسلم

روایتی اور جدید افسانے کی تکنیک کا تقابلی جائزہ

Short story enjoys a variety of techniques because of which some aspects of life erstwhile supposed to be taboo have now been included in the embrace of literature. This has put a demand for new techniques, artistic treatment and styles. It has caused changes in the genre and the consequence is that that symbolism, abstraction, allegory and figurative elements are being used increasingly. The modern short story has taken a new shape because of these stylistic techniques which are the subject of study here.

اردو افسانے کا آغاز داستانی روایت کی تکنیک کا پاسدار تھا اس کے ساتھ افسانے کا عام تشکیل اور علامت بھی اس کا حصہ ہے۔ حقیقت اور واقعیت کی تکنیک نے بھی ابتدا ہی میں آ کر محوری اور روایتی تکنیک ہی ابتدائی افسانے کی نمائندگی کرنے لگی پلاٹ، کردار، نقطۂ عروج اور اختتامی نقطۂ نظر کی تکنیک پر ایک سے جداگانہ حیثیت رکھتی ہے۔ ڈبلیو ایچ ہڈسن اپنی کتاب کے دیباچے میں کہتا ہے

"(i) The short-story writer may make moral values explicit and obvious by writing a story

Scanned by CamScanner

'with a moral'. That is one method, but no one much in favour nowadays, nor very easily to be found in this book. There is a danger that too obvious a moral will destroy the art, the characters may appear as puppets, the plot a mere contrivance. The illusion of truth may be broken, and a moral however good and true - that destroys the truth of the fiction will be self-defeating.

(ii) The values embodied in the story will usually be expressed throught the plot, the characters, the setting and by the way in which the story is written. The style is often the clearest guide to the writer's sincerity, we can detect falsity by the tone of the speaker's voice or a writer's use of words.

(iii) The best writers try to work unobtrusively, presenting their view of life through characters involved in situations and events in such a way as to give us an implicit understanding of the another's moral and literary values, an

Scanned by CamScanner

awareness of what he admires and of what he deplores. Compassion, for example - and I single out this quality because many of the stories in this book are concerned with it - is best presented for our approval, not by an explicit moral or sermon, but by an author's concern for human beings in their infinite variety of strength, weakness, wisdom or folly.

(iv) Although - as above - it is sometimes convenient to make a verbal distinction between moral and literary values, it is usually misleading to attempt to consider them apart."[1]

اخلاقیات کو ادب [illegible] تحریک میں استعمال ہوتی رہی ہے۔
1930ء کے بعد [illegible] واضح ہو گئے۔ [illegible]

[illegible]

پہلی تحریک [illegible]

پر گہرائی پیدا ہو گئی۔ ڈاکٹر اعجاز راہی نئی تکنیک کے ساتھ اس کے برتنے پر بھی کلام کرتے ہوئے لکھتے ہیں

"نئے اردو افسانے نے زندگی کو وسیع تناظر میں دیکھنے کی کوشش کی اور اس کے لیے اس نے نہایت توانا علامتی اسلوب اور تجریدی تکنیک کو استعمال کیا، جس میں نئے موضوعات کو اور کرداروں کو وسعت میں مجسم کرنے والی پوری صلاحیت اور اس کے اندر غیر معمولی قوت کا ایک بے پناہ استدلال اور وسعت موجود تھی۔ یہاں پر علامتی اشکالات، احتساب کے لیے استدلال، علامتی، تمثیلی اور تجریدی تہہ در تہہ علامات کو تخلیق کار نے افسانے کے اسلوب اور ساخت کا حصہ بنایا۔ معمول کی لفظیات کے استعمال کے انکار سے نئے افسانے کی نئی لفظیات نے نئی لسانی تشکیلات کی ایک نئی شکل واضح کی اور ادب کو لفظیات کا ایک نیا ذخیرہ مہیا کیا۔ یہ سارے عوامل نئے افسانے کو ابھار کے لیے ایک وسیع میدان مہیا کرتے ہیں۔

نئے افسانے کی علامتیت، تجریدیت، پیچیدگی اور داخلی بیانیہ کا وظیفہ جو موجودہ انسان کے نفسی تحرکات میں پیدا ہو چکا ہے بنیادی طور پر پورے عصری افسانے کے لیے عصری اسلوب کے نام سے پکارا جا سکتا ہے۔ علامتیت قاری کے اندر اپنی تحریر کی خواہش اور تحیر انگیز رویوں کے سبب ایک ایسی کیفیت پیدا کر دیتی ہے جو عصر کا مفہوم سمجھنے میں مدد دیتی ہے یوں کہا جا سکتا ہے کہ علامتیت میں افسانے نے پہلی بار اصل وقت پایا اور اس کی داخلی نفسی انتہا تک اترنے میں رسائی حاصل کی۔ یہ علامتیت کی عطا ہے

Scanned by CamScanner

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

Scanned by CamScanner

وقت کی تبدیلی کا [illegible]
کی بن جاتی ہے۔ لیکن [illegible]
میں لکھی ہوئی کہانی نئی کہانی نہیں [illegible]
لکھی ہوئی کہانی نئی کہانی سے [illegible]
افسانہ نگاری کا [illegible]
دور ہو گیا۔ غرض [illegible]
پچھلے دور کے افسانے سے مختلف ہے۔

نئی کہانی کی ابتدا [illegible] ہے۔ فسادات کے نتیجے میں [illegible] ہجرت نے اردو افسانے [illegible] صورت ان کی [illegible] موضوعات میں [illegible] تھے اور تکنیک کے [illegible] خلاف رد عمل کو ظاہر کرنے کے لیے علامت [illegible] تکنیکی ذرائع استعمال ہونے [illegible] خوف، ذات [illegible] بازیافت اور کھوئے ہوؤں کی تلاش [illegible] محدود کر دیا تھا مگر اب خارجی واقعات [illegible] جہاں تک [illegible] علامتی، استعاراتی اور تجریدی [illegible] کے سبب اس دور کے افسانے زیادہ گہرائی کے حامل ہیں۔

اس کے ساتھ ساتھ افسانے میں کچھ نئے رجحانات بھی در آئے۔ ان میں
سے نئی حسیت، روحانیت، جنس، ایپی جنس، ذات کے گم ہونے کا خوف اور تنہائی اور
تنہائی سے وابستگی شامل ہیں۔ اگرچہ یہ مشکل موضوعات ہیں جنھیں نئے افسانہ نگاروں
نے ان موضوعات کو نئے تکنیکی و فنی اسالیب کے استعمال سے بخوبی بیان کیا۔ اگرچہ اس
بیسویں صدی کی دہائی میں ہوا تاہم صورت حال کی تبدیلی سے کہانی کہنے کے انداز میں
فرق آیا ہے۔ اس سے پہلے دور کی کہانیوں میں زندگی کا ابھرا پن نمایاں ہوتا تھا مگر اب یہ کہانی
جدید زندگی کے تمام رنگوں اور خارج و باطن کے تمام وجود کا احاطہ کرتی ہے اور اس طرح
کے فلسفے کا دروازہ خارج اور باطن دو سطحوں پر عیاں ہو جاتا ہے۔ یعنی پہلے ظاہری اعمال تک
بات رہتی تھی، اب باطنی اعمال بھی سامنے آجاتے ہیں۔

> "مختصر افسانے میں فنی سطح پر ہونے والی تبدیلیوں کا ذمہ دار یہ
> انسان ہی تھا۔ "شعور کی رو" کی تکنیک جو جدید افسانے میں ملتی
> ہے اسے فنکاروں نے کسی وضع کردہ فارمولے کے طور پر استعمال
> نہیں کیا۔ بلکہ یہ تکنیک اس کے انسان کی باطنی دنیا کی شناخت اور
> اس کا اظہار ہے جس میں مسلسل اتھل پتھل ہوتی رہتی ہے۔" ۹۰

نئے لکھنے والوں میں جنھوں نے تکنیک کے نئے زاویے مرتب کیے ان میں
انتظار حسین کا نام نہایت اہم ہے۔ انتظار حسین کہانی بُنتے ہوئے داستانی زبان کے ساتھ
تہذیبی اور مذہبی اساطیر اور لوک تلمیحات کا بھی استعمال کرتے ہیں۔ وہ اپنے عہد کے
مسائل کو تہذیبی و مذہبی اسطور سے ہم آمیز کر کے کہانی کی بنت کاری کرتے ہیں۔ اس عمل
سے جہاں ان کا ایک یکتا اسلوب الگ سے اپنی شناخت کراتا ہے، وہیں اس عہد کی کہانی
کو کل کی کہانی سے جوڑ کے بھی پیش کرتا ہے۔

انتظار حسین نے لوک اوہام کو علامتی بنایا ہے۔ ان کے افسانے "جنگل"، "[illegible]

Scanned by CamScanner

ہے۔ سندھی کی لوک کہانی، افسانے جو جو انہوں نے تحریر کیے ہیں وہ شہکار ہیں جو افکار حسین
کو ایک بڑے کینواس پر دکھاتے ہیں۔

نئی کہانی والوں میں انور سجاد کے افسانے بھی علامتی اظہار سے ایک نئی روایت کی بنیاد کرتے ہیں۔ انور سجاد ایک مصور اور فن موسیقی سے بھی واقف ہیں۔ ایک نئی کہانی لکھنے کے لیے جس وجدان، شعور، موسیقی، رنگ اور علامتی اظہار کی ضرورت ہوتی ہے وہ انور سجاد کے یہاں موجود ہے۔ انہوں نے نئی کہانی کو علامتی اظہار سے جو نئے روپ دیے ان میں چھوٹی بڑی خوبصورتی کی استعاروں کا ایک ذخیرہ ہے، جیسے اور جدیدیت کے ساتھ استعمال کرنا بھی شامل ہے۔

''اساطیر کسی کی میراث نہیں ہوتے۔ یہ تو سارے انسانوں کی مشترکہ میراث ہیں۔ جہاں کہیں بھی میں نے انہیں استعمال کیا ہے وہاں وہ پورے طور سے ہم آہنگ ہیں۔''[5]

ان کے علامتی افسانوں میں ''رات کی رانی''، ''روب''، ''رورا''، ''کیا'' شامل ہیں۔

رشید امجد جدید علامتی افسانے کا ایک بڑا نام ہے۔ انہوں نے نہ صرف علامتی افسانے لکھے بلکہ علامت سازی میں اپنی فنی مہارت کا ثبوت بھی دیا۔ رشید امجد کے موضوعات اتنے گہرے خاک ہیں۔ وہ معاشرے کے ان کرداروں کا انتخاب کرتے ہیں جو دبے کچلے ہوتے ہیں۔ ان کے موضوعات زندگی کی تلخیوں سے اور تکنیک جداگانہ ہونے کے سبب اپنے ہم عصروں میں الگ نظر آتے ہیں۔ انہوں نے تکنیک میں تقلید سے گریز کیا ہے۔ اس لیے ان کے افسانوں کا اسلوب ان کی شناخت بن گیا۔ ان کے کرداروں کی طرح ان کی علامتیں بھی تہہ در تہہ ہیں اور جدید تضادات زندگی کے تجربے سے حاصل ہوتی ہیں۔ اس لیے ان کے افسانوں میں ابہام کا مسئلہ نہیں ہوتا۔

''رشید امجد کی افسانوں کا کائنات نہ صرف روایتی بلکہ جدید افسانہ

Scanned by CamScanner

منشا، انتظار حسین، انور سجاد کی افسانوی کائنات سے بھی مختلف دستخط ہے۔ رشید امجد کے یہاں یہ انفرادیت افسانے کی داخلی اور خارجی ساخت کے تعلق سے ایک نئے سلیقے کی صورت میں اپنی پہچان کراتی ہے۔ افسانے کے مروجہ اسلوب سے انحراف اور لسانی تشکیلات کا عمل ان کے یہاں انفرادی اسلوب کی ایک واضح صورت ابھرتا ہے، جس کی باقاعدگی اور تسلسل کے ساتھ برتنے کی وجہ سے ان کی ایک الگ پہچان قائم ہوئی۔"۵۰

رشید امجد نے روایتی افسانے سے آغاز کیا اور شعور کی رو، آزاد تلازمہ، خیال آرائی، تکنیک سے اپنی پہچان کروائی ہے۔ وہ ایک اعلیٰ درجے کے کہانی کار ہیں۔

محمد منشا یاد کہانی پر زور دیتے ہیں۔ اس لیے ان کے ہاں پلاٹ، کردار سازی، منظر نگاری کے عمدہ نمونے مل جاتے ہیں۔ انھوں نے بھی رشید امجد کی طرح روایتی افسانے سے آغاز کیا۔ پھر 60ء کی دہائی کے بعد علامت سازی کی طرف آئے اور علامتی افسانے لکھے۔ دیہی پس منظر اور شہری زندگی کے سبب ان کی کہانیوں میں دو طرح کے رنگ آ جاتے ہیں۔ ان کا افسانہ "[illegible]" اس کی بہترین مثال ہے۔

انوار احمد علامتی افسانے کے آغاز کے لکھنے والوں میں شمار ہوتے ہیں:

"70ء کی دہائی کے شروع میں ہی ایک نئی قسم افسانے کے لیے افسانے کی طرف متوجہ ہوا۔ یہاں کے لکھاریوں نے افسانے کے جن امکانات کو جنم دیا وہ اپنے اردگرد سے بڑا مختلف تھا۔ نئے موضوعات، نیا اسلوب، بہت سے لکھنے والے، وسعت میں کثرت کا جلوہ ان لوگوں نے یوں دکھایا کہ ان میں سے ہر ایک اپنے اپنے انداز کا لکھاری تھا۔ ڈاکٹر رشید امجد، ڈاکٹر انوار احمد، رائی منظر الاسلام، احمد

جاوید ... اعلیٰ ... اور ... تجربہ ... ان سب نے مل کر
... ان کے افسانوں کی بنیاد رکھی۔"

"احمد جاوید ... ان چند افسانہ نگاروں میں سے ایک ہیں
جنہوں نے ... اردو افسانے کی روایت کو ایک خوبصورت اور ...
... ایک نئے ... سے ... کیا ہے۔"

احمد جاوید کے افسانے ... ان کے ... کی گواہی دیتے ہیں۔

اگر ان افسانوں کی کہانیوں میں ... بات کی کہانی ... ہے تو ہم ان ... کی ... کہانی ... ہے۔ ان کے موضوعات میں عورت اور ان کی ... ہے۔

علاوہ ازیں ان کے ہاں ... موجود ہے۔ جس کے سبب وہ خارجی مظاہر ... کے ساتھ ... کے ساتھ ... احمد جاوید کے افسانوں میں ... ایک منفرد آہنگ کی پہچان کرتا ہے اور اس کے لیے انہیں ایک ... اور تکنیک کی ضرورت ہے۔ ان کا کمالِ فن ہے کہ وہ ... کے ساتھ ... موضوعات ... جاتی ہیں۔

احمد جاوید اردو افسانے کا ایک معتبر نام ہے۔ انہیں موضوع کے انتخاب اور برتاؤ پر کمال قدرت حاصل ہے۔ موضوع اور تکنیک کی جو جلوہ نمائیاں احمد جاوید کے ہاں ملتی ہیں وہ ان کے ہم عصروں میں کم کم ہیں۔ بسا اوقات احساس ہوتا ہے کہ جیسے موضوع اپنے ساتھ تکنیک لے کر آتا ہے۔ بہت سے اچھے کہانی کاروں میں بھی فکر اور ... کے ... تضادات ... دیکھا جاتا ہے مگر احمد جاوید جدید عہد کے ان افسانہ نگاروں میں شمار ہوتے ہیں جنہیں موضوع کے انتخاب کا گیان اور تکنیک کا شعور ودیعت ہے۔ وہ ایک صاحبِ اسلوب کہانی کار ہیں۔ ان کی علامتیں ان کی فکری زمین سے پھوٹتی ہیں۔"

Scanned by CamScanner

اپنے لیے ماحول سے بھی علامت اخذ کرتے ہیں اور کہیں کہیں جانوروں کی جبلت کو بطور علامات بناتے ہیں۔

"محمد حامد کے ہاں جانوروں وغیرہ کی علامات سے سماجی اور انسانی صورت حال کو سمجھنے میں بڑی مدد ملتی ہے۔ جانوروں وغیرہ کی نفسیاتی کیفیات، انسان کی نفسیاتی کیفیات سے مطابقت رکھتی ہیں۔ جسے آج کل کے افسانہ نگار کی مجبوری ہے۔ چاہے جسے کہ سماج میں کتنا ہی عزت و احترام کی نظر سے دیکھا جاتا ہو۔ یہ علامتیں اہم نہیں ہیں کیونکہ کہانی کا اصل رنگ روپ ان علامتوں کے مفاہیم کا تعین کر رہا ہے۔ وہ علامتوں کے ذریعے اس سماجی حالت کو بیان کر رہا ہے جس سے آج کا دور گزر رہا ہے۔"[90]

آج جدید افسانے میں بہت سے نام سامنے آ چکے ہیں۔ چنانچہ یہاں کل جو تحریک کی ایک خاص دیکھا حصہ تھی۔ نئے افسانے میں تکنیکی و اسلوبی بحث سے ایک بات واضح ہوتی ہے کہ انکو لکھنے والوں کے پاس تکنیک اور اسلوب کی شراکت ہے اور کہا جو منظر یا پیش منظر آیا ہے کہ ایک ہی عصر میں لکھنے والوں میں تکنیکی شراکت معیوب نہیں ہوتی کیونکہ اس شراکت سے انفرادی اسلوب کے بعد ایک اجتماعی اسلوب کی بازیافت ہوتی ہے۔

اس بحث کو آگے بڑھاتے ہوئے تکنیک کے حوالے سے ممتاز شیریں کی رائے دیکھتے ہیں:

"صرف اچھا مواد یا اچھی تکنیک کسی افسانے کو اچھا نہیں بنا سکتی۔ کامیاب فن کار ہر طرح کے موضوع سے ایک اچھا افسانہ تخلیق کر سکتا ہے۔ وہ بلند، عظیم اور گہرے مواد سے ایک معمار کی طرح مضبوط اور عالی شان افسانے کی عمارت تیار کر سکتا ہے۔ وہ نازک اور ہلکے موضوع سے ایک سنار کی طرح نزاکت و نفاست سے

Scanned by CamScanner

Scanned by CamScanner

(ب) ایسا بیان جس میں کہیں کہیں مکالمہ اور عمل ملا ہوا ہو

(اکثر افسانوں میں یہی امتزاج ہوتا ہے)

(ج) صرف گفتگو یا مکالمہ" 10

خلاصہ بحث کے طور پر ایک نظر پرانے اور نئے افسانے کے فرق پر ڈالتے ہیں:

☆ نئے اور پرانے افسانے میں طرزِ اسلوب اور موضوع دونوں کا فرق ہے۔

☆ دونوں افسانوں میں تکنیک کا فرق ہے۔

☆ پرانا افسانہ پلاٹ پر زور دیتا ہے مگر نیا افسانہ کردار کے گرد گھومتا ہے۔

☆ پرانے افسانے میں کہانی کا جو موضوع ہوتا تھا وہ جیتا جاگتا انسان نظر آتا ہے۔ نئے افسانے نے انسان، خارج میں جیتا نظر آتا ہے اس سے زیادہ باطن میں جیتا ہے اسے بھی موضوع میں شامل کیا ہے۔

☆ پرانے اور نئے افسانے میں زبان کا فرق بھی نمایاں ہے۔

☆ پرانے افسانے میں سیدھا سادہ بیانیہ انداز اپنایا جاتا تھا مگر اب مختلف انداز میں بیان کیا جاتا ہے۔

☆ علامتوں کا شعوری استعمال نئے افسانے کی ایک صفت ہے جب کہ یہ روایتی افسانے میں نہ تھا۔

حوالہ جات

1۔ Burts.S.H."Modern short story: Longman,London,1968,5th Editon. P ix

2۔ ڈاکٹر ... "اردو افسانے میں اسلوب کا ارتقاء" ... طبع اول، 2003ء، ص 57

Scanned by CamScanner

3. [illegible] 1988ء، ص238

4. ایضاً، ص233

5. [illegible] 197[illegible]ء، ص65

6. [illegible] 1988ء، ص17

7. [illegible] 2002ء، ص240

8. [illegible] 1974ء، ص10

9. [illegible] 2002ء، ص299,298

10. [illegible] 1963ء، ص19,18,17

Scanned by CamScanner

تین کہانیاں —— ایک خیال

One of the qualities of literature is universality. The writer of the following article has related three short stories each representing three different eras and culture and written in three different languages, Punjabi, English and Urdu but share the same central idea i.e. the misery of Indian women trying to obey the traditions but actually want to fulfil their natural desires.

[illegible]

وہ معاشرے اور مذہب کے مقرر کردہ اصولوں کو مدنظر رکھ کر ایک شخص کا انتخاب کرنے پر مجبور ہے اور کبھی کبھی تو یہ انتخاب کا حق بھی اسے نہیں ملتا۔ اس انتخاب میں محبت کا عنصر کہیں نہیں ہے۔

مرد کے لیے دوسری، تیسری اور چوتھی شادی کا جواز موجود ہے مگر عورت کیا کرے۔ اگر وہ شادی کے بعد کسی کی محبت میں گرفتار ہو جائے اگر اس کا روحانی جوڑ اس کی محبت اسے شادی کے مقدس بندھن میں بندھنے کے بعد ملے تو وہ کیا کرے۔ اس کا آسان سا جواب تو یہ ہو سکتا ہے کہ وہ آزاد ہے کہ اپنے شوہر کو چھوڑ کر اپنے من پسند مرد کی جانب رغبت کا اظہار کرے مگر یہ کہنا جتنا آسان ہے۔ معاشرتی سطح پر اتنا ہی معیوب اور قابل مذمت عمل۔ بات تھی اخلاقی قدروں اور مذہبی اصولوں کی تھی۔ ایک جذبے اور ضرورت کی ہے جس کی تشنگی ادیبوں کے ادیبوں نے عام سطح سے بلند ہو کر محسوس کیا اور یوں کئی کہانیاں تخلیق ہو کر اردو، انگریزی اور پنجابی ادب کا حصہ بنیں۔ امرتا پریتم، پنجابی ادب کا ایک بڑا نام ان کا ناولٹ ”ایک سی انیتا“ (ایک تھی انیتا) جو کہ ایک پارسی کی کہانی In Imaginative Women (تھامس ہارڈی) پرست عورت اور مقبول الاسلام کا مختصر افسانہ ”جاگتے سمندر کے کنارے سوئی ہوئی محبت“ جیسی کہانیوں کا مرکز عورت کی محبت ہے۔ عورت جس کے لیے محبت سے اہم کچھ نہیں مگر شادی شدہ عورت کے لیے محبت جرم ممنوع ہے۔ وہ سماج کے گھڑے بندھے اصولوں کے سامنے سر تسلیم خم کرنے پر مجبور ہے۔ جہاں رشتے اس کا دامن پکڑتے ہیں اور عورت کے وجود سے محبت قربانی مانگتی ہے اور اخلاقی معیار اس کے دل کی آواز کو دبا دیتا ہے ”ایک تھی انیتا“ ایک شادی شدہ عورت ہے۔ جو اپنے شوہر اور سسرال والوں کے ساتھ ایک گھٹی گھٹی زندگی گزار رہی ہے۔ اس کا شوہر ایک اوسط ذہنیت کا ایک شریف آدمی ہے جو انیتا کا شوہر صرف شوہر ہے محبوب نہیں۔ انیتا کی ذات دو حصوں میں تقسیم ہوئی ہے ایک طرف وہ عورت ہے جو جسمانی طور پر اپنے شوہر کے ساتھ زندگی بسر کرتی ہے جب کہ اس کی ذات کا دوسرا حصہ اس جسم سے

Scanned by CamScanner

کبھی وہ محبت کا متلاشی اپنے محبوب کی باہوں میں جھولتا ہے اور ایک ان دیکھی دنیا [illegible]
حقیقت کا روپ دھار کر ساگر کی صورت میں اس سے آن ملا۔ مگر اس ملاقات سے [illegible]
اور دل کی گھٹن بڑھ گئی۔ حالات، معاشرہ، سماج، رسوم و رواج [illegible] تو اس کی محبت
آڑے آنے لگی اس کا راستہ روک دیا۔ وہاں جب وہ وقت ساگر کے چہروں میں [illegible]
کر کے حقیقت کی دنیا میں چلی گئی ہے۔ اس گھٹن نے انجانے بے وفائی [illegible]
کر دیا اور اس نے ساگر کو خود اپنے ہاتھوں کھو دیا۔ سماج اور رسوم کی جنگ میں انجم [illegible]
گئی۔ جسم و جاں ایک ہو گئے۔ ساگر کے ہو گئے۔ قلب و جسم کی گھٹن [illegible]
وہ اس حقیقت کی دنیا میں خود کو کھینچنے لگی۔ مگر بے وفائی کے احساس اور جرم نے اسے مجبور [illegible]
وہ اپنے شوہر سے اس کا اعتراف کرے۔ وہ خود کو [illegible] اس دوہری زندگی کے عذاب [illegible]
کرنے کے لیے تیار تھی۔ سو اس نے اپنے شوہر کو چھوڑ دیا۔ گھٹن تو ختم ہوئی مگر [illegible]
محبت کی خواہش ایک بار پھر اس کو بے چین کرنے لگی۔ ساگر سے دوبارہ ملاقات ہوئی۔ مگر جب [illegible]
ملن کے لیے ہونے کا وقت آیا تو اخلاقیات اور رسوم نے وصال کا دور چھین لیا۔ [illegible]
کی زندگی کو دکھ اور درد سے چاہت [illegible] مگر وہ لمحہ آیا اور گزر گیا وہ ایک بار پھر محروم محبت رہ گئی [illegible]
محبت نے اسے اقبال نامی شخص سے قریب کیا۔ گو کہ وہ ساگر تھا اور نہ ہی اس کا محبوب [illegible]
وہ اپنی مکمل ہونے والی محبت کا کنارہ چاہتی تھی۔ وہ محبت پانا چاہتی تھی۔

"ساگر! اپنی زندگی کی راہ میں چلتے چلتے اس جگہ آ گئی ہوں جہاں سے
کئی پگڈنڈیاں کئی سمتوں کو جاتی ہیں.... مجھے محسوس ہوتا ہے کہ کئی
پگڈنڈیاں تمہاری طرف جاتی ہیں"۔

انجم ان عورتوں میں سے ہے جن کی زندگی محبت کے دائرے میں گھومتی ہے محبت
اس کا سرمایہ حیات ہے اور محبوب اس کی منزل۔ وہ اپنے عقیدہ محبت کے بارے میں کہتی ہے

"میں ندی کنارے کی صورت نہیں ہوں لیکن سوچتی ہوں کہ ہر انسان کا ایک

مذہب ہوتا ہے۔ ایک عقیدہ ہوتا ہے۔ ایک خدا ہوتا ہے۔ [illegible]
خیال میں یہ مذہب، یہ عقیدہ، یہ خدا ہر کسی کا اپنا اپنا ہوتا [illegible]
ہے کسی کا مذہب میرا مذہب نہیں۔ کسی کا عقیدہ میرا عقیدہ [illegible]
خدا میرا خدا نہیں۔ کسی کے لیے محبت مذہب ہو سکتی ہے [illegible]
سکتا ہے اور ایک انسان خدا ہو سکتا ہے اور کسی کو مجھے [illegible]
ہے اسی طرح ہے۔ تم میرے خدا اور تمہاری محبت [illegible]
تمہاری تلاش میرا عقیدہ۔ ایک انسان کی [illegible]
ہے ایک خدا کی طرح تم مستور بھی ہو۔"

اس حقیقت افسانہ محبت کا عنوان اس کے بیٹے کی صورت [illegible]
محبوب کی شکل و صورت سے مشابہ تھی۔ اس بیٹے نے [illegible] کی زندگی [illegible]
عشق [illegible] وصل کی تڑپ [illegible] ہوئی اور آخر کار یہی عشق [illegible]
محبت کی تجلی اور [illegible] زندگی کی کہانی۔ "ایک تخیلی [illegible]" [illegible]

An Imnaginative Women (تخیلی [illegible]) [illegible]
کہانیوں میں سے ایک ہے۔ اس کہانی کا مرکزی کردار بھی ایک عورت [illegible] ہے وہ اپنے شوہر
اور بچوں کے ساتھ [illegible] اور خوشحال زندگی گزار رہی ہے مگر اس کی زندگی میں [illegible]
باقی ہے [illegible] رکھتی ہے۔ اس کا شوہر ایک کاروباری [illegible]
[illegible] نہیں۔ وہ اس کی اچھی ساتھی ہے اس کی [illegible] کرتی ہے [illegible]
محبت کرنے اور اپنی محبت کے [illegible] سے قاصر ہے۔ وہ [illegible]
احساس اور [illegible] سے اسے چھپاتی ہے۔ اس کے [illegible]
[illegible] رکھتے ہیں وہ اس کے بارے میں [illegible]
اس وقت محبت کے [illegible] ہے جب [illegible] اس گھر میں [illegible]

[illegible] عورت نے وفا کا راست طور پر یہ گھر اس کی رہائش

[illegible] عورت اس گھر میں رہنے جا رہی ہے وہ اس کی پرچھائیں

[illegible] نے بھی وہ والی طور پر اس طرح قریب کر دیا کہ محبت سے

[illegible] تمام تر رشتوں کے باوجود وہ دل پال اور وحشی انہیں

[illegible] اندر میں پڑھا کر خواہشات کے علاوہ عورت نے خود کشی کر لی

[illegible] وہ عورت کی تصویر میں اپنی کھوئی ہوئی محبت ڈھونڈتی

[illegible] وہ عورت کے متعلق ہی سوچتی رہتی۔ یہی نہیں بلکہ

[illegible] زندگی سے بیزار ہوتی چلی۔ اس نے عورت سے اپنی

[illegible] نے قبول کیا کہ وہ بھی بے وفائی کی مرتکب ہوئی ہے

[illegible] ہوتی اس جہان فانی سے کوچ کر گئی۔ عورت یقینی

[illegible] وہ سوچتی ہے۔

"She thought how wicked she was, a woman having a husband and three children, to let her mind stray to a stranger in this not a stranger! She knew his thoughts and feelings as well as she knew her own"

یہ بھی سچ ہے کہ ایک گمنام عورت درحقیقت ایسی عورتوں کی کہانی ہے جو زندگی اور محبت کے متعلق وہ سوچ رکھتی ہیں جن سے بہت مختلف ہے۔ جنہیں بظاہر ایک اچھی خوشحال ازدواجی زندگی گزارنے کا موقع ملا۔ مگر ان کی روح پیاسی تھی مگر ان کے شوہر ان کی جذباتی اور ذہنی ضرورت کا ادراک سے قاصر تھے اور شاید اگر وہ جان بھی لیتے تو کچھ دے پاتے۔ کیونکہ شوہر ان کی نظر میں اس کی وقعت نہ ہوتی۔

Scanned by CamScanner

[illegible] عبدالسلام کے ایک افسانے "جاگے
[illegible] سوال [illegible]" میں [illegible] ہے۔ اس کہانی میں دو بوڑھی عورتیں جن میں سے
[illegible] کی کہانی بیان کی گئی ہے۔ دونوں کی زندگیوں میں فرق
[illegible] میں [illegible] ہے۔ دوسری عورت کا فاصلہ طے کرکے
[illegible] ہے۔ [illegible] پہلے سوال تھی۔ مگر شادی شدہ زندگی
[illegible] اظہار کی اجازت نہ دی۔

"[illegible] سے [illegible] وہ شخص مجھ سے 10 سال عمر میں مجھ سے
[illegible] وہ [illegible] ساری رات میرے دل کی
[illegible] میں [illegible] جاتے رہے اور میں یہ سوچ کر کہ
[illegible] ہوتی تھی۔ اس وقت میری آدھی سے زیادہ
زندگی [illegible] تھی میں [illegible] مجھے محسوس ہو رہی تھی کہ جانے میرے
[illegible] میں نے [illegible] کیا کہ یہ کوئی عمر ہے۔ میں
نے 45 سال کی عمر میں پیار اور محبت کا خواب دیکھا تھا۔ مگر مجھے کچھ
نہیں آ رہی تھی زندگی [illegible] سے پہلے شروع کروں۔
اب [illegible] 70 سال ہے کہ میں نے بہت کچھ کھو دیا لوگوں کے
خوف سے [illegible] کے [illegible] وہ مجھے سمندر کی طرح [illegible] رہا مگر میں
[illegible] کی کشتی کی طرح کنارے سے لگی جا رہی تھی۔۔۔ وہ
مجھے [illegible] میں لوگوں کی باتوں کے خوف سے اٹھارہ سال کا
ہو [illegible] 45 سال کی لڑکی بن گئی جہاں وہ محبت [illegible] گیا"۔

اس [illegible] میں [illegible] سے معاشرے اور تہذیب و تمدن کا فرق نمایاں ہے۔
اگر [illegible] کی [illegible] پہلے کی بات ہے جہاں عورت اپنا

جرم کے ساتھ اظہار کی کسی بھی صورت کو اپنانے سے قاصر تھی تو وہ شعوری ہو یا لاشعوری
پچھلی صدی کا زمانہ جہاں ہندو معاشرے کے اپنے قواعد و اصول ہیں۔ اس
جگہ زمین پر اور مرد کا مقام عرش پر ہے۔ مغربی اسلوب کو اختلاط اور معاشرے کو شہرت
سائنس اور تعلیم نے دنیا کی کایا پلٹ دی۔ مگر ان تمام کہانیوں میں زمانے اور معاشرے
فرق کے باوجود عورت کا وجود، اس کی محبت، اس کی حدود ایک سی ہیں۔ وہ دوسروں
رحم کے ہاتھوں بے بس ہے۔ اس کے لیے جیون ساتھی زندگی کے انتخاب میں
محبت ہے۔ مگر کہیں بھی اس بنیاد پر اس کو انتخاب کا حق نہیں ملا۔ شادی شدہ عورت کے
میں بھٹکنے اور بہکنے کی کوئی گنجائش نہیں۔ تینوں بڑے ادیبوں نے اس حساس موضوع پر
خوبصورتی سے اظہارِ خیال کیا۔ تینوں کہانیوں کو مختصر اور طویل افسانے (ناولٹ) کی شکل میں
لکھا گیا ہے جس سے موضوع کی اہمیت اور بھی واضح ہو جاتی ہے کہ تینوں ادیبوں کے نزدیک
کردار نگاری، جزئیات نگاری وغیرہ کی اہمیت نہ تھی بلکہ اس موضوع کی پیشکش تھی
بارے میں لکھا اور سوچا نہ گیا۔ عام آدمی یا عام ادیب ایسی باتوں کو موضوع نہیں بناتے
فرق ان ادیبوں کے حساس ذہنوں کا غماز ہے۔ ان تینوں ادیبوں میں ایک عورت اور دو
ہیں۔ سب نے یکساں انداز میں سوچا اور عورت کو موضوع بنایا کہ ہر عورت روایتی انداز
زندگی گزارنے کا حوصلہ نہیں رکھتی۔ ان کہانیوں میں ایسی ہی عورتوں کو مرکز بنایا گیا ہے جو
دل کی آواز سنتی ہیں مگر معاشرے کے طے کردہ اصول ان کو احساسِ جرم میں مبتلا کرتے ہیں
وہ ان قواعد پر سمجھوتہ کر لیتی ہیں مگر خود کو فنا کر لیتی ہیں۔ یہ کہانیاں عورت کے ان جذبات
عکاسی کرتی ہیں جن کا ذکر بھی ممنوع ہے اور عورت کے دل کی آواز کو سناتی ہیں جس کو
عورت نے بھی دبا دیا ہے۔

اردو فکشن پر حقیقت نگاری کے اثرات

The movement of realism and realistic writing was also the driving force of creative literaryworld of its time. It affected Urdu literature equally forcefully and was multi-dimensional movement in many ways. The impact of realism in novel was , at many levels being the novelist closer to the novelists of other countries and also to the existing situation of the contemporary world. An extensive review is being given on the theme.

مغربی ادب کا اثر ہمارے ادب پر دو طرح سے ہوا ہے۔ ایک تو انفرادی اثر یعنی بعض فنکاروں یا ادیبوں کا اثر ہمارے خاص خاص لکھنے والوں پر ہوا اور دوسرا مجموعی اثر یعنی مجموعی طور پر مغرب کے ادبی مزاج، مغرب میں اٹھنے والے رجحانات اور ادبی تحریکوں کا اثر ہوا۔

مغربی فکشن میں حقیقت نگاری، فطرت نگاری اور شعور کی رو کی جو تحریکات چلیں ان میں سے اردو فکشن پر سب سے زیادہ واضح اور دیرپا اثرات حقیقت نگاری کی تحریک کے مرتب ہوئے ہیں۔ جبکہ اس کے ساتھ ساتھ ہم باقی تحریکوں کو نظر انداز نہیں کر سکتے کیونکہ ان تحریکوں نے بھی کہیں کہیں اردو ادب کو متاثر کیا ہے۔

حقیقت نگاری کی تحریک کے بانی انیسویں صدی کے عظیم فرانسیسی ناول نگار اور

Scanned by CamScanner

(۱۸۸۰ء، ۱۸۸۱ء) کو مانا جاتا ہے۔ اگرچہ فلابیر کو حقیقت نگاروں کے حلقے سے الگ رکھا گیا لیکن ان کے شہرہ آفاق ناول "مادام بواری" کی اشاعت کے بعد فرانس میں حقیقت نگاری کو خاص عنصر تسلیم کیا جانے لگا اور بقول فلابیر کے اس نے یہ ناول حقیقت نگاری سے نفرت کی بنا پر لکھا تھا۔

سرسید کے ساتھ اردو ادب میں جہاں اور بہت کچھ آیا وہاں حقیقت نگاری بھی آئی۔ اس سے پہلے اردو ادب میں تخیل کی کارفرمائی زیادہ تھی۔ جس کا ایک نتیجہ رنگین و مبالغہ آمیز بیان کی شکل میں موجود تھا۔

فطرت نگاری کا آغاز بھی انیسویں صدی میں فرانس میں ہوا۔ اس نے ۱۸۶۸ء میں فلابیر کے ہم عصر امیل زولا کے ایک ناول کی اشاعت سے عملی شکل لی۔ ایک ناول کے دوسرے ایڈیشن میں پہلی مرتبہ لفظ فطرت نگاری استعمال کیا۔

فطرت نگاری فکشن میں انسان کے موروثی اثرات اور ماحول کے اثرات کا مطالعہ کرتی ہے۔ فطرت نگاری دراصل حقیقت نگاری سے ایک درجہ آگے کی چیز ہے کبھی فطرت نگاری کو شدت آمیز حقیقت نگاری بھی کہا جاتا ہے۔ فطرت نگاروں کا خیال تھا کہ حقیقت نگار زندگی کے تمام پہلوؤں کو پیش نہیں کرتے۔ اس لیے فطرت نگاروں کا اصرار تھا کہ زندگی سے متعلق ہر بات پیش کی جائے۔ اردو ادب میں فطرت نگاری کی کوئی باقاعدہ تحریک نہیں چلی نہ فطرت نگاری کے بنیادی مفروضات و نظریات کو سامنے رکھ کر ادب تخلیق کرنے کی کوشش کی گئی۔ تاہم اردو ادب میں کہیں کہیں فطرت نگاری کی جھلک دیکھی جا سکتی ہے۔ خصوصاً ایسے اردو فکشن کو جہاں صرف بدی کو موضوع بنایا گیا ہے اور زندگی کے تلخ معاملات میں عریاں نگاری سے کام لینے کی کوشش کی گئی ہے۔ مثلاً پانڈے بیچن شرما، عصمت چغتائی، سعادت حسن منٹو اور ممتاز مفتی جیسے افسانہ نگاروں اور ناول نگاروں کے ہاں زندگی کی جو تصویریں ملتی ہیں وہ صداقت کے اعتبار سے حقیقت نگاری کے بجائے فطرت نگاری

کی فضا ہی میں رنگی جا سکتی ہیں۔

اور جہاں تک تصوری روایت کا تعلق ہے [illegible]

"تصوری روایت [illegible]

تصوری روایت کا استعمال سب سے پہلے [illegible]

[illegible]

[illegible]

"[illegible] تصوری روایت [illegible]

ایک [illegible] سے [illegible] کرنے میں [illegible]

[illegible] تصوری [illegible]

[illegible] "حقیقت" اور [illegible]

تصوری روایت [illegible] ہے۔"(۲)

اس کے علاوہ تصوری روایت کے تشکیل میں قرۃ العین حیدر کے افسانے [illegible] چراغ کے بعد" "ہم لوگ" کے نام نمایاں ہیں اور [illegible] تصوری [illegible] ہے۔

جہاں تک حقیقت نگاری کی تحریک کا تعلق ہے [illegible]

Scanned by CamScanner

کہ صدی کیا دہلی شروع ہا سے لے کر آخر تک اردو افسانے پر بھی اس کے اثرات دیکھے جا سکتے ہیں۔

اردو ناول نگاری کا باقاعدہ طور پر آغاز مولوی نذیر احمد سے ۱۸۶۹ء سے ہوتا ہے جنہوں نے "مراۃ العروس" جس نے اردو ناول کو فرضی اور خیالی واقعات کی دنیا سے نکال کر حقیقی زندگی میں لا کر اردو کا پہلا باقاعدہ ناول قرار پایا۔ نذیر احمد نے اصلاحی ناول لکھے ہیں اور بھی ناول لکھے جن میں "توبۃ النصوح" "ابن الوقت" "فسانۂ مبتلا" "محصنات" "رویائے صادقہ" وغیرہ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ رتن ناتھ سرشار نے "فسانۂ آزاد" میں لکھنوی تہذیب کو حقیقت نگاری سے پیش کیا ہے۔ سرشار کے بعد عبدالحلیم شرر آتے ہیں جنہوں نے تاریخی ناول لکھ کر حقیقت نگاری کی اہم کام کیا۔ ان کے ناول "فردوسِ بریں" کو اس سلسلے میں خاص اہمیت حاصل ہے۔

عبدالحلیم شرر کے بعد مرزا ہادی رسوا کا نام قابلِ ذکر ہے۔ جنہوں نے "امراؤ جان ادا" جیسا ناول لکھ کر لکھنوی تہذیب کی بڑی عمدہ عکاسی کی۔ اس کے بعد راشد الخیری کا نام لیا جاتا ہے جنہوں نے اپنے ناولوں میں عورتوں کے مسائل کو موضوع بنایا اور عورتوں کی مظلومیت کی بڑی دردناک تصویریں اپنے ناولوں میں پیش کیں۔ ان کے مشہور ناول "سیلابِ اشک" "صبحِ زندگی" "شامِ زندگی" "جوہرِ عصمت" وغیرہ ہیں۔

پریم چند نے اردو ناول نگاری میں قابلِ قدر اضافہ کیا۔ ان کا نقطۂ نظر اصلاحی تھا۔ انہوں نے پہلی بار ہندوستان کے غریب دیہاتوں اور کسانوں کی زندگی کو اپنے ناولوں کا موضوع بنایا۔ وہ قدیم روایات اور مشرقی اقدار کو برقرار رکھنا چاہتے تھے۔ پریم چند نے حقیقت نگاری کو اپنے ناولوں کا موضوع بنایا۔ چنانچہ ... سماجی اور ... اردو ادب میں ترقی پسند تحریک کے لیے پریم چند کے ناول نے ... کام کیا۔ پریم چند کے مقبول ناولوں میں "بیوہ" "بازارِ حسن" "چوگانِ ہستی" "...ی" "میدانِ عمل" اور "گؤدان"

Scanned by CamScanner

Scanned by CamScanner

ناول کے مختلف پہلو سامنے آتے ہیں۔

اس کے بعد فضل احمد کریم فضلی کا ناول "خون جگر ہونے تک" [illegible]
[illegible] کی ایک تصویر ہے۔ ناول میں [illegible]
[illegible] ہے جس کے گرد ناول کی کہانی [illegible]
[illegible] ناول "علی پور کا ایلی" سامنے آتا ہے۔ ممتاز مفتی کے اس ناول [illegible]
[illegible] ساتھ ساتھ [illegible] ہے۔

[illegible] "آنگن" [illegible]
[illegible]
[illegible] "اداس نسلیں" [illegible]
[illegible] کا احاطہ کرتا ہے [illegible]
[illegible] ہے۔

[illegible] واقعات سے ناول کی عمدہ مثال ہے۔

انتظار حسین کا "بستی" [illegible] اہم ہیں [illegible]
[illegible]
[illegible] کی کہانی ہے۔ اس کے علاوہ [illegible]
[illegible] حقیقت نگاری کے ضمن میں اہم مقام رکھتا ہے۔ [illegible]
[illegible] کی عمدہ مثال ہے۔

بانو قدسیہ کا "راجہ گدھ" ناول نگاری کی تاریخ کا روشن باب ہے۔ [illegible]
[illegible] کا احاطہ کرتا ہے۔ [illegible]
[illegible] حقیقت نگاری کے اہم حوالے ہیں۔

Scanned by CamScanner

بیسویں صدی کے بعد اس صنف یعنی افسانہ نگاری نے جنم لیا۔ یہ دور افسانے کا دور ہے جو پریم چند سے شروع ہوتا ہے اور آج تک جاری ہے۔ پریم چند کی حقیقت نگاری سے وابستہ ہے کیونکہ پریم چند سے قبل حقیقت نگاری کی ابتدا ہو چکی تھی۔ پہلے پہل پریم چند نے ہی پریم چند کے پریم چند کو رومانوی ماحول سے نکالا اور اس کا رشتہ زندگی کے ساتھ قائم کر دیا۔ سوز وطن ان کا پہلا مجموعہ ہے۔ پریم چند کے افسانوں کی اہمیت یہ ہے کہ انہوں نے حقیقت، رومانیت اور تصوریت میں ایک امتزاج پیدا کیا۔ انہوں نے اپنے گرد و پیش سے متاثر ہو کر اور صورت حال کے مطالعے سے اپنی کہانیوں میں حقیقت کا رنگ بھر دیا۔ ترقی پسند تحریک کے پہلے اجلاس کے موقع پر پریم چند نے اپنے افسانوں میں حقیقت نگاری کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ

"ہماری کسوٹی پر وہ ادب پورا اترے گا جس میں تفکر ہو، آزادی کا جذبہ ہو، حسن کا جوہر ہو، تعمیر کی روح ہو، زندگی کی حقیقتوں کی روشنی ہو، جو ہم میں حرکت، ہنگامہ اور بے چینی پیدا کرے، سلائے نہیں کیونکہ اب زیادہ سونا موت کی علامت ہے۔"(۵)

پریم چند نے اپنے افسانوں میں ایسے معاشرے کی عکاسی کی ہے جہاں انسان ظلم و جبر کا شکار ہو کر بے جان ہوتا جا رہا ہے۔ کفن کا افسانہ ان کے ان حقیقت پسندانہ خیالات کی بہترین عکاسی ہے۔

"کیسا برا رواج ہے کہ جسے جیتے جی تن ڈھانکنے کو چیتھڑا بھی نہ ملے اسے مرنے پر نیا کفن چاہیے۔"(۶)

"ہاں بیٹا بیکنٹھ میں جائے گی۔ کسی کو ستایا نہیں، کسی کو دبایا نہیں، وہ بیکنٹھ میں نہ جائے گی تو کیا یہ موٹے موٹے لوگ جائیں گے جو غریبوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹتے ہیں۔"(۷)

Scanned by CamScanner

واقعیت پر مبنی ہو۔ حقیقت نگاری کی جو روایت قائم کی اس نے اردو افسانے کو ایک نیا رخ عطا کیا اور آج بھی تک حقیقت نگاری کے اثرات افسانے پر دیکھے جا سکتے ہیں۔ اردو افسانے میں جو حقیقت نگاری کی جو روایت قائم ہوئی اس کی مثال کے حوالوں میں کرشن چندر، راجندر سنگھ بیدی، احمد علی، حیات اللہ انصاری، سہیل عظیم آبادی اور ترقی پسند افسانہ نگاروں کی پوری کھیپ جس میں احمد ندیم قاسمی، بلونت سنگھ، عصمت چغتائی، خواجہ احمد عباس، اختر حسین رائے پوری، ممتاز شیریں اور خود کو ترقی پسند نہ کہنے والے منٹو، غلام عباس اور محمد حسن عسکری وغیرہ شامل ہیں۔

کرشن چندر ترقی پسند افسانے کا ایک اہم ترین نام ہے۔ ترقی پسند نقطۂ نظر کے حوالے سے ان کے اسلوب پر رومانیت کی ایک گہری چھاپ ہے جو وہ خود کہتے ہیں کہ

> "میں حقیقت پسندی کا اتباع کرتے ہوئے بھی تھوڑا سا رومان پسند بھی رہا۔ خوب صورتی اور شاعری کا دامن میں نے کبھی نہ چھوڑا۔ معاشیات کو میں محض انسان کی بنیادی ضرورتیں پورا کرنے کا وسیلہ ہی نہیں سمجھتا ہوں میرے خیال میں معاشیات کو خوب صورت بھی ہونا چاہیے۔" (۸)

کرشن چندر زندگی کے مخصوص مسائل کا حل چاہتے ہیں۔ اگرچہ وہ رومانیت پسندی کی حدود میں رہ کر ان مسائل سے فرار چاہتے ہیں لیکن پھر بھی وہ زندگی کی تلخ حقیقتوں سے پیچھا نہیں چھڑا سکتے۔ ان کے افسانوں میں "ان داتا" "بالکونی" "پیاسا" "کالو بھنگی" "گرجن کی ایک شام" "پورے چاند کی رات" وغیرہ شامل ہیں جن میں انسان کی ازلی اور ابدی محرومیوں کے کرب ناک واقعات کو بڑے دلکش انداز میں مرتب کیا گیا اور سماجی گھٹی ہوئی زندگی کو تبدیلی کی طرف بڑھانے والے دکھایا گیا۔

احمد علی نے اپنے افسانوں کے مجموعے "انگارے" سے شہرت پائی اور ان کا دوسرا

Scanned by CamScanner

[illegible] بھی ترقی پسند تحریک سے وابستہ تھے [illegible] اور ان کی [illegible]

[illegible] سے [illegible] کے بعد سے بھی [illegible] ہو گئے تھے

[illegible] میں [illegible] ہو کر [illegible] ہے۔

[illegible] نے [illegible] کا موضوع بھی

[illegible] کی [illegible] سے [illegible] کے خلاف آواز

[illegible] وقت کے [illegible] میں [illegible] تھی۔

اسی زمانے میں راجندر سنگھ بیدی نے بھی افسانے کی طرف توجہ کی۔ ان کے

افسانوں کا بنیادی موضوع متوسط طبقہ ہے۔ انھوں نے [illegible] کے مسائل کو پیش کیا

ہے اور [illegible] ہیں۔ [illegible] زمانے میں وہ بہت مقبول

ہوئے۔ [illegible] ان کے افسانوں کے مجموعے "[illegible]"

"[illegible]" بہت مشہور ہیں۔

بلونت سنگھ [illegible] میں حقیقت نگار ہیں مگر وہ اعلانیہ ترقی پسند نہیں مگر

[illegible] ترقی پسند [illegible] سمجھنے والے کے لیے اس سے [illegible]

[illegible] ان کے اہم افسانوں میں "[illegible]"، "[illegible]"، "[illegible]"

اور "[illegible]" شامل ہیں۔

حیات اللہ انصاری کے افسانوں کا اساسی موضوع ہندوستان کی سماجی [illegible] اور

[illegible] ہے۔ ان کے [illegible] اور کردار [illegible] نظر آتے ہیں اور ان [illegible]

[illegible] زندگی [illegible] کا رنگ دے دیا ہے۔ ان کے افسانوں میں "آخری کوشش"

اور "[illegible]" کو نمایاں اہمیت حاصل ہے۔

ترقی پسند افسانہ نگاروں میں احمد ندیم قاسمی کا نام بھی بہت اہم ہے۔ انھوں نے

اگرچہ مختلف موضوعات پر افسانے لکھے لیکن انھوں نے زیادہ تر دیہی زندگی کی عکاسی کی

Scanned by CamScanner

ہے اور دیہات کے متعلق مسائل کو اپنے افسانوں کا موضوع بنایا۔ ان کے افسانوں میں ''مطلع و مغرب'' ''اللہ داتا'' ''سوا تیرہ'' ''بھگوری'' اور ''بجھی مشعلیں'' وغیرہ کو اہمیت حاصل ہے۔

اس کے علاوہ احمد علی کے افسانوں کو بھی حقیقت نگاری کے حوالے سے بہت اہمیت حاصل ہے۔ حالانکہ انہوں نے اس دور میں خود پر ترقی پسندی کا لیبل نہیں لگنے دیا مگر پھر بھی انہوں نے سماجی حقیقت نگاری کے برعکس فرد کے نفسیاتی مسائل کو موضوع بنایا۔ اس حوالے سے ان کے افسانے ''قید خانہ'' کو بہت اہمیت حاصل ہے۔

غلام عباس کا تعلق بھی ان افسانہ نگاروں سے ہے جو خود کو ترقی پسند کہلوانا پسند نہیں کرتے تھے مگر ان کے افسانوں پر اس تحریک کے اثرات واضح طور پر دیکھے جا سکتے ہیں۔ ان کے افسانوں میں ''آنندی'' ''کتبہ'' ''بہروپیا'' ''اوور کوٹ'' وغیرہ کو نمایاں مقام حاصل ہے۔

سعادت حسن منٹو ایک بے باک افسانہ نگار تھے۔ انہوں نے حقیقت کو جنسی اور نفسیاتی حوالے سے پیش نہیں کیا بلکہ سیاسی تجزیہ کرنے کی بھی کوشش کی۔ وہ ایک ایسا فرد تھا جو معاشرے کی ہر ناہمواری کو بڑی سفاکی سے دیکھتا تھا اور بڑی بے باکی سے بیان کرتا تھا وہ ایک ایسا فنکار تھا جس کے ہاتھ کو معاشرے کا کوئی قانون کوئی ضابطہ نہیں روک سکتے تھے۔ منٹو کے افسانوں میں ''ہتک'' ''ٹھنڈا گوشت'' ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' ''کھول دو'' ''موذیل'' وغیرہ کو حقیقت نگاری کے حوالے سے نمایاں اہمیت حاصل ہے۔

عصمت چغتائی کے افسانوں میں بھی حقیقت نگاری کی جھلک بہت نمایاں ہے۔ عصمت نے ایسے موضوعات پر قلم اٹھایا جنہیں بظاہر ممنوعہ سمجھا جاتا ہے۔ لیکن عصمت نے زندگی کی حقیقتوں کو جس طرح اپنے افسانوں کا موضوع بنایا اس میں ہمیں واضح طور پر حقیقت پسندی نظر آتی ہے۔

Scanned by CamScanner

اس کے علاوہ ہاجرہ مسرور، قرۃ العین حیدر اور خدیجہ مستور وغیرہ کے افسانوں میں اس دور کی حقیقت نگاری کے رجحانات واضح اور نکھری ہوئی شکل میں موجود ہیں۔

ان افراد کے علاوہ رضیہ سجاد ظہیر، عابد سہیل، خالدہ، انتظار حسین، کے یہاں بھی حقیقت پسندانہ رجحانات ہیں۔ اگرچہ دورِ جدید کے بہت سے افسانہ نویسوں کی اساس روایتی حقیقت پسندی سے مختلف نہیں تھی مگر ان کے یہاں زندگی عوام، معاشرت اور متعلق مسائل پوشیدہ رہے حقیقت پسندانہ انداز میں موجود ہے۔

مندرجہ بالا سطور سے یہ بات ہمارے سامنے آتی ہے کہ مغربی ادب سے جن کئی تحریکوں، رجحانوں اور نظریوں نے ہمارے ادب کو متاثر کیا ان میں سے سب سے زیادہ جس تحریک نے اردو ادب پر اپنی گرفت مضبوط رکھی وہ حقیقت نگاری کی تحریک ہے۔

حقیقت نگاری کی تحریک کے اثرات اردو فکشن پر بہت نمایاں ہیں اور یہ اثرات آج بھی ہمیں اپنے ادب پر کہیں کہیں نظر آجاتے ہیں۔ حقیقت نگاری کے اردو فکشن پر مرتب اثرات کے علاوہ ہم باقی تحریکوں کے اثرات سے انحراف نہیں کرسکتے کیونکہ باقی تحریکوں نے بھی کہیں کہیں اردو فکشن کو متاثر کیا البتہ ان تحریکات کے اثرات اردو فکشن پر بہت کم دکھائی دیتے ہیں اور حقیقت نگاری کے اثرات شروع سے آخر تک بہت واضح اور نمایاں ہیں۔ اس لیے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ حقیقت نگاری کی تحریک وہ واحد تحریک ہے جس نے اردو فکشن پر شروع سے آخر تک اپنی گرفت مضبوط رکھی۔

حوالہ جات

۱۔ محمد احسن فاروقی، شعور کی رو اور ناول نگاری، نقوش لاہور، جنوری ۱۹۹۶، ص ۱۸۹

۲۔ مرزا حامد بیگ، افسانے کا پس منظر، مکتبہ عالیہ لاہور، ۱۹۸۰، ص ۴۷

۳۔ خالد اشرف، ڈاکٹر، برصغیر میں اردو ناول، فکشن ہاؤس، لاہور، ۲۰۰۵

۴۔ [illegible] ۱۹۹۶ء، ص ۱۱۵

۵۔ مرزا حامد بیگ، [illegible] ص ۱۸

۶۔ [illegible]
۱۹۹۶ء، ص ۲۳۲

۷۔ [illegible] ص ۲۳۳

۸۔ [illegible]

Scanned by CamScanner

مثنویات میر تقی میر: ایک تحقیق طلب مسئلہ

Critics have different opinions about the "Masnaviyat-e-Mir". Quantity and quality of his works have been assessed in all times. However, to-date nothing has been established on firm grounds. In this article, some basic confusions about Masnaviyat are discussed.

مثنویات میر کے مطالعے کے دوران چند ایسے اختلافات سامنے آئے جو میرے لیے ایک مسلسل الجھن کا باعث بنے رہے۔ میرے خیال میں یہ اختلافات کسی بھی قاری کے لیے بھی الجھن پیدا کر سکتے ہیں۔ تحقیق میں تو کتابت کی غلطی بھی ایک بہت بڑی الجھن اور مسئلہ پیدا کر دیتی ہے چہ جائیکہ اختلاف آراء اور اختلاف مضمون ہو۔ مذکورہ مثنویات کے مطالعے کے سلسلے میں چند ایسے اختلافات کو دور کر دیا جائے تو مستقبل میں میر کے قاری کے لیے آسانیاں پیدا ہو جائیں گی۔ ایسے ہی چند اختلافات کی نشاندہی مقصود ہے۔

پہلا مسئلہ

میر کی مثنویوں کی تعداد کے تعین کا ہے۔ ڈاکٹر جمیل جالبی نے مثنویات میر کی تعداد ۳۷ قبول کی ہے۔

Scanned by CamScanner

ڈاکٹر جمیل جالبی تاریخ ادب اردو، جلد دوم (حصہ اول) میں میر کی ۳۷ مثنویوں کا ذکر کرتے ہیں۔ جب کہ میر کی ۳۰ مثنویاں مانتے ہیں۔ ان میں سے ۲۲ مثنویاں کلیات میر مرتبہ عبد الباری آسی میں اور یہی مثنویاں کلیات میر مرتبہ ظل عباس عباسی میں شامل ہیں۔ ڈاکٹر گیان چند نے دو مثنویوں کا ذکر کیا ہے۔ (جلد دوم) میر کی تمام مثنویوں کو موضوع کے اعتبار سے چار حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

(الف) عشقیہ

1۔ خواب و خیال 2۔ شعلۂ شوق 3۔ دریائے عشق 4۔ معاملات عشق

5۔ جوش عشق 6۔ اعجاز عشق 7۔ حکایت عشق (مثنوی افغان پسر)

8۔ مور نامہ 9۔ بیان و رواں

(ب) واقعاتی

1۔ در بیان مرغ بازاں 2۔ در بیان کتخدائی آصف الدولہ بہادر 3۔ در جشن ہولی و کتخدائی

4۔ مثنوی کتخدائی بشن سنگھ 5۔ بکری کا بچہ 6۔ موہنی بلی 7۔ مرثیہ خروس 8۔ در بیان مرغ

9۔ جنگ نامہ 10۔ ساقی نامہ 11۔ جنگ نامہ 12۔ شکار نامہ اول 13۔ شکار نامہ دوم

(ج) مدحیہ

1۔ در تعریف سگ و گربہ 2۔ در تعریف بز 3۔ در تعریف آئینہ و ارد

(د) ہجویہ

1۔ در ہجو خانۂ خود 2۔ در ہجو خانۂ خود کہ بسبب شدت باراں خراب شدہ بود

3۔ در مذمت برشگال 4۔ ہجو ناکس 5۔ در ہجو شخصے ہیچ پوچ ان 6۔ تنبیہ الجہال

7۔ اژدر نامہ (اژدہا نامہ) 8۔ در ہجو اکول 9۔ در مذمت دنیا 10۔ در بیان کذب

11۔ ہجو عاقل نام کہ کسے بود اسے تمام داشت 12۔ در مذمت آئینہ دار

یہ دوسرا ڈاکٹر گیان چند نے مثنویات میر کی تعداد ۳۸ بتائی ہے

ڈاکٹر چند نے اپنی تصنیف اردو مثنوی شمالی ہند میں مثنویات میر کی تعداد کا عنوان باندھا ہے اور اسکے نیچے لکھتے ہیں۔ ”نول کشور پریس کے قدیم کلیات میں محض ۳۰ مثنویاں تھیں۔ چنانچہ شاہ سلیمان نے مثنویات میر میں یہی مثنویاں شامل کیں۔ ۱۹۴۰ء عبدالباری آسی نے کلیات میر کی ترتیب نو میں دو مثنویاں کا اضافہ کیا جو ابتدائے ترتیب میں ہیں۔

1۔ [illegible]

2۔ جنگ نامہ

آسی نے پہلی مثنوی کسی مخطوطے سے لی یہ مثنوی دیوان میر کے مخطوطہ حیدرآباد میں بھی ہے۔ اسکے بعد تین مثنویاں راقم الحروف نے اور ایک مثنوی ڈاکٹر اکبر حیدری نے دریافت کی تفصیل یہ ہے۔

1۔ [illegible]

2۔ مور نامہ

3۔ مثنوی جوان عروس (بغیر عنوان کے مثنوی جس کو جوان و عروس کا نام دیا گیا)

4۔ محمود آباد کے دیوان اول میں ایک بغیر عنوان کی ہجو یہ مثنوی ہے سہولت کیلئے اسے ”ہجو کند ذہن“ نام دیا ہے اس میں ۱۲۸ اشعار ہیں۔ اس طرح میر کی مثنویوں کی تعداد ۳۸ ہو جاتی ہے“۔ اپنی تصنیف کے میں انہوں نے تمام مثنویوں کی تفصیل دی ہے۔ جو درج ذیل ہے[3]۔

دیوان اول:

1۔ ساقی نامہ 2۔ تمہید اقبال 3۔ ہجو بے ادبی کسی چہ زبان زد عالم و عرف الاکرم

4۔ مذمت آئینہ دار 5۔ ہجو عاقل نام کہ کے کہ پیش ماں انسے تمام داشت

Scanned by CamScanner

6۔ در حال خانہ خود یا جسم خاکی میں جس طرح جاں ہے۔ 7۔ سگ و گربہ

8۔ در مذمت برشکال عرف جوش باراں یا کیا کہوں اب کے کیسی ہے برسات

9۔ ہجو اول 10۔ ہجو کمینہ و دون 11۔ مرثیہ خروس 12۔ در تعریف آغا رشید خان

13۔ مبارک بادی کتخدائی بشن سنگھ 14۔ در بیان کتخدائی آصف الدولہ بہادر

15۔ ساقی نامہ 16۔ جوش عشق 17۔ دریائے عشق 18۔ اعجاز عشق

19۔ خواب و خیال 20۔ شعلۂ عشق۔

<u>دیوان دوم:</u>

21۔ در مذمت کتب 22۔ شکار نامہ 23۔ ہجو کپی عرف اژدر نامہ

24۔ مور نامہ 25۔ در حال خانہ خود (کیا لکھوں میر اپنے گھر کا حال) 26۔ معاملات عشق

27۔ در ہجو طفلے ہیچ مدان کہ دعویٰ ہمہ دانی داشت عرف زدالفضول عرف مذمت دنیا

<u>دیوان سوم</u>

28۔ ہجو خانہ اول 29۔ ہجو خانہ دوم 30۔ در بیان مرغ بازاں 31۔ مذمت دنیا

<u>دیوان چہارم:</u>

32۔ در بیان ہولی 33۔ در بیان ... 34۔ مثنوی ... عرف افعی نامہ 35۔ بکٹ ...

36۔ در جشن ہولی و کتخدائی

<u>دیوان پنجم:</u> 37۔ ہجو ...

<u>دیوان ششم:</u> 38۔ ہجو ...

☆ کلیات میر جلد ششم (مثنویات) مرتب کلب علی خان فائق میں مثنویوں کی تعداد ۳۹ ہے۔ کلیات میر مرتب کلب علی خان فائق (جلد ششم مثنویات مجلس ترقی ادب ۱۹۹۰ء) میں مثنویوں کی تعداد و تفصیل اس طرح ہے۔

1۔ مثنوی شعلۂ عشق 2۔ مثنوی دریائے عشق 3۔ مثنوی معاملات عشق

4۔ مثنوی جوش عشق 5۔ مثنوی اعجاز عشق 6۔ مثنوی خواب و خیال
7۔ مثنوی حقیقیہ 8۔ مثنوی ساقی نامہ 9۔ مثنوی ننگ نامہ
10۔ مثنوی در ہجو خانۂ خود 11۔ مثنوی در ہجو خانۂ خود کہ بہ سبب شدت باراں
12۔ مثنوی در مذمت برشگال کہ باراں دراں سال بسیار شدہ بود
13۔ مثنوی در بیان مرغ بازاں 14۔ مثنوی در ہجو عاقل نامی کہ بہ زبان زد عالم
15۔ مثنوی در ہجو شخصے ہیچ مداں کہ دعویٰ ہمہ دانی داشت 16۔ مثنوی مسمیٰ بہ تنبیہ الجہال
17۔ اژدر نامہ 18۔ مثنوی در مذمت آئینہ دار 19۔ مثنوی در ہجو اکول
20۔ مثنوی در مذمت دنیا 21۔ مثنوی دیگر (در بیان کذب)
22۔ در بیان کتخدائی نواب آصف الدولہ بہادر 23۔ مثنوی در جشن ہولی و کتخدائی
24۔ مثنوی در بیان ہولی 25۔ مثنوی دیگر (بچہ کی) 26۔ مثنوی موہنی بلی
27۔ جنگ نامہ 28۔ مثنوی در تعریف سگ و گربہ کہ در خانۂ فقیر بودند و باہم ربط داشتند
29۔ در تعریف بادو سگ 30۔ مثنوی در بیان خر 31۔ مثنوی اژدر نامہ اول
32۔ مثنوی اژدر نامہ دوم 33۔ مرثیہ خروس کہ در خانۂ فقیر بود
34۔ در تعریف آغا رشید کہ خلفا بود بہ فرمائش میاں اعز الدین کہ فقیر را خوش نویس بود
35۔ ہجو عاقل نام کہ بہ سگاں الفت تمام داشت 36۔ مثنوی کدخدائی بشن سنگھ
37۔ مثنوی 38۔ مثنوی مور نامہ 39۔ مثنوی (عمان و مروی)

اب اگر ڈاکٹر گیان چند کی بیان کردہ مثنویات کی تفصیل اور کلب علی خاں فائق کی مرتب کردہ مثنویات کا موازنہ کیا جائے تو ایک اختلاف سامنے آتا ہے۔

1۔ در تعریف بادو سگ: نام کی مثنوی کلیات میر مرتبہ فائق میں زائد ہے۔

2۔ کلیات میر مرتبہ فائق میں ایک مثنوی بغیر نام کے ہے۔

ڈاکٹر گیان چند نے اپنی تصنیف میں لکھا ہے کہ انہوں نے ایک بے نام مثنوی جس کو انہوں

Scanned by CamScanner

نے انجمن ترقی اردو کے کتب خانے کے مخطوطے سے دریافت کیا۔ اسے ...

ہم دیا ہے اور اسے ... 1955ء میں شائع کیا۔ ... کی ... مثنوی کے ...

ہوتی ہے اور جس کی تحریر ... ڈاکٹر گیان چند نے ... کتب ... ہے ...

مثنوی جو انہوں نے ... ہے ... میں ... ہے۔ انہوں نے ...

ہے۔ اس ... مثنوی ... اشعار ... کیا۔ اس کے ...

اشعار ہیں۔ ... کلیات ... فائق ... کے علاوہ ...

کے ۳۷ (...) اشعار ہیں۔ ... فائق صاحب نے ...

تحقیق کی یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا کلیات ... فائق ... مثنوی ...

مخطوطہ ہے یا کوئی اور؟

ڈاکٹر گیان چند نے خود اپنی تصنیف میں لکھا ہے کہ انہوں نے یہ مثنوی

... رسالہ ... جون ... دریافت کی ہے۔ اور ایک ...

مثنوی کو ... 1955ء ... دیا ہے ...

علی خان فائق ... جون ... کے علاوہ ایک ... مثنوی

کے حاشیے میں اس مثنوی کی دریافت کو گیان چند سے منسوب کیا ہے۔ ...

مثنوی ڈاکٹر گیان چند جین نے ... رام پور ... مخطوطہ ...

رسالہ اردو ادب علی گڑھ جون 1955ء میں شائع کر دی تھی۔

دوسری طرف ڈاکٹر گیان چند مثنوی ... کے ضمن میں لکھا ہے۔

"... لائبریری رام پور کے کلیات کے ایک نسخے سے نقل ... لے کر میں نے

رسالہ اردو ادب جون 1955ء میں شائع کر دی۔" جبکہ نواب علی خان فائق نے ...

کو ڈاکٹر گیان چند سے منسوب نہیں کیا بلکہ ... ہے ... مثنوی ...

حاشیے میں ... اشاعت کی تفصیل لکھ دی۔

Scanned by CamScanner

دوسرا سبق

مثنوی حکایت اور مثنوی جوان و عروس

(اختلاف - عشق بحوالہ تاریخ ادب اردو جلد دوم (حصہ اول)

از ڈاکٹر جمیل جالبی

پہلے ان دونوں مثنویوں کے قصے سے آگاہی ضروری ہے۔

حکایت عشق: (مثنوی افغان پسر)

یہ مثنوی حکایت عشق کے علاوہ مثنوی عشقیہ سے بھی موسوم ہے ڈاکٹر گیان چند نے اپنی تصنیف اور کلب علی خان فائق نے کلیات میر میں یہی عنوان درج کیا ہے۔ ڈاکٹر گیان چند نے مثنوی عشقیہ (افغان پسر) کا عنوان باندھ کر یہ قصے کی وضاحت کی ہے اس قصے کی تصدیق کلیات میر مرتبہ فائق کے متن اور ڈاکٹر فرمان فتح پوری کی کی وضاحت سے بھی ہوتی ہے۔

یہ کوئی طویل قصہ نہیں بلکہ ایک چھوٹی سی حکایت ہے جس کے مختصر مفہوم یہ ہے۔ کہانی کا ہیرو ایک افغان پسر ہے یہ گجرات کا باسی ہے اور اپنی پاکبازی کیلئے مشہور ہے اچانک اس کی نظر ایک شادی شدہ ہندو عورت پر پڑ گئی۔ دونوں ایک دوسرے پر فریفتہ ہو گئے عورت حیادار اور اپنے خاوند کی وفادار تھی۔ پھر سماج کا خوف بھی پیش نظر تھا الغرض دونوں عشق کی آگ میں گھلتے اور سلگتے رہے اسی اثناء میں اس عورت کا شوہر دق میں مبتلا ہو کر مر گیا۔ اور وہ ہندو عورت بھی ستی کی رسم کے مطابق ساتھ زندہ جل گئی۔ جب عاشق زار کو پتہ چلا تو پتنگے کی طرح آگ کے شعلوں پر لپکا لیکن وہ آدھا جلا تھا کہ لوگوں نے اسے بچا لیا پھر کیا دیکھتے ہیں کہ اس جلی ہوئی خاک سے وہ نازنین اسی عشوہ اور ادا سے برآمد ہوئی اور جوان کا ہاتھ پکڑا اور پھر نہ جانے دونوں کو عشق کہاں اڑا کر لے گیا اور دونوں نظروں سے غائب ہو گئے۔[8]

Scanned by CamScanner

مثنوی جوان و عروس: "جوان و عروس" کے بارے میں گیان چند نے ص ۲۲۳ پر وضاحت فرمائی
دی ہے اس وضاحت کی تصدیق کلیاتِ میر مرتبہ فاروقی کے متن اور ڈاکٹر فرمان فتح پوری کی
تصنیف میر کو سمجھنے کے لیے (شخصیت اور شاعری) سے بھی ہوتی ہے قصہ یوں ہے۔

ایک نوجوان سفر کرتے کسی شہر کے ایک سرائے میں قیام کیا اور آب و دانہ
نے اُسے وہیں سے پابند کر دیا۔ اتفاق سے ایک برات اسی سرائے میں آ کر ٹھہری۔ یہ
نوجوان اس لڑکی پر عاشق ہو گیا۔ جس کی شادی کے لیے یہ برات کسی دوسرے شہر جا رہی
تھی لڑکی دولہن کی طرح تھی۔ وہ اپنے مہندی لگے ہاتھوں کا نشان چھوڑ کر سرائے کی دیوار
پر چھوڑ کر سرائے سے چلی گئی۔ نوجوان بہت بے قرار اور مضطرب ہو گیا اور نوبت یہاں
تک پہنچ گئی۔ کہ وہ لڑکی کے ہاتھوں کے نشانات دیوار پر دیکھتا اور جنون کی حالت میں
انہیں چومتا رہتا کبھی دیوار سے سر ٹکراتا۔ اسی جنون و وحشت کے عالم میں وہ دنیا سے
رخصت ہو گیا۔ کچھ عرصے بعد وہ لڑکی اپنے شوہر کے ہمراہ اسی سرائے میں دوبارہ آ کر
ٹھہرتی ہے۔ یہاں لڑکی کی طبیعت مضطرب رہنے لگتی ہے اور اسے خواب میں کوئی صورت
نظر آتی ہے۔ اسی کیفیت میں مجذوبی نوجوان کے مرنے کا واقعہ اسے معلوم ہے اور وہ
کے کہنے پر اسے نوجوان کی قبر پر لے جاتی ہے۔ جیسے ہی وہ لڑکی قبر پر پہنچتی ہے تو قبر شق
ہو جاتی ہے اور لڑکی اس کے اندر چلی جاتی ہے۔ مجذوبی والی آ کر اس کے شوہر کو خبر دیتی
ہے۔ تو وہ جلد وہاں سے قبر کھدواتا ہے اور کیا دیکھتے ہیں کہ وہ اپنے عاشق کے گلے سے
لپٹی ہوئی ہے اور مر چکی ہے۔ انھیں جدا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے مگر بے سود۔

اب آتے ہیں ڈاکٹر جمیل جالبی کی تصنیف تاریخ ادب اردو جلد دوم (حصہ اول) کی
طرف۔ ص ۴۹۹ پر لکھتے ہیں۔

مثنوی عشقیہ (افغان پسر) میں ہیروئن شادی شدہ عورت ہے جس پر افغان پسر اور یہ دونوں
ایک دوسرے پر عاشق ہو جاتے ہیں جب اس کا شوہر مر جاتا ہے اور وہ ستی ہونے جاتی

Scanned by CamScanner

عاشق صادق اعلان پھر بھی اسکے بلاوے پر آگ میں کود جاتا ہے لیکن لوگ اسے نکال لیتے ہیں ابھی وہ جلی ہوئی حالت میں چتا کے بیچ بیٹھا تھا کہ اس عورت کی روح آتی ہے اور اسے اپنے ساتھ لے جاتی ہے۔

ص ۲۲۹ پر اس بارہ میں یوں رقمطراز ہوتے ہیں۔

مثنوی حکایت عشق میں ایک نوجوان مسافر ایک سرائے میں ٹھہرتا ہے اور بیمار ہوجاتا ہے۔ اسی اثناء میں ایک برات اسی سرائے میں آکر ٹھہرتی ہے۔ یہ بیمار نوجوان اس لڑکی پر عاشق ہو جاتا ہے جس کی شادی کیلئے یہ برات کسی دوسرے شہر جارہی تھی دوسرے دن وہ برات چلی جاتی ہے نوجوان فراق یار میں بے قرار بیتاب کمرے سے باہر نہیں نکلتا۔ ایک دن کمرے کی صفائی کے لئے مہترانی کے کہنے پر وہ اس کمرے میں آجاتا ہے جہاں اس کی محبوبہ ٹھہری تھی دیوار پر مہندی کے ہاتھوں کے نشان دیکھ کر اس کی حالت غیر ہوجاتی ہے اور اسی عالم اضطراب میں اس کی روح پرواز کر جاتی ہے کچھ عرصے بعد وہ لڑکی اپنے خاوند کیساتھ اسی سرائے میں ٹھہرتی ہے مہترانی یہ واقعات سناتی ہے اور لڑکی کے کہنے پر اسے نوجوان کی قبر پر لے جاتی ہے جسے وہ وہاں پہنچتی ہے قبر شق ہو جاتی ہے اور وہ قبر میں چلی جاتی ہے مہترانی واپس آکر اسکے شوہر کو خبر کرتی ہے تو وہ بیلداروں کو لے کر قبر کھدواتا ہے تبھی دیکھتا ہے کہ وہ اپنے عاشق کے گلے سے لگی ہوئی ہے اور مر چکی ہے انہیں جدا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے مگر بے سود!

جبکہ ص ۲۳۰ پر میر کی مثنویوں پر مجموعی تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ "حکایت عشق میں قبر شق ہوتی ہے اور دونوں ہم آغوش ہو جاتے ہیں یہی وہ خود سپردگی ہے جو عشق صادق کی جان ہے۔"

حالانکہ ص ۲۲۷ پر ڈاکٹر صاحب نے میر کی تمام مثنویوں کی تعداد بتائی ہے اور انہیں چار عنوانات میں تقسیم کیا ہے یہاں عشقیہ مثنویوں کے زیر عنوان اس مثنوی کو میر کی

Scanned by CamScanner

حکایتِ عشق (مثنوی افغان پسر) ۔ ۱۷۷۱ء میں
تحریر ہوئی تھی جو اس کو نام دیا ہے
پہلے سے ہی یہ درست نہیں ہے کہ یہ مثنوی عشقیہ کے نام سے بھی مثنویوں میں شامل ہے۔
ڈاکٹر گیان چند اور کلب علی خان فائق نے بھی اس کو مثنوی عشقیہ کا ہی نام دیا ہے۔ ڈاکٹر
حکایتِ عشق (مثنوی افغان پسر) اور مثنوی عشقیہ عرف افغان پسر ایک ہی مثنوی
کے نام ہیں۔ ڈاکٹر جمیل جالبی نے مثنوی عشقیہ (افغان پسر) کے زیرِ عنوان [illegible]
پر بحث کی ہے جو تحقیق اور حوالوں (ڈاکٹر گیان چند، کلب علی خان فائق اور [illegible])
پہلے اسے درست ہے کہ حکایتِ عشق کے زیرِ عنوان جو قصہ بیان کیا گیا ہے وہ [illegible]
[illegible] معلوم ہوتا ہے کہ کسی سے اس کا انداز [illegible] ہے۔

نمبر [illegible]

مثنوی معاملاتِ عشق کے تناظر میں

(معاشقۂ میر کے بارے میں اختلافِ رائے)

میر کی تین سوانحی عشقیہ مثنویاں ہیں۔ جوشِ عشق، خواب و خیال اور معاملاتِ عشق۔ جوشِ عشق اور خواب و خیال کے متعلق تمام محققین اس بات پر متفق ہیں کہ ان مثنویوں میں میر کے [illegible] سے عشق کی [illegible] بیان کی گئی ہیں۔ اور [illegible] سے متعلق تینوں معاملاتِ عشق اس لحاظ سے متنازع ہے کہ بعض محقق اسے جوشِ عشق اور خواب و خیال کی تیسری کڑی قرار دیتے ہیں جبکہ دوسرے اسے تمام قصہ سے عشق کی کہانی قرار دیتے ہیں۔ ڈاکٹر جمیل جالبی تحریر کرتے ہیں:

"معاملاتِ عشق میں میر نے اپنے ایک عشق کی کہانی سنائی ہے مثنوی کے پہلے حصے میں عشق کی تعریف کر کے میر نے پہلے ایک مرد، تصور [illegible] کیا ہے۔ اور پھر اس تصور [illegible] عشق کے [illegible] سے [illegible] ہے۔ اس مثنوی میں سات معاملات بیان کیے گئے ہیں جن

سے اس عشق کا سارا منظر سامنے آجاتا ہے۔ اور آخری معاملے میں وصل محبوب کا منظر وہ بھی ملتا ہے۔

ڈاکٹر گیان چند لکھتے ہیں:

شوق رام پوری کے ایک مضمون سے اس مثنوی کے زمانے پر روشنی پڑتی ہے اس مثنوی کے دو شعر ہیں

برسوں تک پھرا ہوں سرگرداں	روز و شب دونوں تھے مجھے یکساں
نے تعلق جاں سے جہاں سے گیا	زن و فرزند و خانماں سے گیا

ان مصرعوں سے ظاہر ہے کہ اس مثنوی کی تصنیف کے وقت میر نہ صرف شادی شدہ تھے بلکہ صاحب اولاد بھی تھے یعنی یہ معاشقہ جوش عشق اور خواب و خیال کے معاشقے سے مختلف ہے۔ ذیل کے شعر سے معلوم ہوتا ہے کہ محبوبہ منکوحہ تھی:

وے تو ہر چند اپنے طور کے تھے	پر تصرف میں ایک اور کے تھے

محبوبہ کے عزیزوں کو بھی حسن اتفاق پیش آیا ہے۔

حضرت یاجوان کے تئیں [illegible]	ساتھ اس رنج میں بھی تھا دو تین
کیا کہوں جو اذیتیں دیکھیں	ہر قدم پر قیامتیں دیکھیں
ہو چکے کو تنگ نام یہاں	ہوئی ساری حقیقت اس پر عیاں

تنگ گھیر ضلع کرنال میں واقع ہے فائق صاحب نے ذکر میر سے میر کی مختلف سیاحتوں کی جو تفصیل درج کر کے قیاس کیا ہے کہ یہ سفر ۱۱۸۵ ہجری کے بعد کا ہو سکتا ہے"۔

[illegible] میر تقی میر نمبر 2 میں رقم طراز ہیں۔

تذکرہ غوث معرکۂ دنیا میں میر کے قیام لکھنؤ کے ایک معاشقے کا حال لکھا ہے۔ آخر میر کو وفات عشق پیدا ہوا اور صورت کسی آئینہ خورشید میں معائنہ ہوئی تھی۔ یہ جوان امت انہوں کو کہتے ہیں۔ کسی نے پوچھا۔ دیدہ سالی میں کہ خیالی کا باعث ہوا۔ فرمایا۔ اس لیے

Scanned by CamScanner

سسرال والے کہیں لے گیا۔

یہ بیان کسی خلاق ذہن کی اختراع معلوم ہوتا ہے۔ صاحب تذکرہ نے آئینہ رو و آئینہ خورشید میں صورت پیدا کر دی لیکن یہ نہ سوچا کہ آئینہ خورشید کو کیوں ... دوسرے ذرائع سے میر کی مندرجہ بالا کہانی کی تصدیق نہیں ہوتی"۔

ڈاکٹر نثار احمد فاروقی لکھتے ہیں:

"میرا خیال ہے کہ زندگی بھر والا عشق آخر عمر تک ان کا پیچھا نہ چھوڑ سکا۔ شیخ ... کے ایک شعر سے اس کا اندازہ ہوتا ہے"۔

اودھ میں کرے ہے بیاں اپنے عشق کا
دیکھو تو اس بڑھاپے میں میر کی ہوس

لیکن ڈاکٹر فرمان فتح پوری کا نقطہ نظر، ڈاکٹر جمیل جالبی، ڈاکٹر گیان چند (ادبی ... خان فائق، وحشی میاں احمد) اور ڈاکٹر نثار احمد فاروقی سے مختلف ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

معاملات عشق کو چھوڑ کر میر نے ہر جگہ اپنے معاشقے پر ایسا دبیز پردہ ڈالنے کی کوشش کی ہے کہ محبوب کی صنف پر حکم لگانا مشکل ہے۔ پھر بھی بعض داخلی اور بعض خارجی شہادتوں سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ جاتی ہے کہ وہ اپنے کسی قریبی عزیز صنف نازک کے عاشق تھے اور زمانہ بھی ایسا تھا کہ زندگی بھر وصل نہ ہو سکا۔

جہاں تک خارجی شہادت کا تعلق ہے۔ تذکرہ بہار بے خزاں میں صاف طور پر لکھا ہے کہ میر پری تمثالے کہ از عزیزان شان بود و پردہ ... داشت۔ یہی معاشقہ ہے جس کی روداد میر کی مذکورہ بالا تین مثنویوں میں پھیلی ہوئی ہے۔ اب یہ سوال کہ میر کی عزیزوں میں وہ کون پری تمثال تھی جس پر ان کی طبیعت مائل تھی۔ اس کا صحیح جواب دینا مشکل ہے۔ صرف آثار و قرائن کی مدد سے کہا جا سکتا ہے کہ میر کے سوتیلے ماموں سراج الدین علی خان آرزو کی بیٹی تھی۔ میر نے ایک شعر میں آرزو کا

Scanned by CamScanner

کچھ سے کربلا کے بیان میں جگہ اس بحر کا استعمال ہوا ہے اور اس میں بھی نظم ہوئی ہے۔

کیا کہوں کیا قصہ درد ہے

قالب آزردہ میں اک درد ہے[3]

اور یہی گنگا ہے جو میر کے معاشقے کا آغاز ہے جو ان کے دہلی میں ہوا۔[4]

حوالہ جات

1. جمیل جالبی، ڈاکٹر، تاریخ ادب اردو (جلد دوم)، مجلس ترقی ادب لاہور، طبع دوم 1994، ص 620
2. گیان چند، ڈاکٹر، اردو مثنوی شمالی ہند میں، انجمن ترقی اردو (ہند)، جلد اول، طبع دوم 1987، ص 209
3. ______ ایضاً ______ ص 210
4. فائق کلب علی خان مرتب، کلیات میر جلد ششم (مثنویات)، مجلس ترقی ادب لاہور، طبع اول جون 1966، فہرست، الف۔ق
5. گیان چند، ڈاکٹر، اردو مثنوی شمالی ہند میں، انجمن ترقی اردو (ہند)، دہلی، جلد اول، طبع دوم 1987، ص 209
6. ______ ایضاً ______ ص 209
7. فائق کلب علی خان مرتب، کلیات میر جلد ششم (مثنویات)، مجلس ترقی ادب لاہور، طبع اول جون 1996، ص 402

Scanned by CamScanner

8. گیان چند، ڈاکٹر، اردو مثنوی شمالی ہند میں، انجمن ترقی اردو (ہند) علی گڑھ، [illegible]

طبع دوم 1987، ص 620

9. ______ ایضاً ______ ص 225-226

10. ______ کلیات ______ ص 622-623

11. ______ گیان چند ______ ص 219

12. گیان چند، ڈاکٹر، [illegible]

[illegible] 1980۔

13. [illegible]

[illegible] طبع اول جون 1996، ص 28-29

14. [illegible]

15. [illegible]

[illegible] 2000، ص 119-120

Scanned by CamScanner

* پروفیسر (ر) ڈاکٹر عزیز احمد خان
** لیکچرار ، ماجد سیال

انگریزی ادب اور پاکستانی طالب علم

The article visits the concept of English as a 'prestige language', at the same time looking into its mainstream use as a language of culture, science and modern development viz-a-viz. Urdu. Marked cultural differences may or may not occupy a central place. 'Inescapably foreign' may be 'inextricably local'. Pathways of mind need to be studied. These could present a foreseen digression moving among the oriental, linear or such like mindsets. Synthesis and analysis make an essential part of this approach. The writing further peeps through the phenomenon of 'deixis' and how language is processed in the mind. The article, which makes part of a series, continues discussion.

ایک اندازے کے مطابق پاکستان میں چوالیس سے پچاس لاکھ پاکستانی کسی نہ
کسی حوالے سے انگریزی زبان استعمال کرتے ہیں۔ 'صرف انگریزی کو پاکستانی زبان نہیں
کہا جا سکتا ... ہے

گیا ہیں۔ اس سے جہاں بہت فوائد حاصل ہوتے ہیں وہیں مقامی طلبہ کے لیے یہ امر خود بخود شعور تاریخ کا باعث بھی بنا ہے۔ تقریباً ہر شخص اسے اجنبی یا غیر ملکی زبان ہی کہتا ہے اور حقیقت یہ ہے کہ پورے ملک میں اسے اسی حیثیت سے پڑھایا جاتا ہے۔

بات تعداد کی نہیں۔ شاید ایسے پاکستانیوں کی تعداد زیادہ ہو جو انگریزی کو روزمرہ کی حقیقی ضرورتوں کے لیے استعمال کرتے ہیں بہ نسبت ان کے جو مثلاً پشتو یا [illegible] زبان اپنے ہی مقصد کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ اس کے باوجود پشتو یا پنجابی زبان سے محروم [illegible] کرنے میں کوئی شک نہیں۔ انگریزی غیر ملکی زبان کہے جانے کے باوجود ملک کے اندر [illegible] صورت میں انگریزی کو جو اہمیت حاصل ہے وہ اس تناسب سے زیادہ ہے جو حقیقتاً اسے استعمال کرنے والوں کی تعداد کی ہے۔

صورتحال دوسری زبانوں کی [illegible] مختلف نہیں ہے۔ آج دنیا میں انگریزی کی اہمیت کتنی زیادہ ہے [illegible] بولنے والوں کی تعداد زیادہ ہے اس کے باوجود انگریزی کو کسی بھی زبان سے زیادہ اہم سمجھا جاتا ہے۔ یہی بات [illegible] کے بارے میں کہی جا سکتی ہے جو ایک اچھی مثال ہے جس کی [illegible] کثرت سے [illegible] بولنے والوں کے ہاں اور عربی / فارسی سے [illegible] بولنے والوں کے ہاں تفریق ہے اور ان زبانوں کی [illegible] بھی اس میں شامل ہیں۔ اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد محدود ہے لیکن اس کا [illegible] ہے۔ لسانیات کا بنیادی اصول ہے کہ کوئی زبان یا کسی زبان کا کوئی بھی کسی دوسری زبان یا زبان کے کسی دوسرے لہجے سے اپنی ذاتی حیثیت میں بہتر یا کمتر نہیں ہوتا۔ اس بات کی وضاحت کے لیے ہمیں لسانیات سے باہر کے شعبوں مثلاً عمرانیات، نفسیات، [illegible]، تعلیم، بین الاقوامی تعلقات، سائنس اور ٹیکنالوجی، معیشت اور عسکری طاقت وغیرہ سے رجوع کرنا پڑتا ہے۔ کسی زبان کو حاصل ہونے والے فروغ کا بہت بڑا انحصار اس بات پر ہے کہ اس کی پشت پر موجود [illegible] کتنا متحرک ہے۔

Scanned by CamScanner

رشتوں میں سے ہمارا سب سے قریبی تعلق اپنے ماں باپ سے ہے۔ وہ ہماری پیدائش سے لے کر جوان ہونے تک تکلیفیں اٹھاتے ہیں اور ہماری پرورش اور تربیت میں ہر قسم کی مشکلات برداشت کرتے ہیں۔ اس لیے ان کے اولاد پر بہت حقوق ہیں وہ ہماری توجہ کا خاص مرکز ہیں ان کے حقوق میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں ہونی چاہیے۔ ذرا سی بھی کوتاہی ہونے سے آخرت میں وبال جان بن سکتی ہے (۱۲)۔

قرآن اور حدیث میں والدین کے حقوق کو پورا کرنے کی تاکید سے حکم دیا گیا ہے۔ ان کی ہر جائز ضرورت پوری کرنی چاہیے اور ان میں سستی نہ کی جائے۔

والدین کی عزت و احترام ہر مذہب و ملت میں مسلم ہے۔ ہمیں اسلام نے بھی والدین کا احترام کرنے کا خصوصی حکم دیا گیا ہے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے تاکید سے ارشاد فرمایا

﴿وبالوالدین احسانا﴾ (۱۳) (اور والدین سے اچھا سلوک کرو)

ویسے تو والدین کا احترام ہر وقت ضروری ہے لیکن جب وہ بوڑھے ہو جائیں تو جسمانی کمزوری کی وجہ سے ان کے عام مزاج میں تبدیلی آجاتی ہے وہ ذرا ذرا سی بات پر ناراض ہو جاتے ہیں ان کے مزاج میں چڑچڑا پن پیدا ہو جاتا ہے۔ اولاد کو بڑھاپے میں والدین کے ساتھ زیادہ صبر و تحمل دکھانا چاہیے ان سے اچھا برتاؤ کیا جائے ، انہیں جھڑکا نہ جائے ان سے نرم گفتگو کی جائے ۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے

﴿اما یبلغن عندک الکبر احدھما او کلاھما فلا تقل لھما اف ولا تنھرھما وقل لھما قولا کریما﴾ (۱۴)

ترجمہ: اگر تمہارے والدین یا ان میں سے کوئی ایک بڑھاپے کی عمر کو پہنچ جائے تو ان کو اف بھی نہ کہو اور ان کو نہ جھڑکو اور ان سے نرم گفتگو کرو۔

Scanned by CamScanner

والدین کا یہ بھی حق ہے کہ والدین کے مرنے کے بعد اولاد ان کے لیے
دعائے مغفرت کرے اور ان کے لیے اللہ تعالیٰ سے رحمت طلب کرتی رہے۔ اللہ تعالیٰ کا
ارشاد ہے

﴿وقل رب ارحمهما كما ربياني صغيرا﴾ (۱۵)

ترجمہ: اور کہو کہ اے میرے رب ان دونوں پر رحمت فرما جیسا کہ انہوں نے مجھے چھوٹی
عمر میں پالا۔

آپ ﷺ نے مختلف احادیث میں والدین کے ساتھ حسن سلوک کا سختی سے حکم دیا ہے۔ ایک
مرتبہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا

(وہ شخص ہلاک ہو جائے جس کی زندگی میں والدین یا ان میں سے کوئی ایک
بوڑھا ہو جائے اور وہ شخص ان کی خدمت کر کے جنت میں داخل نہ ہو سکے (۱۶)۔ آپ ﷺ
نے والدین کی خدمت کو جہاد میں شریک ہونے سے افضل بتایا (۱۷)۔ ایک دفعہ ایک شخص
آپ ﷺ کے پاس آیا اور کہا میں شادی شدہ ہوں میرے بچے ہیں اور میرے پاس مال
بھی ہے میرا والد زندہ ہے اور اسے میرے مال میں سے امداد چاہیے آپ ﷺ بتائیے
کہ اس صورت حال میں والد کی امداد کرنا میرے لیے ضروری ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا
(تو اور تیرا مال تیرے باپ کے لیے ہیں، اس کی امداد کرو یہ تمہارا فرض ہے)(۱۸)۔
والدین کی عزت اور خدمت اولاد کا فرض ہے، ان کی جانی اور مالی مدد میں کوتاہی کرنا
بہت بڑا گناہ ہے جو ماں باپ کی عزت اور خدمت کرتا ہے وہ دنیا و آخرت میں کامیاب
ہوتا ہے اور جس سے ماں باپ ناراض ہوں اسے دنیا و آخرت میں سوائے رسوائی اور ذلت
کے کچھ نہیں ملتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

﴿اللہ تعالیٰ کی رضا والدین کی رضا میں ہے اور اللہ تعالیٰ کی ناراضی والدین کی
ناراضی میں ہے۔﴾ (۱۹)۔

Scanned by CamScanner

جس طرح والدین کے اولاد پر حقوق ہیں اسی طرح اولاد کے بھی ماں باپ پر حقوق ہیں والدین کو اولاد کے حقوق پورا کرنے کا حکم دیا گیا ہے(۳۰)۔ والدین کو چاہیے کہ اولاد کی اپنی استطاعت کے مطابق اچھی طرح بہ آسانی پرورش کریں۔ ان کی خوراک لباس اور رہائش وغیرہ کا پورا پورا خیال رکھیں۔ اسی طرح ان کی تعلیم و تربیت کا بندوبست کریں۔ اپنی مالی استطاعت کے مطابق اچھے سکول میں داخل کرائیں۔ ان کی اچھی صحبت کا خیال رکھیں۔ انہیں بری صحبت سے بچائیں، وقت ضائع کرنے سے منع کریں۔ انہیں اچھی تعلیم دلائیں تاکہ وہ ملک کی ... ان کی دنیاوی امور میں تعلیم و تربیت کا بھی پورا پورا خیال رکھیں تاکہ اولاد بڑے ہو کر اچھے انسان، وفادار شہری اور مثالی مسلمان بن سکیں۔

والدین کو چاہیے کہ اولاد سے محبت کریں۔ ان کے ساتھ محبت اور تعلیم و تربیت کے معاملہ میں کسی قسم کا کوئی فرق نہ کریں۔ سب کے ساتھ اچھا سلوک کریں تاکہ اولاد میں احساس کمتری پیدا نہ ہو اور وہ والدین کی طرف سے کسی فرق کو محسوس نہ کریں۔ اولاد میں بیٹی شفقت کی زیادہ مستحق ہوتی ہے۔ اس کے ساتھ حسن سلوک اور شفقت میں خاص خیال رکھنا چاہیے۔ آپ ﷺ نے والدین کو بیٹی کے ساتھ حسن سلوک کرنے کی بہت تاکید کی ہے۔ آپ ﷺ اپنی بیٹیوں کی اولاد سے بھی بہت محبت کرتے تھے۔ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی بیٹی امامہ رضی اللہ عنہا اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے بیٹوں حسن اور حسین رضی اللہ عنہما سے آپ ﷺ بہت پیار کرتے تھے(۳۱)۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں

ایک دفعہ ایک عورت اپنی دو بیٹیوں کے ہمراہ میرے پاس آئی۔ میں نے اس عورت کو کھانے کے لیے ایک کھجور دی اس نے کھجور کو تقسیم کر کے دونوں بیٹیوں کو دے دی اور خود نہ کھائی۔ جب آپ ﷺ گھر تشریف لائے تو میں نے آپ ﷺ کو یہ واقعہ سنایا۔ آپ ﷺ نے واقعہ سن کر فرمایا

Scanned by CamScanner

بیوی کے حقوق ادا کرے، شوہر کو چاہیے کہ وہ اس کے ساتھ نیکی اور حسن سلوک کرے
اور اس کی ضروریات کا خیال رکھے (۲۲)۔

اساتذہ کے حقوق

اساتذہ کے اسلام میں بہت حقوق ہیں۔ استاد کا درجہ باپ کے برابر بلکہ اس سے بھی بڑھ کر ہے۔ آپ ﷺ نے استاد کے مقام کو بیان کرتے ہوئے فرمایا

حقیقی باپ وہ ہے جو تجھے زیور تعلیم سے آراستہ کرتا ہے (۲۳)۔ استاد کی عزت و احترام فرض ہے۔ اس کی نصیحت کو سنا جائے اور اس کی ہدایات پر عمل کیا جائے۔ دین اسلام میں ایک ایک لفظ سکھانے والے کو استاد کہا گیا ہے (۲۴)۔

آپ ﷺ کا ارشاد ہے

مجھے آپ لوگوں کی طرف استاد بنا کر بھیجا گیا ہے (۲۵)۔

صحابہ کرامؓ آپ ﷺ کی محفل میں نہایت ادب اور احترام سے بیٹھتے تھے۔ آپ ﷺ کی باتیں نہایت غور سے سنتے تھے۔ آپ ﷺ کے سامنے بلند آواز سے بات نہیں کرتے تھے۔ اور ادب سے دوزانو ہو کر آپ ﷺ کا احترام کرتے تھے (۲۶)۔

زندگی میں صرف وہی لوگ کامیاب ہوتے ہیں جو اپنے اساتذہ کا احترام کرتے ہیں۔ ان کی نصیحتوں اور ہدایات کو غور سے سنتے ہیں اور عملی زندگی میں ان پر سختی سے عمل پیرا ہوتے ہیں۔

پڑوسیوں کے حقوق

رشتہ داری کے تعلق کے بعد دوسرا قریب ترین تعلق ہمسائیگی کا ہے۔ ہمسایوں کے اسلام میں بہت حقوق ہیں۔ قرآن کریم کی رو سے ہمسایوں کی تین قسمیں ہیں۔ ایک رشتہ دار ہمسایہ، دوسرا اجنبی ہمسایہ اور تیسرا وہ عارضی ہمسایہ جس کے پاس کچھ دیر ساتھ بیٹھنے کا انسان کو اتفاق ہو (۲۷)۔ چاہے آپ کا رشتہ دار ہو یا عام آدمی ہو

مسلمان ہو یا غیر مسلم ہو (۲۸)۔ وہ سب اسلامی اخلاق کی رو سے ہمدردی اور نیک سلوک کے
مستحق ہیں۔ اس صورت میں ان کے حقوق کا خیال رکھنا اور بھی لازم ہے۔ آپ ﷺ نے
ارشاد فرمایا

مجھے ہمسائے کے حقوق کی اتنی تاکید کی گئی ہے کہ میں خیال کرنے لگا کہ شاید
اسے وراثت میں حصہ دار بنا دیا جائے گا (۲۹)۔

ایک اور حدیث میں آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا

تم میں بہترین انسان وہ ہے جو اپنے پڑوسی کے ساتھ اچھا ہو (۳۰)۔ آپ ﷺ
نے فرمایا

وہ شخص مومن نہیں ہے جس کا ہمسایہ اس کی شرارتوں سے امن میں نہ ہو (۳۱)۔

آپ ﷺ نے ہر بات میں پڑوسی کا خیال رکھنے کی ہدایت کی ہے۔ کوئی ایسی بات نہ کی جائے جس سے پڑوسی کو تکلیف ہو یا اس کی دل آزاری ہو۔ آپ ﷺ نے غیر مسلم پڑوسی کے بھی وہی حقوق بتائے ہیں جو ایک مسلمان پڑوسی کے ہیں۔ آپ ﷺ مدینہ منورہ میں اپنے یہودی پڑوسیوں کا بہت خیال رکھتے تھے (۳۲)۔

ایک مرتبہ آپ ﷺ سے عرض کیا گیا کہ ایک عورت بہت نمازیں پڑھتی ہے اکثر روزے رکھتی ہے خوب خیرات کرتی ہے مگر اپنی بد زبانی سے اپنے پڑوسی عاجز ہیں آپ ﷺ نے فرمایا وہ عورت دوزخی ہے لوگوں نے عرض کیا کہ ایک دوسری عورت ہے جس میں عبادت کی یہ خوبیاں تو نہیں ہیں مگر وہ اپنے پڑوسیوں سے حسن سلوک کرتی ہیں ان کا بہت خیال رکھتی ہے اور ان کو کسی قسم کی تکلیف نہیں دیتی۔ آپ ﷺ نے فرمایا وہ جنتی ہے (۳۳)۔ آپ ﷺ نے فرمایا اپنے بچوں کے لئے اگر پھل وغیرہ لاؤ تو ان کے گھر بھی بھیج دو یا گھر سے باہر نہ لے جاؤ کہ غریب ہمسائے کا دل نہ دکھے (۳۴)۔ اسلام ان سب لوگوں کو ایک دوسرے کے بھائی بناتا ہے۔ آپس میں ہمدردی اور نیک برتاؤ رکھتے دیکھنا چاہتا ہے

Scanned by CamScanner

چاہیے۔ کسی کی دل آزاری نہ کریں، خوش خلقی اور رواداری سے پیش آئیں، ایک دوسرے سے ملیں، بیمار کی عیادت کریں، کوئی مر جائے تو اس کے جنازہ میں شریک ہوں اور اس کے رشتہ داروں سے تعزیت کریں۔ قریبی عزیزوں اور معذور لوگوں کی عزت نفس کا خیال رکھتے ہوئے ان کی مدد کریں۔ یتیموں اور بیواؤں کی خبر گیری کریں، بھوکوں کو کھانا کھلائیں، ننگوں کو کپڑے پہنائیں، بے روزگاروں کے لیے حلال روزگار میں مدد کریں۔ اور جو کوئی بھی مصیبت میں ہو اس کی اپنی استطاعت کے مطابق مدد کریں (۳۸)۔ اسلام نے باہمی انسانی برادری کے حقوق کا خیال رکھنے کے لیے ضروری اصول مقرر کیے ہیں جن کی بنیادوں میں ایک پرسکون انسانی معاشرہ وجود میں آ سکتا ہے جہاں ہر ایک کی عزت، جان اور مال کی حفاظت ہوگی اور اگر برائیوں کا سدباب نہ ہو سکے تو کم از کم ان میں کمی ہو سکتی ہے۔

اصول

۱۔ نیکی کے کاموں میں ایک دوسرے سے تعاون کرو اور برائی کے کاموں میں کسی سے بھی تعاون نہ کرو (۳۹)۔

۲۔ کسی سے تمہاری دوستی اور دشمنی صرف اور صرف انسانی معاشرے کی اصلاح کے لیے ہونی چاہیے تاکہ اللہ تعالیٰ کے بندوں کو سکون، خوشحالی اور امن میسر ہو اور اللہ تعالیٰ تم سے راضی ہو جائے (۴۰)۔

۳۔ معاشرے میں ہر ایک کا فرض ہے کہ بھلائی اور نیکی کو پھیلائے اور برائی اور بدی کو روکے (۴۱)۔

۴۔ بندوں سے تعلق میں بدگمانی نہ رکھو، ایک دوسرے کے معاملات کا تجسس نہ کرو، ایک کے خلاف دوسرے کو نہ اکساؤ، آپس کے حسد اور بغض سے بچو، اور ایک باہمی انسانی برادری میں بھائی بھائی بن کر رہو (۴۲)۔

۵۔ کسی ظالم کی ظلم میں اعانت نہ کرو بلکہ مظلوم کی دادرسی کے لیے ظالم کے ہاتھ روکنے کی اپنی استطاعت کے مطابق کوشش کرو (۴۳)۔

Scanned by CamScanner

۶۔ [illegible] میں بھی اپنے رشتہ داروں، دوستوں، تعلق داروں اور قوم کی حمایت نہ کریں(۳۴)۔

۷۔ [illegible] لوگوں کے لئے وہی چیز پسند کرو جو تم اپنے لئے پسند کرتے ہو(۳۵)۔

۸۔ [illegible] ایک دوسرے سے علوم و فنون سیکھیں اور اس سے مہارت حاصل کریں(۳۶)۔ [illegible] ایک دوسرے کی نقالی نہ کریں کیونکہ یہ نقالی کی بدترین قسم ہے اور اپنی [illegible] کا خاتمہ [illegible] ہے اور اس کا آخری نتیجہ یہ ہے کہ نقالی کرنے والی قوم کی [illegible] ہوتی ہے۔

۹۔ [illegible] ایک دوسرے کے ساتھ تعلقات میں تعصب اور تنگ نظری سے پرہیز کریں، [illegible] اور ایک دوسرے کے مذہب کی توہین نہ کریں(۳۷)۔

۱۰۔ [illegible] قبیلہ، وطنی، لسانی برادری میں وہ ماحول کا زوال اور کریں تعصب، تنگ نظری، بد خلقی اور ظلم مسلمان کی شان نہیں ہے۔ مسلمان دنیا میں اس [illegible] حسن اخلاق، شرافت اور نیکی کا بہترین نمونہ ہے اور اپنے [illegible] کے حصول سے قبیلہ، وطنی، برادری کے حالات کی تعمیر کرے(۳۸)۔

۱۱۔ [illegible] اپنے حقوق اور فرائض کو پہچانے، حقوق کے حصول کے لئے جدوجہد کرو اور اپنے فرائض کی ادائیگی میں کوتاہی نہ کرو کیونکہ تمہارے فرائض دوسرے انسان کے حقوق ہیں۔

۱۲۔ اپنی ذات کے لئے جائز ضروریات کو حاصل کرنے کے لئے کوشاں رہو یہ تمہارا فرض ہے لیکن دنیا میں صرف اپنے لئے نہ جیو اور نفس کی نہ ختم ہونے والی خواہشات کی تکمیل کے لئے اپنے آپ کو نہ وقف کرو، اپنی جائز ضروریات کو حاصل کرنے کے ساتھ خواہشات نفس کی تکمیل میں اپنی کوشش صرف کرنے کی بجائے اس کوشش کو دیگر انسانوں کی ضروریات اور ان کی جائز ضروریات پورا کرنے میں صرف کرو تاکہ آپ

Scanned by CamScanner

حواشی/حوالہ جات

۱) مولانا عبدالحفیظ بلیاوی: مصباح اللغات، ایچ ایم سعید کمپنی، ص ۵۲۸،۱۳۹

۲) مفہوم از آیات القرآنیہ والاحادیث الشریفہ۔

۳) النساء: ۳۴

۴) الروم: ۲۱

۵) النساء: ۳۴، مودودی (سید مودودی) ابوالاعلیٰ: تفہیم القرآن، ج ۱، ص ۳۵۴، ادارہ ترجمان القرآن۔

۶) النساء: ۱، الحجرات: ۱۳

۷) الحجرات: ۱۳

۸) مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی: دینیات، ادارہ ترجمان القرآن لاہور، ص ۱۵۵

۹) عبدالرحمٰن بن محمد بن خلدون: مقدمہ، نفیس اکیڈمی اردو بازار کراچی، ص ۳۱۶

۱۰) ابو عبداللہ محمد بن یزید: سنن ابن ماجہ، بحوالہ: اسوۂ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم
(محمد عبدالحی، ڈاکٹر) ص ۳۹۵۔
مکتبہ الایمان لاہور۔ مولانا جلیل احسن ندوی: راہ عمل، ص ۱۱۷

۱۱) علی بن ابی بکر: ہیثمی: مجمع الزوائد، بحوالہ اسوۂ رسول اکرم ﷺ، ص ۷۰
(اس حدیث میں پانچ کی جگہ تین درہم کا ذکر ہے)

۱۲) مفہوم از آیات والاحادیث الشریفہ۔ مزید دیکھیے امام غزالی: احیاء علوم الدین،
مکتبہ رحمانیہ لاہور، ص ۳۵۵۔

۱۳) سورۃ بنی اسرائیل: ۲۳۔

۱۴) الاسراء: ۲۳

۱۵) ایضاً: ۲۳

Scanned by CamScanner

۱۶) مسلم بن الحجاج، صحیح مسلم (بحوالہ معارف الحدیث ج ۲، ص ۲۷۳)، دارالاشاعت کراچی
۱۷) سلیمان بن ابو داؤد، سنن ابی داؤد (بحوالہ معارف الحدیث ج ۲، ص ۲۷۳)، بیہقی
ایضاً، امام غزالی، احیاء علوم الدین (ترجمہ) مکتبہ رحمانیہ لاہور، ص ۲۵۹
۱۸) ابن ماجہ، ابو داؤد، بحوالہ اسوۂ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ص ۳۲۵، طبع مذکور
۱۹) ترمذی، ابواب الفتن، بحوالہ معارف الحدیث ص ۲۷۳، اسوۂ رسول اکرم ﷺ
ص ۳۰۳
۲۰) عبداللہ یوسف علی، معانی قرآن، ترجمہ اردو، الفیصل اسلامک پبلشرز۔
۲۱) امام غزالی، احیاء علوم الدین (مترجم) مکتبہ رحمانیہ لاہور، ص ۳۵۷
خالد علوی، انسان کامل، الفیصل ناشران، لاہور، ص ۵۵۳-۵۵۵
۲۲) مسلم بن الحجاج، صحیح مسلم، بحوالہ معارف الحدیث، طبع مذکور، ص ۱۷۷۔
۲۳) محمود احمد غازی، تفہیم اسلامیات (اردو) برائے انٹرمیڈیٹ، قریشی پبلشرز
لاہور، ص ۱۵۰۔
۲۴) سورۃ البقرۃ ۲: ۱۵۱۔
۲۵) عبد الرحمن بن الفضل بن بہرام الدارمی، مسند، بحوالہ تفہیم اسلامیات برائے
انٹرمیڈیٹ، قریشی برادرز پبلشرز لاہور، ص ۱۵۱
۲۶) احیاء علوم الدین، ص ۹۳۳
۲۷) النساء ۴: ۳۶ (احمد بن عمرو البزار، مسند، بحوالہ معارف الحدیث، ص ۳۱)
۲۸) احمد بن عمرو البزار، مسند، بحوالہ معارف الحدیث، ص ۳۱
۲۹) بخاری و مسلم، بحوالہ معارف الحدیث، طبع مذکور، ص ۵۰۶، ج ۲
۳۰) احمد بن حنبل، مسند (الفتح الربانی) مع شرح، دار احیاء التراث العربی، بیروت
لبنان، ص ۱۲۵، ج ۱۹۔

(۲۰ مسلم بحوالہ مذکورہ ص ۲۰۹، ج ۲

(۲۱ ترمذی بحوالہ معارف الحدیث ص ۳۱۱، ج ۲

(۲۲ مشکوٰۃ بحوالہ راہ عمل ص ۱۹۷

(۲۳ مسند الحدیث کنز العمال بحوالہ معارف ص ۳۱۰۔

(۲۴ [illegible] ۲۰

(۲۵ بخاری و مسلم بحوالہ معارف الحدیث ص ۲۹۳

(۲۶ معارف الحدیث ص ۲۹۳

(۲۷ مفہوم از احادیث الواردہ فی کتب الشیعۃ/ ایضاً المائدہ ۲

(۲۸ المائدہ ۲

(۲۹ بخاری، راہ عمل ص ۳۱

(۳۰ التوبہ ۷۱

(۳۱ سیرت مجتبیٰ احسن ندوی، راہ عمل ص ۱۹۱۔

(۳۲ ایضاً ۱۹۳

(۳۳ مشکوٰۃ بحوالہ راہ عمل ص ۳۱۵

(۳۴ بخاری مسلم، راہ عمل ص ۱۹۲

(۳۵ کتاب الصلاۃ، فتاویٰ اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء، الریاض،
ص ۲۴۹، ج ۱۰، فتویٰ نمبر ۵۸۵

(۳۶ الانعام ۱۰۸

(۳۷ مفہوم از احادیث الحدیث دیکھیے حافظ محمد طاہر محمود اشرفی، رواداری،
ص ۱۱۸-۱۲۰، مطبوعہ ۲۰۰۰

(۳۸ مفہوم از آیات و احادیث الواردہ فی کتب اہل السنۃ والشیعۃ

۴۹) المعجم المفہرس لالفاظ الحدیث النبوی، الاحادیث الشریفہ۔

۵۰) مشکوۃ المصابیح، عبدالغفار حسن، محمد بن علی، انتخاب حدیث، اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ

لاہور، ص ۱۳۰۔۱۳۵

۵۱) مشکوۃ المصابیح، عبدالغفار حسن، محمد بن علی، انتخاب حدیث، اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ

لاہور، ص ۱۳۵، ۱۳۶

مصادر و مراجع

۱۔ القرآن الکریم

۲۔ ابو داؤد، سلیمان بن اشعث، سنن

۳۔ بلیاوی (مولانا) عبدالحفیظ، مصباح اللغات

۴۔ ابن حنبل، احمد، مسند

۵۔ ابن خلدون، عبدالرحمن بن محمد، مقدمہ

۶۔ ابن ماجہ، ابو عبداللہ محمد بن یزید، سنن ابن ماجہ

۷۔ الترمذی، سنن

۸۔ مسلم بن حجاج، الجامع الصحیح

۹۔ ہیثمی، علی بن ابی بکر، سیرت رسول اکرم ﷺ

۱۰۔ السہیلی، عبدالرحمن بن الخطیب، الروض الانف

۱۱۔ علوان، عبداللہ ناصح، تربیۃ الاولاد

۱۲۔ محمد یوسف، عبدالغفار حسن، انتخاب حدیث

۱۳۔ النووی، یحییٰ بن شرف، شرح صحیح مسلم

۱۴۔ مودودی (سید) ابو الاعلیٰ، تفہیم القرآن، دیباچہ

۱۵۔ نعمانی (علامہ) شبلی، رسائل، لاہور

دبستان حنفی: ایک تعارف

Imam Abu Hanifa (Noman bin Thabit) who was born in Kufa was one among the greatest jurists of Islam. He made it possible for the layman to understand Islam and to follow it. That is why one of the characteristics of his Fiqh is simplicity. Noman bin Thabit met many companions of the Holy Prophet ﷺ and hence got the title of Tabie (تابعی). His Fiqh got a widespread recognition when one of his students got the post of Chief Justice in the days of Haroon-ur-Rashid (The Caliph). Imam Abu Yousaf bin Yaqoob bin Ibrahim Ansari officially disseminated his Fiqh. This article represents a brief introduction and characteristics of his School of Fiqh.

فقہ عراق میں کوفہ کو مرکزی حیثیت حاصل رہی کہ یہاں پر عظیم فقہاء و محدثین کی آمد و رفت رہی۔ حضرت عمر فاروقؓ نے اپنے دور خلافت میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کو معلم اور قاضی بنا کر کوفہ بھیجا۔ آپ صحابی تھے اور صحبت یافتہ تھے۔ آپ کے بعد فقہاء کا مرکز کوفہ رہا۔ جس میں آپ کے شاگرد اور شاگردوں کے شاگردوں کا مرکزی کردار رہا۔ ان میں حضرت علقمہ، مسروق ہمدانی، قاضی شریح، ابراہیم، عامر شعبی اور حماد بن ابی سلیمان مشہور ہیں۔

Scanned by CamScanner

دبستانِ حنفی: ایک تعارف

Imam Abu Hanifa (Noman bin Thabit) who was born in Kuofa was one among the greatest jurists of Islam. He made it possible for the layman to understand Islam and to follow it. That is why one of the characteristics of his Fiqh is simplicity. Noman bin Thabit met many companions of the Holy Prophet ﷺ and hence got the title of Tabie (تابعی). His Fiqh got a widespread recognition when one of his students got the post of Chief Justice in the days of Haroon-ur-Rashid (The Caliph). Imam Abu Yousaf bin Yaqoob bin Ibrahim Ansari officially disseminated his Fiqh. This article represents a brief introduction and characteristics of his School of Fiqh.

ملک عراق میں کوفہ کو مرکزی حیثیت حاصل رہی کہ یہاں پر عظیم فقہاء اور محدثین کی آمد و رفت رہی۔ حضرت عمر فاروقؓ نے اپنے دور خلافت میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کو معلم اور قاضی بنا کر کوفے بھیجا آپ صحابی تھے اور محدث و فقیہ بھی۔ آپ کے بعد فقہاء کا مرکز کوفہ بنا رہا۔ جس میں آپ کے شاگرد اور شاگردوں کے شاگرد کا مرکزی کردار رہا۔ جن میں علقمہ، مسروق ہمدانی، قاضی شریح، ابراہیم، عامر شعبی اور حماد بن ابی سلیمان مشہور ہیں۔

Scanned by CamScanner

دو سلسلوں کی بھی اوائل سے ہی شروع ہوا۔" ان سے پہلے امام ابو حنیفہ ہیں

نعمان بن ثابت آپ کا نام، ابو حنیفہ کنیت اور امام اعظم لقب تھا۔ آپ فارسی النسل تھے۔(۱) آپ کی پیدائش 80ھ بمطابق 699ء کوفہ میں ہوئی۔ آپ نے اپنی علمی زندگی کی ابتدا علم کلام کے مطالعے سے کی پھر آپ نے فقہ اپنے استاد حماد بن ابی سلیمان سے پڑھی۔ آپ نے ابراہیم نخعی کے جانشین امام حماد کی شاگردی بھی اختیار کی۔ اور ان کے علاوہ بھی کئی اصحاب علم سے استفادہ کیا۔ ان میں امام محمد باقرؒ، امام جعفر صادقؒ، جابر بن عبداللہ، عطاء بن ابی رباح، نافع، ابن شہاب زہری، قتادہ البصری اور عبداللہ بن دینار وغیرہ کے نام مشہور ہیں۔ ابو حفص کبیر کی روایت کے مطابق آپ کے شیوخ کی تعداد چار ہزار تک پہنچتی ہے۔

حضرت امام اعظم ابو حنیفہؒ کو تابعی ہونے کا بھی شرف حاصل ہے۔" آپ نے صحابہ کرام میں سے حضرت انسؓ، حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ اور حضرت عبداللہ بن حارثؓ کو دیکھا تھا۔(۲) آپ کا آبائی پیشہ کپڑے کی تجارت تھا۔ ابتدا میں آپ نے بھی یہی پیشہ اختیار کیا۔ بعد میں آپ کو تحصیل علم کا شوق ہوا تو تجارت سے یکسو ہو کر دنیائے علم میں کھو گئے۔ علم کلام اور وسیع تجارت نے آپ میں عقل و رائے سے استصواب کرنے اور شریعت کو عملی زندگی میں جاری کرنے اور مسائل جدیدہ میں قیاس و استحسان سے کام لینے کی صلاحیت پیدا کر دی تھی اسی لئے "آپ کے مذہب کا نام مذہب اہل الرائے مشہور ہو گیا۔(۳) آپ فرماتے ہیں۔ "ہمارا یہ علم رائے ہے اور یہی ہمارے نزدیک سب سے بہتر ہے۔ ہاں جو شخص اس کے سوا کسی اور رائے کو بہتر سمجھے تو اس کیلئے اپنی رائے اور ہمارے لئے ہماری رائے۔(۴) اور فرمایا

جب کوئی مسئلہ نہ کتاب اللہ میں ملے نہ سنت رسول ﷺ میں تو میں اقوال صحابہ پر غور کرتا ہوں اور اقوال صحابہ کے ہوتے کسی قول کو اقوال سے نہیں نکلتا۔ ابراہیم شعبی، ...

بھی یہ معلوم ہے کہ حدیث کی کثیر تعداد سے بھی اپنے زمانے میں استفادہ کیا۔ لیکن جس طرح ان
حضرات نے حدیث کو رد نہیں کیا اسی طرح یہ بھی نہیں کر سکتے (۸)

امام ابو حنیفہؒ قرآن و حدیث میں جو کچھ پاتے تھے اس کے مطابق فیصلہ دیا کرتے
تھے۔ جب کوئی قول صحابہ کا ہوتا تو اسے اختیار کرتے تھے۔ حدیث کے معاملے میں
وہ بہت محتاط تھے اور صرف ان احادیث کو قبول کرتے تھے جن کے راویوں کا عمل واجب ہے
جن سے ثابت ہو کہ وہ حجت تسلیم کرتے (۸)۔ خبر واحد کو وہ اس وقت قبول کرتے جب
وہ کسی عمومی مسئلہ میں حاصل نہ ہو۔ آپ اس روایت کو تسلیم نہیں کرتے تھے جس کا
تعلق عام ضرورت سے ہو (۹)۔ اگر دو روایات بظاہر مختلف ہوں ایک تقاضا کی بنا
پر کی ترجیح ہو تو ان کو اس روایت کے مقابلے میں ترجیح دیتے تھے۔ اگر
صحابہ میں باہم اختلاف ہو اور مصالحت کا کوئی پہلو نظر آئے تو ان میں سے اس کو اختیار
کرتے تھے جو ہو یا جس کے راوی فقیہ و عادل اور علم میں فائق
ہوں۔ آپ خبر واحد اور قرآن کو قیاس پر ترجیح دیتے ہیں۔

امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک کتاب و سنت کے بعد اجماع صحابہ کو اہمیت حاصل ہے
اگر صحابہ کرام میں اختلاف ہو تو آپ اس قول کو قبول کرتے ہیں جو کتاب و سنت کے
قریب ہو (۱۰)۔ جو عمل صحابہ اور تابعین میں متواتر چلا آیا ہو اسے امام ابو حنیفہؒ حجت تسلیم
کرتے ہیں۔ آپ ظاہری طور سے ہر دور میں اجماع کے قائل ہیں (۱۱)۔ آپ قیاس کے
استعمال میں بہت محتاط تھے۔ آپ نے نہ صرف پیش آمدہ مسائل کے حل ڈھونڈے ہیں بلکہ
ایسے مسائل میں بھی غور و خوض کیا اس لئے آپ کے ہاں قیاسی فتووں کی ایک بڑی تعداد
موجود ہے۔ آپ نے قیاس کو ایک فن کی صورت دی اور قواعد و اصول کر قیاس اسی صورت میں
جائز ہے جب اس کے سوا کوئی دلیل نہ ہو۔ آپ نے "استحسان" کو بھی اپنایا۔ استحسان قیاس
کو چھوڑ کر اصول و کلیہ کی رو سے خاص فیصلہ دینے کا نام ہے۔

Scanned by CamScanner

میں کمال کی وجہ سے امام ابو حنیفہ کو لقب امام اعظم ہو گیا۔ آپ کے متعلق امام مالک نے یوں فرمایا: "اب کسی مسئلے میں دونوں جانب اختلاف ہو تو ہم اسے امام ابو حنیفہ کے سامنے پیش کرتے۔ آپ اس کی جلدی جواب دیتے جیسے اپنی آستین سے نکال رہے ہوں (۱۲)"

خلافت امویہ میں عراق کے حاکم" ابن ہبیرہ" نے آپ کو منصب قضا (جج) پیش کیا تو آپ نے اسے قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ اس وجہ سے آپ کو زدوکوب بھی کیا گیا (۱۳)۔ پھر خلافت عباسیہ کے دوران خلیفہ ابو جعفر نے آپ کو بغداد میں بلا کر قاضی کا منصب پیش کیا مگر آپ نے حسب سابق انکار کر دیا اس پر آپ کو قید کی سزا دی گئی (۱۴) اور وہیں آپ نے 150ھ بمطابق 767ء میں وفات پائی۔

آپ کا جنازہ جیل سے نکلا تو اس جنازہ کی رونق اور تجلیات سے متاثر ہو کر دس ہزار عیسائی مسلمان ہو گئے۔ اور چھ دفعہ آپ کی نماز جنازہ ادا کی گئی۔ پہلی دفعہ کے شرکاء کی تعداد پچاس ہزار تھی اور دفن ہونے تک لوگ قبر پر دعا کیلئے آتے رہے۔ آپ کو بغداد میں دفن کیا گیا۔

امام ابو حنیفہ انتخاب احادیث میں بہت محتاط تھے اور صرف وہی احادیث قبول کرتے تھے جو ثقہ راویوں سے مروی ہوں باوجود اس کے آپ کے ساتھیوں اور شاگردوں نے پندرہ مسانید (یعنی ایسی احادیث کے پندرہ مجموعے جن کے راویوں کا سلسلہ رسول اللہ ﷺ تک جاتا ہے) آپ سے روایت کی ہیں (۱۵)۔ ان سب کو قاضی القضاۃ ابو المؤید محمد بن محمود خوارزمی نے ایک جلد میں جس کا نام "جامع المسانید" ہے جمع کیا ہے۔ اسی وجہ سے ابن خلدون نے جو بیان کیا ہے کہ ابو حنیفہ سے تقریباً سترہ حدیثیں روایت کی گئی ہیں اسے قرین صحت اور قابل قبول نہیں سمجھا جاتا۔ (۱۶)

امام ابو حنیفہ نے درس و تدریس کے دوران کم و بیش "چالیس شاگردوں کی ایک کمیٹی تشکیل دی جس کے ارکان قرأت، لغت عرب، تفسیر، کلام حدیث اور آثار صحابہ

Scanned by CamScanner

واقفین کے ماہر تھے۔ اس کمیٹی کے ارکان ہر مسئلہ پر آپس میں بحث کرتے، بعض مسائل پر
ایک ایک ماہ تک بحث جاری رہتی تھی۔ جب کسی مسئلہ پر متفقہ فیصلہ ہو جاتا تو اسے احاطہ تحریر
میں لایا جاتا۔(۱۸) تدوین فقہ کا یہ طریقہ آپ کی زندگی کے آخر تک قائم رہا۔ اس طریقہ
سے فقہ کا جو ذخیرہ قلم بند ہوا وہ آج دنیا میں ناپید ہے اس کا سبب یہ ہے کہ آپ کے نامور
شاگردوں اور پیروکاروں نے اپنے اپنے طور پر نئے مجموعے قلم بند کر لئے۔ ان میں اس ذخیرہ
کے مقابلے میں زیادہ وضاحت اور طوالت تھی سے آگے اصل نسخہ کی ضرورت نہ رہی اسلئے
اس کا وجود ختم ہو گیا۔

امام اعظم ابو حنیفہؒ کے اقوال فقہیہ آپ کے شاگردوں کے ذریعے منتقل ہو کر ہم
تک پہنچے۔ آپ کے شاگردوں میں سب سے زیادہ مشہور چار ہیں۔ ابو یوسف، زفر بن ہذیل
بن قیس، محمد بن حسن شیبانی اور حسن بن زیاد لولوی اور انہی چاروں کے ذریعے حنفی مذہب
دنیا میں پھیلا۔ خصوصاً ابو یوسف اور محمدؒ کے ذریعے جو امامین اور صاحبین کے نام سے مشہور
ہیں۔ امام اعظم اور ان کے شاگردوں نے اپنے استاد عبداللہ بن مسعود کی وصیت پر
پورا عمل کیا اور آپ نے اپنے شاگردوں سے فرمایا تھا کہ "تم لوگ علم کے مرتبے
اور رفعت سے نہ بڑھو"(۱۹)۔

امام ابو یوسف یعقوب بن ابراہیم انصاری (113ھ-182ھ) بغداد کی
منصب قضا پر مقرر ہوئے۔ بعد" آپ ہارون رشید کے عہد خلافت میں قاضی القضاۃ بنے
اور خلافت کے باقی حصوں میں قاضیوں کا تقرر اور معزولی بھی آپ کے سپرد ہوئی۔(۱۹)،
ان کے ذریعے امام اعظم کے مسلک کی کامل طور پر اشاعت کرنے کا پورا پورا موقع ملا۔ علاوہ
ازیں آپ نے ان فتووں کا اضافہ کیا جو معاملات پیش آنے کے سبب سے ضروری ہو گئے تھے۔
اور ان احکام کا بھی اضافہ کیا جو آپ کے نزدیک ایسی احادیث صحیحہ سے ماخوذ تھے۔ جنہیں
آپ نے رجال حدیث سے حاصل کیا تھا۔ ابو یوسف انہی وجوہات سے مشہور تھے

Scanned by CamScanner

اپنے استاد امام ابو حنیفہ سے اختلاف کیا۔

امام ابو یوسف کے مشہور اقوال فقہ حنفی کی کتابوں میں اور امام شافعی کی "کتاب الام" کے آخری حصے میں مذکور ہیں (۴۰)۔ امام ابو یوسف کی ایک کتاب مسائل خراج میں بھی ہے۔ وہ ایک گراں قدر رسالہ ہے جسے آپ نے ہارون رشید کو لکھ کر بھیجا تھا اور اس میں محصولات اور حکومت کے امور مالیات پر انتہائی حاصل بحث کی گئی ہے جو ان کے وسیع تجربہ اور عمیق تحقیق پر دلالت کرتی ہے۔ (۴۱)

مذہب حنفی کی تدوین میں امام محمد بن حسن شیبانی (132ھ۔ 189ھ) کا بھی بہت زیادہ کام ہے۔ انہوں نے بھی عراق کے مدرسے سے علوم حاصل کیے اور آپ مدینے گئے اور وہاں اہل حدیث سے اور وہیں امام مالک سے علم پڑھا۔" آپ مذہب حنفی کی معتبر کتابوں کی تدوین اور اختراع مسائل میں مشہور ہیں۔ خصوصاً مسائل وراثت وغیرہ میں۔ نیز آپ حقیقی مسائل کا تجزیہ کرنے اور پیچیدہ [illegible] اور فرضی مسائل کے اختراع کرنے میں بھی مشہور ہیں۔ (۴۲)

امام محمد کی تدوین شدہ کتب دو اقسام پر مشتمل ہیں۔

ا۔ وہ قسم جنہیں ثقہ راویوں نے امام محمد سے روایت کیا اور ان کا نام "کتب ظاہر الروایہ" یا مسائل اصول ہے۔

ب۔ وہ قسم جو ثقہ راویوں سے روایت نہیں کی گئیں۔ ان کا نام کتب یا مسائل النوادر ہے۔

کتب ظاہر الروایہ چھ ہیں: المبسوط، الجامع الکبیر، الجامع الصغیر، کتاب السیر الکبیر، کتاب السیر الصغیر، اور زیادات (۴۳) اور یہ چھ کتب ابو الفضل مروزی نے اپنی تصنیف کتاب الکافی میں جمع کر دی ہیں۔ (۴۴) علامہ محمد بن احمد سرخسی نے پانچویں صدی ہجری کے آخر میں "کتاب المبسوط" میں تیس اجزاء میں "کافی" کی شرح لکھی ہے اور مجتہدین (?) اور اصحاب کی تدوین کرنے والوں نے اکثر مسائل "کتب ظاہر الروایہ" ہی سے

اور یہ ہیں (۲۵) اور ''کتاب النوادر'' جسے کتاب الامالی محمد بھی کہا جاتا ہے ''کیسانیات''
جسے شعیب کیسانی نے روایت کیا ہے۔

کتاب الرقیات جس میں وہ مسائل درج ہیں جو امام محمد کو اس وقت پیش آئے جب آپ کو ہارون رشید نے شہر رقہ کا قاضی مقرر کیا تھا (۲۶)۔ ہارونیات، جرجانیات، کتاب الکیسانی فی الحیل، زیادۃ الزیادات اور کتاب نوادر محمد بروایت ابن رستم۔

مسائل نوادر میں وہ کتابیں بھی شمار کی جاتی ہیں۔ جو اس مذہب کے ائمہ سے روایت کی گئی ہیں جیسے امام ابو حنیفہ کی ''کتاب المجرد'' جس کی روایت آپ کے شاگرد حسن بن زیاد لؤلؤی نے کی ''کتاب الرد علی اہل المدینہ'' اور کتاب الامالی، محمد بن حسن کی تصنیف ہیں۔

کتب ظاہر الروایہ اور النوادر کے بعد فتاویٰ اور مسائل کی وہ کتابیں ہیں جن میں وہ مسائل ہیں جن میں متاخرین نے جب سلف کی روایت نہ پائی تو خود اجتہاد کیا ہے ''کتاب النوازل'' مؤلفہ ابو اللیث سمرقندی وغیرہ (۲۷)۔

امام ابو حنیفہ کے اور بھی شاگرد تھے جن میں مشہور یہ ہیں۔ ہلال الرائی (متوفی 234ھ) اور ابو بکر خصاف کے نام سے مشہور ہیں (متوفی 261ھ) جو کتاب الحیل اور کتاب الوقف وغیرہ کے مؤلف ہیں اور ابو جعفر طحاوی (متوفی 321ھ) جنہوں نے کتاب ''مختصر فی الفقہ وغیرہ'' لکھی۔

ان شاگردوں کے بعد فقہاء کا ایک طبقہ آیا جو مذہب حنفی کے مقلد تھے ان میں سے بعض کے نام یہ ہیں۔ ابو الحسن کرخی (متوفی 340ھ) مؤلف ''مختصر الکرخی'' شمس الائمہ سرخسی مؤلف ''المبسوط''، علی بن محمد بزدوی (متوفی 482ھ) مؤلف ''کتاب الاصول'' ابو بکر کاسانی (متوفی 547ھ) مؤلف ''بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع'' اور برہان الدین علی مرغینانی (متوفی 593ھ) مؤلف ''کتاب الہدایہ شرح بدایۃ المبتدی'' وغیرہم

Scanned by CamScanner

ہدایہ کی چار جلدیں ہیں۔ یہ مذہب حنفی کی کتب معتبرہ میں سب سے زیادہ معتبر

کتاب ہے۔ اس کی شرحیں اور حواشی بھی بہت ہیں جن میں سے بعض یہ ہیں: "العنایہ"

بابرتی کی "کفایہ" کرلانی کی، "وقایہ" برہان الشریعت کی "وقایہ" کا خلاصہ "نقایہ" صدر

الشریعت کا، "نہایہ" سغناقی کی، "غایۃ البیان" اتقانی کی، "معراج الدرایہ" قوام

الدین کاکی کی، "عنایہ" بابرتی کی، "بنایہ" عینی کی اور "فتح القدیر" کمال الدین ابن ہمام کی۔

اس کے بعد تقلید کا زمانہ آیا۔ اس وقت ایسے فقہاء پیدا ہوئے جنہوں نے اجتہاد موقوف کر کے تقلید پر اکتفا کیا (۲۸)۔ انہوں نے مختصر متن لکھے، اور پھر ان متنوں کی شرحیں لکھی گئیں اور پھر ان شرحوں کی اور شرحیں تیار ہوئیں۔ ان شرحوں پر حواشی اور تعلیقے لکھے گئے۔ فتاویٰ جمع کیے گئے۔ جس کی وجہ سے واقعات کی کثرت ہوئی (۲۹)۔ فقہاء نے متنوں کے مطالب کو ان شرحوں کے مسائل سے مقدم سمجھا اور اسی طرح شرحوں کے مسائل کو فتاویٰ سے زیادہ معتبر جانا (۳۰)۔

کتب مذہب میں سے متاخرین کے نزدیک حسب ذیل کتابیں زیادہ معتبر ہیں:

"کتاب المختصر" مؤلفہ احمد بن محمد قدوری (متوفی 428ھ)، چار کتابیں جو چار متون کہلاتے ہیں، وہ یہ ہیں: "وقایۃ" مختصر الہدایہ، مؤلفہ تاج الشریعت محمود محبوبی "مختار" اور اس کی شرح "الاختیار" مؤلفہ عبداللہ موصلی (متوفی 683ھ) "مجمع البحرین" مؤلفہ ابن الساعاتی (متوفی 694ھ)، "کنز الدقائق" مؤلفہ حافظ الدین نسفی (متوفی 715ھ)

"کنز الدقائق" تمام متنوں میں سب سے زیادہ مشہور ہے اور اس کی شرحیں اور حواشی بہت ہیں، جن میں سے زیادہ اہم یہ ہیں: "تبیین الحقائق" مؤلفہ زیلعی، "رمز الحقائق" مؤلفہ عینی، "بحر الرائق" مؤلفہ زین العابدین بن نجیم "تکملہ بحر الرائق" مؤلفہ طوری، "نہر الفائق" مؤلفہ عمر بن نجیم، "منحۃ الخالق" مؤلفہ ابن عابدین اور "کشف الحقائق" مؤلفہ افغانی وغیرہ وغیرہ۔

Scanned by CamScanner

کتب حنفیہ "فتاویٰ" میں حسب ذیل مشہور ہیں "فتاویٰ ولوالجیہ" مؤلفہ عبدالرشید ولوالجی (متوفی 545ھ) "فتاویٰ خانیہ" مؤلفہ قاضی خان حسن بن منصور (متوفی 592ھ) "فتاویٰ ظہیریہ" مؤلفہ ظہیر الدین محمد بخاری (متوفی 619ھ)، "فتاویٰ طرسوسیہ" معروف بہ "انفع الوسائل الی تحریر المسائل" مؤلفہ ابراہیم بن علی طرسوسی (متوفی 758ھ) "فتاویٰ بزازیہ" مؤلفہ حافظ الدین محمد معروف ابن بزاز (متوفی 827ھ) "فتاویٰ خیریہ" مؤلفہ خیر الدین فاروقی رملی (متوفی 1081ھ) "فتاویٰ انقرویہ" مؤلفہ محمد آفندی انقروی (متوفی 1098ھ)۔ "فتاویٰ تمہیدیہ" اور "فتاویٰ حامدیہ" مؤلفہ حامد آفندی بن علی قونوی۔ اس کا خلاصہ "تنقیح الحامدیہ" مؤلفہ محمد امین ابن عابدین (متوفی 1252ھ) اور "فتاویٰ مہدیہ فی الوقائع المصریہ" مؤلفہ محمد عباس مہدی مفتی مصر۔

کتب مذکورہ بالا کے علاوہ متاخرین علمائے حنفیہ کی حسب ذیل کتب بھی مشہور ہیں "جامع الفصولین" مؤلفہ ابن قاضی سماونہ (متوفی 818ھ) "درر الحکام شرح غرر الاحکام" مؤلفہ ابن ملا خسرو (متوفی 885ھ) اس کا حاشیہ "غنیۃ ذوی الاحکام" مؤلفہ شرنبلالی (متوفی 1069ھ) "ملتقی الابحر" مؤلفہ حلبی (متوفی 956ھ) اس کی شرح "مجمع الانہر" مؤلفہ داماد آفندی (متوفی 1078ھ) اس کی دوسری شرح "مجمع الانہر" مؤلفہ داماد آفندی (متوفی 1089ھ) اس کی دوسری شرح "الدر المنتقی" مؤلفہ محمد علاء الدین حصکفی (متوفی 1088ھ)۔ "تنویر الابصار" مؤلفہ تمرتاشی اور اس کی شرح "الدر المختار" مؤلفہ حصکفی۔ "ردالمحتار علی الدر المختار" مؤلفہ محمد امین بن عابدین اور اس کا تکملہ "قرۃ عیون الاخیار" جو ان کے بیٹے محمد علاء الدین کی تالیف ہے۔

فقہ حنفی کی خصوصیات حسب ذیل ہیں۔

1۔ یہ فقہ انسانی عقل و فکر سے قریب تر ہے۔

2۔ خلفائے عباسیہ نے فقہ حنفی کو قبول کیا اور اسے سرکاری طور پر نافذ کیا جس سے

Scanned by CamScanner

یہ مذہب مقبول عام ہوگیا(۳۱)۔

۳۔ اس میں پیچیدگیاں نہیں یہ اپنی سادگی کی بنا پر مقبول عام ہوئی۔

۴۔ اس فقہ میں بے پناہ تحریری ذخیرہ موجود ہے۔

۵۔ یہ فقہ متوازن ہے جس میں اعتدال کو مدنظر رکھا گیا ہے۔

۶۔ اس میں احکام اور استنباط کا مدار الفاظ سے زیادہ کتاب و سنت اور اجماع کی روح اور مقاصد پر ہے۔ اسی طرح یہ فطرت انسانی سے ہم آہنگ ہے(۳۲)۔

۷۔ یہ شخصی آزادی کی طرف زیادہ راغب ہے۔

۸۔ یہ فقہ کسی ایک شخص کی مرتب کردہ نہیں بلکہ اسے چالیس فقہاء کی کمیٹی نے فقہی اصول و قواعد کی روشنی میں مرتب کیا(۳۳)۔

۹۔ اس کے مسائل و احکام مصادر پر مبنی اور درایت و روایت کے ساتھ اصول درایت کے عین مطابق ہیں۔

۱۰۔ فقہ حنفی آسان اور سہل العمل ہے۔

۱۱۔ اس میں معاملات کے حصہ میں وسعت اور استحکام، جو تہذیب و تمدن کیلئے بہت ضروری ہے، دوسری تمام فقہوں سے زیادہ ہے(۳۴)۔

۱۲۔ فقہ حنفی نے غیر مسلم رعایا کو اتنے حقوق دیئے، جس سے نظم مملکت میں بڑی آسانی پیدا ہو جاتی ہے۔

۱۳۔ احکام منصوصہ میں امام ابو حنیفہ کا پہلو مدلل ہوتا ہے۔

یہ دور تدوین کا سنہری دور کہلاتا ہے۔ جلیل القدر فقہاء اسی دور میں پیدا ہوئے اور امت نے ان فقہاء کی سیادت کو تسلیم کیا اور ان کی مدون فقہ کی پیروی شروع کردی۔ قاضی ان کی فقہ کے مطابق فیصلے کرنے لگے۔ اس دور کے مصادر قرآن، سنت، اجماع، قیاس، استصلاح، استحسان، معروف اور استدلال تھے۔

Scanned by CamScanner

عہد اول ہی سے عباسی دور اور عثمانی دور ... کیونکہ خلفائے عباسیہ نے محکمہ عدل و قضاء
میں اسی مذہب کو ترجیح دی تھی۔ اور اہل عراق بھی اسی کے ہی مقلد تھے۔ اس کے علاوہ سلطنت
عثمانیہ کا سرکاری مذہب بھی یہی تھا۔ جو ممالک سلطنت عثمانیہ کے زیر حکومت رہے۔ جیسے مصر،
شام، عراق، ان کا مسلک بھی محکمہ عدل و قضا میں یہی چلا آتا ہے۔ حکومت تیونس کا
مذہب بھی یہی ہے۔ برصغیر پاک و ہند کے ماورائے ممالک مثلاً شام و البانیہ کے باشندوں کا مذہب بھی
سرکاری عبادات میں یہی ہے اور مسلمانان پاکستان بھی مسائل عبادات میں اسی کے ہی
مقلد ہیں۔ اسی طرح اہل افغانستان و ترکستان اور مسلمانان ہند و چین کے ہاں بھی یہی
مسلک غالب ہے اور اسی فقہ کے مقلدین ان دوسرے ممالک میں بھی کثرت سے پائے
جاتے ہیں۔ روئے زمین کے تمام مسلمانوں کا تقریباً دو تہائی ہیں۔

حواشی

1۔ الفوائد البہیہ، محمد لکھنوی، مطبوعہ مصر، 1324ھ، ص 249۔
2۔ الانتقاء، ابن عبدالبر، قاہرہ، 1350ھ، ص 148۔
3۔ تاریخ التشریع الاسلامی، محمد خضری، قاہرہ، 1934ء، ص 68
4۔ الملل والنحل، علامہ شہرستانی، قاہرہ، ج 2، ص 45
5۔ الانتقاء، ابن عبدالبر، ص 144
6۔ تاریخ بغداد، احمد بن علی خطیب بغدادی، ج 13، ص 326
7۔ سیر اعلام النبلاء، ذہبی شمس الدین ابو عبداللہ محمد بن احمد، بیروت، 1401ھ، ج 6، ص 395
8۔ اصول الفقہ الاسلامی، ڈاکٹر عبدالعزیز ...، مصر، 1418ھ، ج 1، ص 123
9۔ اصول الجصاص، جصاص، ابوبکر احمد بن علی، بیروت، لبنان، ج 2، ص 139

Scanned by CamScanner

۱۰۔ المحرر فی اصول الفقہ، سرخسی، ابوبکر محمد بن احمد، بیروت لبنان، 1417ھ، ج 1، ص 237

۱۱۔ التوضیح، عبید اللہ بن مسعود حنفی، آرام باغ کراچی، 1400ھ، ج 2، ص 424

۱۲۔ میزان الاصول، سمرقندی، علاء الدین ابوبکر محمد بن احمد حنفی، قاہرہ، 1418ھ، ص 453

۱۳۔ المیزان الکبریٰ، شعرانی، عبد الوہاب بن احمد بن علی، دار الفکر بیروت، ج 1، ص 82

۱۴۔ ابو حنیفہ، حیاتہ وعصرہ، آراؤہ وفقہہ، ابو زہرہ، محمد، دار الفکر العربی قاہرہ، ص 93

۱۵۔ طبقات الفقہاء، شیرازی، ابو اسحاق ابراہیم بن علی، بیروت لبنان، 1401ھ، ص 135

۱۶۔ مقدمہ ابن خلدون، ابن خلدون، عبد الرحمن، بیروت لبنان، 1413ھ، ص 144

۱۷۔ اخبار ابی حنیفہ واصحابہ، ابو عبد اللہ حسین، بیروت لبنان،

۱۸۔ کشف الاسرار، عبد العزیز بخاری، دار الکتب العلمیہ، بیروت لبنان، 1418ھ، ج 3، ص 386

۱۹۔ تذکرۃ الحفاظ، ابو عبد اللہ محمد بن احمد ذہبی، دار الفکر العربی، قاہرہ، ج 1، ص 78

۲۰۔ دراسات فی الحدیث النبوی، محمد مصطفیٰ، قاہرہ، 1403ھ، ص 124

۲۱۔ وفیات الاعیان، ابن خلکان، ابو العباس احمد بن محمد، بیروت، 1398ھ، ج 1، ص 212

۲۲۔ طبقات الفقہاء، شیرازی، ص 138

۲۳۔ تاریخ بغداد، الخطیب، ص 330

۲۴۔ التوضیح، عبید اللہ بن مسعود، ص 429

۲۵۔ صفۃ الصفوۃ، ابن جوزی، ابو الفرج عبد الرحمن بن علی، دار الفکر بیروت، 1412ھ، ج 3، ص 35

۲۶۔ المذاہب الاسلامیہ، محمد ابو زہرہ، مصر، ص 262

Scanned by CamScanner

[illegible] 1388ھ، [illegible] 321

[illegible] 2 [illegible] 692

[illegible] 1417ھ، ص 323

[illegible] 1390ھ، ص 137

[illegible]

1413ھ، ص 137

[illegible] 267

[illegible] 87

[illegible] 142

مصادر و مراجع

۱۔ [illegible]

۲۔ [illegible] بیروت لبنان

۳۔ [illegible] بیروت لبنان۔

۴۔ [illegible] مصر۔

۵۔ [illegible] 1403ھ۔

۶۔ [illegible] 1400ھ۔

۷۔ [illegible] بیروت، 1417ھ

۸۔ [illegible] 1388ھ۔

۹۔ [illegible] 1324ھ۔

۱۰۔ [illegible] بیروت لبنان، 1417ھ

۱۱۔ [illegible] مصر

Scanned by CamScanner

۱۲۔ المعارف، ابو محمد عبداللہ بن مسلم، دار الکتب العلمیہ، بیروت لبنان، 1380ھ۔

۱۳۔ الملل والنحل، علامہ شہرستانی، مطبعۃ [illegible]، مصر۔

۱۴۔ [illegible]، ابو محمد عبدالوہاب بن احمد بن علی، دار الفکر، بیروت لبنان۔

۱۵۔ [illegible]، [illegible]، دار الفکر العربی قاہرہ مصر، 1350ھ۔

۱۶۔ تاریخ الفلسفۃ فی الاسلام، محمد [illegible]، مکتبہ [illegible]، قاہرہ، 1934ء۔

۱۷۔ تاریخ بغداد، احمد بن علی خطیب، احیاء التراث الاسلامی، موصل عراق۔

۱۸۔ تاریخ مولد العلماء ووفیاتہم، ربعی، ابو سلیمان محمد بن عبداللہ، دار العاصمہ، ریاض، 1401ھ۔

۱۹۔ تذکرۃ الحفاظ، ابو عبداللہ محمد بن احمد ذہبی، دار الفکر العربی قاہرہ۔

۲۰۔ ترتیب المدارک، ابو الفضل عیاض بن موسیٰ، منشورات دار الآفاق الجدیدہ، بیروت لبنان۔

۲۱۔ سیر اعلام النبلاء، ذہبی، شمس الدین ابو عبداللہ محمد بن احمد، دار الفکر المعاصر، بیروت لبنان، 1401ھ۔

۲۲۔ صفۃ الصفوۃ، ابن جوزی، ابو الفرج عبدالرحمٰن بن علی، دار الفکر، بیروت لبنان، 1412ھ۔

۲۳۔ طبقات الفقہاء، شیرازی، ابو اسحاق ابراہیم بن علی، مؤسسۃ التاریخ العربی، بیروت لبنان، 1401ھ۔

۲۴۔ کشف الاسرار، عبدالعزیز بخاری، دار الکتب العلمیہ، بیروت لبنان، 1418ھ۔

۲۵۔ مقدمہ ابن خلدون، ابن خلدون، عبدالرحمٰن، دار الفکر، بیروت لبنان، 1413ھ۔

۲۶۔ میزان الاصول، سمرقندی، علاء الدین ابو بکر محمد بن احمد، حنفی، مکتبہ الکلیات الازہریہ، قاہرہ، 1418ھ۔

۲۷۔ وفیات الاعیان، ابن خلکان، ابو العباس احمد بن محمد، دار احیاء التراث العربی، بیروت لبنان، 1388ھ۔

Scanned by CamScanner

قرآنی محاورات اور اردو زبان

Idioms owe their existence to a particular environment and culture and their use creates a liveliness in the language. Here certain idioms have been studied which have been translated from the Holy Quran and have been used in Urdu language with equal facility and effect.

محاورات کا درست اور برمحل استعمال کسی بھی زبان کو حسین، دلکش اور جمیل بنا دیتا ہے۔ اس طرز ادا وابستگی سے قاری اور سامع محظوظ ہوتے ہیں۔ اس سے ان کے ذہن پر گہرا اثر پڑتا ہے۔ درست محاورات کا استعمال تحریر و تقریر میں حقیقتاً انشا پردازی اور زباندانی کی ایک ممتاز صفت ہے۔ کوئی بھی صاحب علم اس کی اہمیت کو نظر انداز نہیں کرسکتا۔

غور طلب بات یہ ہے کہ کسی بھی زبان کے محاورے اس زبان کے قواعد و ضوابط سے وابستہ ہوتے ہیں اور سوالی انداز سے یہ استعمال ہوتے ہیں۔ عربی زبان میں محاورات کی تاریخ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ عربی طرز میں بغیر کسی تبدیلی کے محاورات لکھے ملتے ہیں۔ ایسے ہی اردو زبان میں موجود ہے۔

کسی بھی ملک یا علاقے کی آب و ہوا، جغرافیائی طرز زندگی اور وہاں موجود انسانوں کے مزاج کی بنا پر زبان میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے۔ جیسا کہ ایک نسل کے انسان دوسری نسل کے انسانوں سے مختلف ہوتے ہیں۔ اسی لیے ان کی زبان میں

Scanned by CamScanner

اس ساخت اور مفہوم و معانی کی ادائیگی میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

اسی بنیادی اختلاف کی وجہ سے مختلف زبانوں کے حروف تہجی ادائیگی یا مخارج کے اعتبار سے مختلف ہوتے ہیں جیسا کہ عربی زبان اردو کے مقابلے میں بعض حروف "پ۔ ٹ۔ ڈ۔ ڑ۔ ژ۔ گ۔ چ۔ ھ" کی قرات کی متحمل نہیں ہو گی۔ کیونکہ عربی زبان حروف تہجی میں مخارج کی وجہ سے ایک منفرد زبان ہے۔ مثال کے طور پر "ث۔ ح۔ خ۔ ذ۔ ص۔ ض۔ ط۔ ظ۔ ع۔ غ۔ ق۔ ل۔ ا" جیسے حروف کے مخارج عربی زبان کو دوسری زبانوں سے ممتاز کرتے ہیں بلکہ ان میں سے بعض حروف دوسری زبانوں میں اپنے مخارج کو کھو دیتے ہیں۔ انگریزی زبان میں "ث" کی آواز "TH" سے نکلتی ہے۔ "چ" کی آواز "CH" سے نکلتی ہے۔

CH Charge Chaste

بعض اوقات یہی "CH" "ش" کی آواز دیتا ہے مثال کے طور پر

CH Chauffeur.

اسی طرح "خ" کی آواز "KH" سے آتی ہے۔

KH Khan khadder khadi

اور "غ" کی آواز "GH" سے آتی ہے۔

GH Ghost

اور "ش" کی آواز بعض اوقات "SH" اور کبھی "SHE" اور کبھی "Tion" سے آتی ہے۔

Nation Transmission

اردو زبان کے حروف تہجی سے پتا چلتا ہے کہ اس میں کثرت سے زبان کے الفاظ مستعمل ہوتے ہیں اور قابل ذکر بات یہ ہے کہ اردو شاعری کا عروضی اسلوب بھی مشتمل ہے۔ عروضی اوزان و صوتی حسن کے ساتھ استعمال کرنے اور انہیں معانی کی ترسیل کا وسیلہ بنانے

نئی زمین کم و بیش ہر شاعر کے ہاں ملتی ہے۔ یہ بات اتنی عام ہے کہ اس کے لیے مثالیں دینا طوالت اور محاورات کا باعث ہوگا۔ تاہم چند ایک اشعار ملاحظہ ہوں۔

۱۔ گھر کرنا ۔۔۔ مقیم ارادہ کرنا۔

چپکے سے وہ پاس تم کو آن کر
گھر کسی کو اٹھ مرے تو ہو جاؤ

۲۔ کوزے میں دریا بند کرنا طویل داستان کو مختصر بیان کرنا۔

اشعار میں دو دو سے معانی ہیں جب پیچ
دریا کو ہے کوزے میں جس طرح کوئی بند

۳۔ تین اور پانچ کرنا ۔۔۔ میں چوٹ لگانا۔

دو سے بچے میں وہ آتو آتش ہے ذاتی
ہر بات دیکھے تو تین اور پانچ ہو جائے

۴۔ قیل و قال ۔۔۔ بحث مباحثہ

دل شوق میں قیل و قال کافی
بھی قال سے ہو کر بھی نظر سے کے

اردو زبان کی قدر و قیمت اس امر سے عروج پر جا پہنچتی ہے کہ قرآن مجید کے الفاظ و محاورات اس زبان میں اس طرح سموئے گئے ہیں کہ ان میں عربیت کا شائبہ بھی نظر نہیں آتا۔

زبان کی خصوصیت اور امتیاز کو سمجھنے کے لیے اس کے محاورات کا جائزہ لینا لازم ہے۔ اس جائزے سے یہ پتا چلتا ہے کہ مختلف زبانوں میں محاوروں کی اہمیت و افادیت کا اندازہ کرنا ہے۔ اس سلسلے میں ایک مثال پیش ہے

ب۔ اردو زبان: "اول خویش بعد درویش"

عربی زبان: الاقرب فالاقرب

انگریزی زبان: Charity begins at home

ج۔ اردو زبان میں: اشرفیاں لٹیں کوئلوں پر مہر۔

عربی زبان میں: [illegible]

انگریزی میں: Penny wise pound foolish

د۔ اردو زبان میں: جس کی لاٹھی اس کی بھینس

عربی زبان میں: الحکم لمن غلب

انگریزی زبان میں: Might is right

ہ۔ اردو زبان میں: آپ مرے جگ پرلو

عربی زبان میں: من مات فقد قامت قیامتہ

انگریزی زبان میں: Death's day is a doom's day

و۔ اردو زبان میں: کہیں ہتھیلی پر سرسوں جمتی ہے۔

عربی زبان میں: [illegible]

انگریزی زبان میں: Rome was not built in a day

ز۔ اردو زبان میں: دام بنائے کام

عربی زبان میں: [illegible]

انگریزی زبان میں: Money makes the mare gold.

اب ایک جائزہ قرآنی محاورے اور اردو محاوروں کا۔

ا۔ فی القرآن: قرآن حکیم میں آتا ہے۔

"[illegible]"

Scanned by CamScanner

ترجمہ: منکروں کی نگاہیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی۔

اردو زبان میں یہ محاورہ اس طرح استعمال کیا جاتا ہے۔

"آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں۔"

قرآن کریم میں ہے "ثم لتبلغوا اشدکم" (حج ع ۱)

ترجمہ: تاکہ تم اپنی بھری جوانی تک پہنچ جاؤ۔

اردو میں استعمال کیا جاتا ہے۔ "بھری جوانی"

قرآن پاک میں ہے۔ "فاصبحت کالصریم" (ق ع ۱)

ترجمہ: وہ اجڑی رہ گئی جیسے کاٹ دی گئی ہو

اردو میں ہے کسی معاملے کے متعلق اجاڑ دینا۔

قرآن مجید میں ہے۔ "فبعدا للقوم الظالمین" (مومنون ع ۳)

ترجمہ: سو خدا کی مار ظالم لوگوں پر۔

اردو میں "خدا کی مار"

قرآن پاک میں ارشاد ہے "فلیمدد بسبب الی السماء" (حج ع ۲)

ترجمہ: "تو اس کو چاہیے کہ ایک رسی آسمان تک تان لے۔"

اردو زبان میں ہے۔ "آسمان تک رسی تانا"

قرآن مجید میں آیا ہے "اف لکم" (انبیاء ع ۵)

ترجمہ: تف ہے تم پر

اردو میں استعمال ہوتا ہے تف ہے تم پر

قرآن حکیم میں ہے "وتاللہ لاکیدن اصنامکم" (انبیاء ع ۵)

ترجمہ: خدا کی قسم میں تمہارے ان بتوں کی گت بناؤں گا۔"

اردو میں استعمال ہوتا ہے کہ "گت بنانا"

Scanned by CamScanner

۹۔ قرآن پاک میں ارشاد ہوا ہے: "فتبهتهم" (الانبیاء، ع ۳)

ترجمہ: پس بھونچکا کر دے گی ان کو۔

جب کہ اردو میں ہے وہ بھونچکا رہ گیا۔

۱۰۔ قرآن پاک میں آیا ہے: ولا تمدن عینیک (طٰہٰ، ع ۸)

ترجمہ: اے پیغمبر! آپ آنکھ اٹھا کر نہ دیکھیے۔

اردو میں استعمال کرتے ہیں کہ "آپ ہرگز آنکھ اٹھا کر نہ دیکھیے"

۱۱۔ قرآن حکیم میں ہے: فتشقیٰ (طٰہٰ، ع ۷)

ترجمہ: اے آدم! شیطان تمہارا دشمن ہے پھر ایسا نہ ہو کہ تم مصیبت میں پڑ جاؤ۔

جب کہ اردو میں استعمال ہوتا ہے۔ مصیبت میں پڑ جانا

۱۲۔ قرآن حکیم میں ارشاد ہے: "بل نقذف بالحق علی الباطل فیدمغه" (الانبیاء، ع ۲)

ترجمہ: بلکہ ہم حق کو باطل پر پھینک مارتے ہیں پس اس کا سر توڑ دیتا ہے۔

اردو میں ہے سر توڑ دینا، بھیجا نکال دینا۔

۱۳۔ قرآن پاک میں ہے: "لقد جئت شیئا فریا" (مریم، ع ۲)

ترجمہ: قوم نے مریمؑ سے کہا تو نے بڑے غضب کا کام کیا۔

اردو میں استعمال ہوتا ہے کہ تم نے بڑے غضب کا کام کیا۔

۱۴۔ قرآن میں ہے: "رجما بالغیب" (کہف، ع ۳)

بے تحقیق بات ہانک رہے ہیں۔

اردو میں ہم استعمال کرتے ہیں کہ وہ بے پر کی ہانک رہے ہیں۔

۱۵۔ قرآن پاک میں ارشاد آیا ہے: "فاصبح یقلب کفیه" (کہف، ع ۵)

ترجمہ: وہ ہاتھ ملتا رہ گیا۔

جب کہ اردو زبان میں بولا جاتا ہے وہ ہاتھ ملتا رہ گیا۔

Scanned by CamScanner

۱۰۔ قرآن مجید میں آیا ہے کہ "ومن یحلل علیہ غضبی فقد ہوی" (طٰہٰ ع ۴)

ترجمہ: اور جس پر میرا غضب اترا تحقیق وہ ہلاک ہو گیا گر رہا ہو۔

اردو زبان میں محاورہ اس طرح پیدا کیا ہے کہ غضب اترنا اور ہلاک ہو گیا گر رہا ہوتا۔

۱۱۔ قرآن حکیم میں اس طرح وارد ہوا ہے "واحیط بثمرہ" (کہف ع ۵)

ترجمہ: اس کے سامان محصول کو آفت نے آ گھیرا ہے۔

اردو زبان میں استعمال کیا جاتا ہے کہ اس کی دولت آفت میں گھر گئی۔

۱۲۔ قرآن مجید میں آیا ہے "اعرض ونا بجانبہ" (اسرائیل ع ۹)

ترجمہ: نعمت دیں کہ انسان منہ موڑ لیتا اور کروٹ پھیر لیتا ہے۔

اردو زبان میں کہا جاتا ہے کہ کسی شخص سے منہ موڑنا۔

۱۳۔ قرآن پاک میں ہے "واتخذوا آیاتی ورسلی ھزوا" (کہف ع ۱۲)

ترجمہ: کفار نے میری آیتوں اور رسولوں کو مذاق بنایا۔

اردو میں استعمال ہوتا ہے کہ اس نے دل لگی یا مذاق بنا رکھا ہے میری باتوں کو۔

۱۴۔ قرآن پاک میں آیا ہے "حتی جعلناھم حصیدا خامدین" (انبیاء ع ۲)

ترجمہ: یہاں تک کہ وہ ہم نے ان کو کٹی ہوئی کھیتی بجھی ہوئی آگ"

اردو زبان میں استعمال ہوتا ہے۔ کہ کٹی ہوئی کھیتی بجھی ہوئی آگ۔

۱۵۔ قرآن پاک میں ہے "اضغاث احلام" (یوسف ع ۵)

ترجمہ: پریشان خیالات

اردو زبان میں یہ بات عام ہے۔ پریشان خیالات

یہ ایک مختصر جائزہ ہے جس سے اردو عربی محاورات سے آگاہی حاصل ہوتی ہے اور ساتھ ہی ساتھ عربی اور صوفی محاوروں سے بھی مختلف زاویے سامنے آتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

مراجع

۱۔ قرآن مجید

۲۔ الادب [illegible] شوقی ضیف

۳۔ [illegible] المعرب [illegible]، فیروز سنز لمیٹڈ

۴۔ فیروز اللغات اردو جامع، فیروز سنز لمیٹڈ

۵۔ فیروز اللغات عربی اردو، فیروز سنز لمیٹڈ

۶۔ AL-MAWRID

A Modern English Arabic Dictionary by Munir Baalbaki, Dar-El-Ilm- Lil Malayen

۷۔ The Hans Wehr Dictionary of moman written Arabic.

Edited by J M. Cowan. 3rd edition

۸۔ المنجد فی اللغة والادب والعلوم، المطبعة الکاثولیکیة، بیروت

اسلام کا تصور شاعری

In the pre-Islamic era the Arab poets were known for their powers f description and a languagge to match their skill. It was bolstered by their creative and critical consciousness. Yet their content and the topics were not in accordance with Islamic values. Thus such poetry was considered wayward and without direction. In contrast the poets were encouraged during the Islamic era to be realistic and to acquire higher values of moral and social ethics. These are the topics of the article.

شعر لفظ "شعور" سے مشتق ہے اور اس کے لغوی معنی "جاننے" کے ہیں۔
اصطلاح میں شعر ایسا موزوں کلام ہے جو مقررہ اوزان اور بحور میں لکھا جاتا ہے۔ گویا شعر
لفظی اور معنوی طور پر موزوں کلام کا نام ہے۔ دور جاہلیت میں عرب کے لوگ کلام و بیان
اور شعر و شاعری میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ عربی زبان پر عبور اور اس کی فصاحت و بلاغت پر
دسترس کے باعث وہ خود پر ناز کیا کرتے تھے اور باقی قوموں کو "عجمی" یعنی "گونگے"
کہا کرتے تھے۔ مگر ان کی غالب شاعری میں اخلاقی گراوٹ بدرجہ اتم پائی جاتی تھی جو بے
خرافات، فحش خیالات کی بھرمار اور نفسانی خواہشات کی بھرمار تھی۔ اس دور کے شعراء میں

Scanned by CamScanner

حضرت حسان نے فوراً یہ شعر پڑھا

ان الجفنات الغر یلمعن فی الضحیٰ

واسیافنا یقطرن من نجدۃ دما

ترجمہ: "ہمارے پاس بڑے بڑے شفاف برتن ہیں جو چاشت کے وقت چمکتے ہیں اور ہماری تلواریں بلندی سے خون ٹپکاتی ہیں۔"

گویا اس شعر میں انہوں نے اپنے قبیلے کی جود و سخا اور شجاعت کا بیان کیا ہے۔ زمانے میں مروج تھا کہ اپنی قوم و قبیلے کی بڑائی اور حسب و نسب پر فخر کیا جائے۔ ... میں اور ان کی حیثیت پاتے تھے۔ یہ شعر سن کر نابغہ نے کہا: "یہ شعر ... بلندی سے گر گیا" پھر اس نے ان مقامات کی نشاندہی کی۔

۱۔ "جفنات" کا لفظ دس سے کم پر بولا جاتا ہے۔ اس کے بجائے مناسب لفظ "جفان" تھا۔

۲۔ "غر" کے معنی "پیشانی کی سفیدی" کے ہیں۔ اس کی جگہ لفظ "بیض" ہوتا تو زیادہ بہتر تھا۔

۳۔ "یلمعن" عارضی چمک کو کہا جاتا ہے۔ یہاں "یشرقن" لایا جاتا تو بہت مناسب رہتا۔

۴۔ "الضحیٰ" کی نسبت "الدجیٰ" زیادہ موزوں تھا، کیونکہ روشنی سیاہی میں زیادہ اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔

۵۔ "اسیاف" کا اطلاق جمع قلت پر ہوتا ہے۔ اس کے بجائے "سیوف" استعمال کرنا چاہیے تھا۔

۶۔ "یقطرن" میں وہ خوبی نہیں پائی جاتی جو "یسلن" میں ہے۔ لہٰذا "یقطرن" کے بجائے "یسلن" زیادہ مناسب تھا۔

۷۔ "دم" کی جگہ "دماء" ہونا چاہیے تھا، اس لیے کہ اس میں کثرت کے معنی پائے جاتے ہیں۔

گویا یوں شعر کو موزوں حالت میں اس طرح ہونا چاہیے تھا۔

لنا الجفان البیض یشرقن فی الدجیٰ

وسیوفنا یسلن من نجدۃ دماء

Scanned by CamScanner

حضرت حسانؓ نے شعراء کے یہ اعتراضات سنے اور انہیں جائز اور مقدم جانتے ہوئے

خاموش رہے۔

اوپر والا اقتباس جہاں عربوں کی شاعری کے بلند پایہ ذوق کی ترجمانی ہے وہاں یہ بھی ظاہر کرتی ہے کہ ظہور اسلام سے قبل شاعری کس قدر اخلاقی اقدار سے محروم تھی اور شاعری کے معیار میں ذاتی تعریف و توصیف سے مملو تھے۔ پھر اسلام کی آمد کے بعد جہاں زندگی کے دوسرے شعبوں میں جہاں انقلاب برپا ہوا وہاں شاعری پر بھی اسلام نے اپنے دوررس اثرات مرتب کیے۔ اسلام نے عربوں کے ذہنوں میں جو شعلہ تھا قائم کیا جس کی بدولت ان کی سوچوں میں پاکیزگی پیدا ہوئی اور روحانی احساسات کو فروغ حاصل ہوا۔ اسلام نے عربوں کی ذہنی تربیت سازی کی۔ اسلامی تعلیمات کے ماخذ میں قرآن مجید اور نبی اکرم ﷺ کا اسوۂ حسنہ شامل ہے۔ قرآن مجید نے شعر و شاعری کے حوالے اپنی تعلیمات پیش کی ہیں۔ قرآن حکیم میں جو شعراء کی جیت اگر نہ ایسے الفاظ میں واضح کیا گیا بلکہ انہیں بے کار، خود غرض کی تعریف، بیہودگی میں بھٹکنے والے ہے اور وہ قول و فعل میں مطابقت نہ رکھنے والے اور گمراہ کرنے والے کہا گیا ہے۔ ان تمام بیانات کی دلیل سورۃ شعراء کی آیت نمبر ۲۲۴ ہے جس میں خداوند تعالیٰ فرماتا ہے۔

ترجمہ: ""کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ شاعر ایک ایک وادی میں سرگرداں پھرتے ہیں اور وہ کہتے ہیں جو کرتے نہیں۔""

یہ مندرجہ بالا آیت ان شعراء کا احاطہ کرتی ہے جو مدح و ذم میں اصول و ضوابط کی بجائے ذاتی پسند و ناپسند کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں ان میں غلو سے بھی کام لیتے ہیں اور وہ جو کہ شاعرانہ تخیلات میں بھی بھٹکتے پھرتے ہیں بے اصول مدح و ذم کرتے ہیں۔ وہ خود بھی گمراہ ہیں اور دوسروں کو بھی گمراہ کرتے ہیں۔ وہ ایمان کے نور سے محروم ہوتے ہیں نیز ان کے قول و فعل میں تضاد پایا جاتا ہے۔

Scanned by CamScanner

یہاں قرآن نے شعراء کو مستثنیٰ قرار دیا جو قرآنی نظریات کے تحت شاعری کرتے ہیں۔ سورۃ شعراء کی ۲۲۷ویں آیت میں مذکور ہے۔

ترجمہ: ”سوائے ان شعراء کے جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے اور کثرت سے خدا کو یاد کیا۔“

اس آیت میں مراد ایسے شعراء کی ہے جو صاحب ایمان، پاکردار اور باعمل ہوں وہ ایسے اشعار نہیں کہتے جو انہیں ذکر الٰہی سے غافل کر دیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا اور نبی کریم حضور رسول ﷺ کی نعت، اصحاب کرام، اولیاء امت کی مدح، محبت، وعظ و نصیحت اور زہد و ادب ان کے اشعار کا خاصہ ہوتا ہے۔ ان کی شاعری صداقت اور حقائق پر مبنی ہوتی ہے۔ ایسی شاعری سے نیکی اور بھلائی کے جذبات ابھرتے ہیں۔ یہ لوگ ملی جذبے سے سرشار ہوتے ہیں اور اپنی شاعری میں ایک مقصد رکھتے ہیں۔

قرآن کی تعلیمات نے شعراء کے کردار و رویے متعین کر دیے۔ شعر و شاعری والے حریص و منافقت سے تحریرات کی۔ پاک ﷺ کے اسوہ اور ان کی احادیث سے ملتے ہیں۔ نبی پاک ﷺ کے کردار و عادات کے متعلق حضرت عائشہ سے یہ قول مروی ہے

”آپ ﷺ کی عادت قرآن تھی“

یعنی آپ ﷺ نے کبھی کوئی بات یا عمل ایسا نہیں کیا جو قرآنی تعلیمات سے متصادم ہو۔ آپ ﷺ نے اپنی تبلیغ کے دوران قرآنی احکامات کو عام کرنے کی بھرپور جدوجہد کی۔ تب خدائے بزرگ و برتر کے نازل کیے ہوئے وحی کلام کی بے نظیر فصاحت و بلاغت، حسن بیان، ندرت الفاظ، ربط و تسلسل اور معنوی گہرائی کے سبب مرعوب و مبہوت ہو کر عرب قبائل نے حضور ﷺ کو شاعر کہہ دیا اور قرآن مجید کی آیات کو شاعری قرار دینے کی سعی مذموم کی۔ ان کا یہ طرز عمل اس دور کے شاعرانہ معاملات کا مظہر تھا لیکن رب العزت نے واشگاف لفظوں میں قرآن مجید میں اس باطل نظریے کی تردید فرمائی۔ سورۃ یٰس آیات نمبر ۶۹ اور ۷۰ میں خدا تعالیٰ یوں ارشاد فرماتا ہے۔ ترجمہ: ”ہم نے اپنے پیغمبر کو شعر کہنا کوئی

Scanned by CamScanner

نہیں سکھایا۔ نہ یہ آپ ﷺ کے شایان شان ہے۔ یہ قرآن تو ذکر (یاددہانی) اور مبین
(کھول کر بیان) اور واضح حقیقتوں کا پرچار/اعلان ہے تاکہ ہمارا رسول زندگی سے بھرپور
والے لوگوں کو ہوشیار اور حقیقت کو چھپانے والے کافروں پر اتمام حجت کرے۔"

اس قرآنی دلیل کے بعد عرب کے شعراء نے اپنے گروہ کی نظریات میں ترمیم
کی۔ اس کی مثال اس طرح سے ہے۔ جب سورۃ کوثر نازل ہوئی جو کہ قرآن مجید کی سب
سے مختصر ترین سورت ہے تو حضرت علیؓ نے اسے خانہ کعبہ پر آویزاں کر دیا۔ عرب کے
ایک بڑے شاعر نے اسے پڑھ کر بے ساختہ کہا "ما هذا كلام البشر" ترجمہ "یہ کسی انسان
کا کلام نہیں"

یوں اس شاعر نے شہادت دی کہ قرآن انسان یعنی نبی کریم ﷺ کا وضع کردہ نہیں اور
نہ ہی شاعری ہے۔

آپ نے زندگی کے ہر شعبے میں قرآنی تعلیمات کے حامل نظریات قائم کیے
ہیں۔ چنانچہ شاعری میں بھی واضح نظریہ آپ ﷺ کی ذات مبارکہ سے ملتا ہے۔ اور آپ
حدیث مبارکہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

ترجمہ: شعر کلام کی ایک قسم ہے اگر اس میں بیان کردہ مضمون اچھا ہے تو شعر بھی اچھا ہے
اور اگر اس کے بُرا مضمون ہے تو بُرا کہا جائے گا۔"

اسی طرح حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے آباؤ اجداد کی روایت کو آگے بڑھاتے
